★★★ پاک سرزمین کا نظام......قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 15 | منگل 27 ذی الحج 1446ھ، 24 جون 2025ء، 11 ھاڑ 2082پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 219

روٹ 47 صرف ایک سڑک نہیں بلکہ پنجاب کے روشن اور پائیدار مستقبل کی جانب ایک اور اہم قدم ہے، مریم نواز

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا لاہور شہر کے مختلف ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کا دورہ

سی بی ڈی کی جانب سے مکمل کیے گئے نئے "روٹ "47 اور والٹن روڈ پر تعمیر شدہ اوور ہیڈ فلائی اوور کا معائنہ بھی کیا۔ وزیر اعلیٰ نے "روٹ "47 کو عوام کے لیے کھولنے کا باقاعدہ افتتاح کیا

یہ جدید طرز پر تعمیر کی گئی شاہراہ 4.5 کلومیٹر طویل، دو طرفہ اور تین رویہ ہے، جو کلمہ چوک کو والٹن سے جوڑتی ہے، اس جدید منصوبے کا ایک اور اہم پہلو فلائی اوور پر نصب 912 سولر پینلز ہیں، جو ایک میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں

لاہور (زیڈ این این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لاہور شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے سی بی ڈی کی جانب سے مکمل کیے گئے نئے "روٹ "47 اور والٹن روڈ پر تعمیر شدہ اوور ہیڈ فلائی اوور کا معائنہ بھی کیا۔ وزیر اعلیٰ نے "روٹ "47 کو عوام کے لیے کھولنے کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ یہ جدید طرز پر تعمیر کی گئی شاہراہ 4.5 کلومیٹر طویل، دو طرفہ اور تین رویہ ہے، جو کلمہ چوک کو والٹن (بقیہ نمبر 1)

جیکب آباد: وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

امریکی بمباری سے افزودہ یورینیم محفوظ ہے، مشیر علی خامنہ ای

تہران (این این آئی) ایرانی سپریم لیڈر علی خامنہ ای کے مشیر علی اکبر ولایتی نے اتوار کو اعلان کیا کہ ایرانی جوہری تنصیبات پر امریکی بمباری کے بعد کھیل ختم نہیں ہوا، عرب ٹی وی کے مطابق پیر کو جاری ایک بیان میں انہوں نے انکشاف کیا کہ (بقیہ نمبر 2)

بیوہ خواتین کو ہمدردی نہیں، حق اور سہارا دے رہے ہیں، مریم نواز

بیوہ خواتین کو "اپنی چھت" پروگرام، اسکالرشپ اور سوشل ویلفیئر کے ذریعے سہارا دیا جا رہا ہے

اسلام نے بیوہ خواتین کو عزت دی، حکومتی اقدامات انہیں باوقار زندگی دینے کا عزم ہیں، پیغام

لاہور (زیڈ این این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بیوہ خواتین کے عالمی دن کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ دین اسلام نے بیوہ خواتین کو عزت، تحفظ اور مکمل حقوق دینے کی تعلیم دی ہے۔ ایک مہذب معاشرہ وہی ہوتا ہے جو اپنے کمزور طبقات، خصوصاً بیوہ خواتین کو سہارا دے (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قومی سلامتی کمیٹی کی ایران پر حملوں کی مذمت، مکمل حمایت کا اعادہ

قومی سلامتی کمیٹی کا ایرانی جوہری تنصیبات پر حملوں کے بعد بگڑتی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار، پاکستان خطے میں امن و استحکام کو فروغ دینے کے لیے اپنی کوششیں اور اقدامات جاری رکھے گا، اعلامیہ جاری

حملے بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کی قراردادوں، عالمی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی سنگین خلاف ورزی ہیں، تنازع کو اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق بات چیت اور سفارت کاری کے ذریعے حل کیا جائے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں ایران پر اسرائیلی جارحیت کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی جبکہ پاکستان نے ایران کی جانب سے دفاع کی بھرپور توثیق کی ہے۔ وزیر اعظم کی زیر صدارت ہونے والے قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں

امریکہ نے ایران کی خودمختاری کی خلاف ورزی کی، خلیجی ممالک

تمام فریقین مذاکرات کی میز پر آجائیں، جی سی سی، امارات، سعودیہ، قطر، عمان کا ردعمل

ریاض (این این آئی) خلیجی ریاستوں نے ایران کی خودمختاری کی خلاف ورزی کی مذمت کرتے ہوئے امریکہ کی جانب سے تین ایرانی جوہری تنصیبات اصفہان، نطنز اور فردو کو "ٹد" (بقیہ نمبر 9)

ایران کی جوہری تنصیبات پر حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، پاکستانی مندوب عاصم افتخار

پاکستان یو این چارٹر کے مطابق عالمی امن اور سلامتی کے فروغ کے لیے اپنی ذمہ داریوں کو نبھاتا رہے گا

پاکستان ایران کے حق دفاع کی بھرپور حمایت کرتا ہے، سفارتکاری سے حل نکالا جائے، سلامتی کونسل میں خطاب

نیویارک (سٹاف رپورٹر) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ہنگامی اجلاس میں پاکستانی مستقل مندوب، عاصم افتخار نے پاکستان کے اصولی موقف کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان یو این چارٹر کے مطابق عالمی امن اور سلامتی کے فروغ کے لیے اپنی ذمہ داریوں کو نبھاتا رہے گا۔ عاصم افتخار نے سلامتی کونسل کے ارکان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ اجلاس میں کونسل کے ارکان نے کشیدگی کے بڑھنے کی صورت میں خطرات سے خبردار (بقیہ نمبر 5)

ملتان: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی ملک جاوید کھوکھر کے صاحبزادے کی دعوت ولیمہ میں شریک ہیں

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا ایران میں نظام حکومت کی تبدیلی کا مطالبہ

امریکی B-2 طیارے میزوری میں بحفاظت لینڈ کر گئے، ہم نے ایک شاندار فوجی کامیابی حاصل کی ہے

واشنگٹن (سٹاف رپورٹر) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران میں نظام حکومت کی تبدیلی کا اشارہ دے دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اپنے بیان میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ موجودہ ایرانی حکومت ایران کو عظیم نہیں بنا سکتی تو رجیم چینج کیوں نہیں ہونا چاہیے؟ رجیم چینج کی اصطلاح کا استعمال (بقیہ نمبر 13)

قومی اسمبلی اجلاس کے دوران حکومتی اور اپوزیشن ارکان میں ہاتھاپائی

اسلام آباد (این این آئی) (بقیہ نمبر 12)

وزیر اعظم شہباز شریف ڈونلڈ ٹرمپ کو نوبیل انعام دینے کی سفارش واپس لیں، لیاقت بلوچ

اسلام آباد (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا (بقیہ نمبر 11)

لاہور: سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی آئی جی جیل خانہ جات کے دفتر میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صاف پانی کی فراہمی، پنجاب کا 3 ہزار اسکول و مدارس میں واٹر فلٹریشن پلانٹس لگانے کا فیصلہ

تین مدارس اور 3 اسکولز میں پراجیکٹ شروع کرنے کیلئے چیک دیدیئے گئے ہیں

روٹ 47 صرف ایک سڑک نہیں بلکہ پنجاب کے روشن اور پائیدار مستقبل کی جانب ایک اور اہم قدم ہے، وزیر اعلیٰ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صاف پانی کی فراہمی کے لئے اہم فیصلہ کرتے ہوئے صوبہ بھر کے تین ہزار اسکول و مدارس میں واٹر فلٹریشن پلانٹ لگانے کا اعلان کر دیا۔ محکمہ ہاؤسنگ (بقیہ نمبر 6)

وزیر اعظم شہباز شریف سے ایرانی سفیر کی اہم ملاقات، علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) ایران کے پاکستان میں متعین سفیر رضا امیری مقدم وزیر اعظم ہاؤس پہنچے اور وزیر اعظم شہباز شریف سے اہم ملاقات کی جس میں ایران اور اسرائیل کے درمیان (بقیہ نمبر 7)

ایرانی پارلیمنٹ نے آبنائے ہرمز بند کرنے کی منظوری دیدی

21 ملین بیرل سے زیادہ تیل روزانہ آبنائے ہرمز سے گزرتا ہے، رپورٹ

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمنٹ نے آبنائے ہرمز کو بند کرنے کی منظوری دے دی ہے اور اس اقدام کا حتمی فیصلہ ملک کے اعلیٰ ترین سیکیورٹی ادارے کی منظوری سے مشروط ہے (بقیہ نمبر 10)

عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے سرکٹ ہاؤس گنداواہ میں کھلی کچہری کا انعقاد

گنداواہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے احکامات اور چیف (بقیہ نمبر 14)

اوستہ محمد پولیس کی کارروائی، ملزم گرفتار، منشیات برآمد کرلیں

اوستہ محمد (این این آئی) اوستہ محمد پولیس کی کارروائی ایک ملزم کو گرفتار کر کے منشیات برآمد کر لیں، پولیس کے مطابق ایس پی اوستہ محمد کی خصوصی ہدایات اور ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد ا (بقیہ نمبر 15)

غزہ: شمالی غزہ کی پٹی میں انسانی امداد کے منتظر لوگوں کو نشانہ بناتے ہوئے اسرائیلی فضائی حملوں میں ہلاک ہونے والے فلسطینیوں کے جنازے میں شہری اور رشتہ دار شریک ہیں

امریکا کے بعد اسرائیلی فوج کا بھی ایران کے فردو ایٹمی پلانٹ پر حملہ

ایران کی جوہری تنصیب فردو پر حملہ کر دیا، دھماکوں کی آوازیں سنائی دیں، اسرائیلی فوج نے 6 ہوائی اڈوں پر حملے کر کے 15 طیارے تباہ کرنے کا دعویٰ بھی کیا

تہران میں یونیورسٹی اور جیل پر بمباری کی، ایران نے 10 اہلکار شہید ہونے کی تصدیق کر دی۔ اسرائیل نے ایران پر حملوں میں ہر حد پار کرتے ہوئے ایران کی ایٹمی سائٹ فردو پر حملہ کیا

مقبوضہ بیت المقدس، تہران (ویب ڈیسک) امریکا کے بعد اسرائیلی فوج نے بھی ایران کی جوہری تنصیب فردو پر حملہ کر دیا، دھماکوں کی آوازیں سنائی دیں، اسرائیلی فوج نے 6 ہوائی اڈوں پر حملے کر کے 15 طیارے تباہ کرنے کا دعویٰ بھی کیا اور تہران میں یونیورسٹی اور جیل پر بمباری کی، ایران نے 10 اہلکار شہید ہونے کی تصدیق کر دی۔ اسرائیل نے ایران پر حملوں میں ہر حد پار کرتے ہو (بقیہ نمبر 16)

غلام صفدر شاہ ڈی جی نیب لاہور تعینات، نوٹیفکیشن جاری

احترام ڈار کی ریٹائرمنٹ کے بعد غلام صفدر شاہ کو ڈی جی نیب لاہور تعینات کیا گیا

لاہور (زیڈ این این) قومی احتساب بیورو (نیب) نے غلام صفدر شاہ کو ڈائریکٹر جنرل نیب لاہور تعینات کر دیا ہے۔ نیب ہیڈکوارٹرز اسلام آباد کی جانب سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری (بقیہ نمبر 22)

میانمار کی یانگون یونیورسٹی میں پہلی بار چینی زبان کی مہارت کے امتحان کا انعقاد

یانگون (شِنہوا) میانمار کی معروف یانگون یونیورسٹی میں لے ہوا بین الاقوامی تعلیمی مرکز کے زیر اہتمام پہلی بار ہان یوشوئی پھنگ (بقیہ نمبر 21)

وزیر اعلیٰ سندھ کا اسمبلی میں خطاب، قومی یکجہتی اور بلاول بھٹو کے کردار کو سراہا

سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 12 فیصد اور پنشن میں 8 فیصد اضافہ کیا، مراد علی شاہ

تنخواہوں میں 10 سے 12 فیصد اور پنشن میں 8 فیصد اضافہ کیا ہے

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے سندھ اسمبلی کے اجلاس میں اپنے خطاب کے دوران پاکستان کی حالیہ صورتحا (بقیہ نمبر 19)

جھوٹ کی بنیاد پر ایران پر حملہ کیا گیا، بلاول بھٹو زرداری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ جھوٹ کی بنیاد پر ایران پر حملہ کیا گیا، ایران کی نیوکلیئر سائٹس پر حملوں کی سخت مذمت کرتے ہیں۔ قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران خطاب کرتے (بقیہ نمبر 18)

او آئی سی کے سیکرٹری جنرل شبیر احمد شاہ کی جان بچانے کیلئے مداخلت کریں، محمود ساغر

شبیر احمد شاہ کو کینسر کی تشخیص ہوئی ہے اور 2017 میں گرفتاری کے بعد سے نئی دہلی کی تہاڑ جیل میں نظر بند ہیں

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی نے اسلامی تعاون تنظیم کے سیکرٹری جنرل حسین ابراہیم طحہ کی توجہ پارٹی کے چیئرمین شبیر ا (بقیہ نمبر 17)

ٹیکس قوانین میں بہتری لارہے ہیں، صنعتی پالیسی کا اعلان جلد کیا جائے گا، وزیر خزانہ

15 سال تک ذاتی رہائش پر ودہولڈنگ ٹیکس نہیں ہوگا، حکومتی سیکیورٹی پر سرمایہ کاری پر 20 فیصد ٹیکس ہوگا، حکومتی سیکیورٹی پر سرمایہ کاری پر 20 فیصد ٹیکس ہوگا

کاروباری ماحول میں بہتری لا رہے ہیں، صنعتی پالیسی کا جلد آغاز کیا جائے گا، ٹیکس کی تعمیل اور بنیاد میں وسعت پر توجہ دی جا رہی ہے، سولر پینلز ٹیکس کی شرح 10 فیصد ہوگی، قومی اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ایف بی آر کو حاصل اختیارات کا دوبارہ جائزہ لیا گیا اور 5 کروڑ تک کے کیسز میں عدالتی وارنٹ کے بغیر گرفتاری نہیں ہو سکے گی، 75 سال سے زائد عمر کے افراد ٹیکس سے مستثنیٰ ہیں، ایک کروڑ سے زائد پنشن پر ٹیکس ہوگا، 15 سال تک ذاتی رہائش پر ودہولڈنگ ٹیکس نہیں ہوگا، حکومتی سیکیورٹی پر سرمایہ کاری پر 20 فیصد ٹیکس (بقیہ نمبر 23)

پنجاب کے مختلف اضلاع میں پری مون سون بارشیں، مزید بارشوں کا امکان

لاہور، گجرانوالہ، سیالکوٹ، میانوالی سمیت کئی شہروں میں بارش، 23 جون تک سلسلہ جاری

پی ڈی ایم اے کی شہریوں کو احتیاطی تدابیر اپنانے، آسمانی بجلی سے بچاؤ کی ہدایت

لاہور (زیڈ این این) ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب کے مختلف اضلاع میں پری مون سون بارشیں ریکارڈ کی گئیں، جن سے موسم خوشگوار ہو گیا ہے۔ لاہور ایئرپورٹ کے علاقے میں سب سے زیادہ 37 ملی میٹر جبکہ باقی شہر میں 4 ملی میٹر با (بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری وزارت کے اسٹریٹجک روڈ میپ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سعودی عرب 2024 میں سیاحوں اور اخراجات کے نئے ریکارڈ قائم

مسلسل دوسرے سال سیاحوں کی مجموعی تعداد 10 کروڑ سے تجاوز کر گئی، وزارت سیاحت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں سیاحت کے شعبے نے 2024 میں نمایاں ترقی کی ہے، جہاں مملکت میں آنے والے ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کی تعداد 116 ملین تک پہنچ (بقیہ نمبر 24)

لاہور: سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی آئی جی جیل خانہ جات کے دفتر کے دورہ کے موقع پر قیدیوں کی تیار کردہ مصنوعات کا جائزہ لے رہے ہیں

بجو دیوان نے ضلعی آفس اور تین نئی برانچز کا افتتاح کر دیا

کراچی (این این آئی) پاک مسلم الائنس دیوان کے بانی و چیئرمین، قائد بجو عبدالقادر دیوان نے مرکزی قیادت، پبلک ایڈ کمیٹی اور یوتھ و (بقیہ نمبر 25)

سول ڈیفنس کی ڈسٹرکٹ پریس کلب کوٹلی میں تربیتی ورکشاپ

کوٹلی (این این آئی) سول ڈیفنس کی ڈسٹرکٹ پریس کلب کوٹلی میں تربیتی ورکشاپ، کسی بھی ناگہانی ایمرجنسی کی صورت میں حالات (بقیہ نمبر 26)

چینی طبی ٹیم کی جانب سے بوٹسوانا کے بچوں کو طبی معاونت کی فراہمی

گیبورون (شِنہوا) چین کی طبی ٹیم کے 17 ویں دستے نے جنوبی افریقی ملک بوٹسوانا کے دارالحکومت گیبورون کے نواحی علاقے تلوک وینگ میں واقع ایس او ایس چلڈرنز ولیج میں مفت طبی خدمات فراہم کیں اور عطیات بھی دیے۔ (بقیہ نمبر 27)

مراکش: وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، چیئرمین ایچ ای سی ڈاکٹر مختار احمد کے ہمراہ، آج چھٹے وائس چانسلرز فورم کے دوران پاکستان کی جانب سے اسکالرشپ کا اعلان ڈی جی آئی سی ای ایس سی او سلیم ایم الملاک کو پیش کر رہے ہیں

غلط ریڈنگ لینے والے میٹر ریڈرز سے چھٹکارا، وزیر اعظم نے اپنا میٹر، اپنی ریڈنگ ایپ کی منظوری دیدی

نئی ڈیجیٹل ایپ اپنا میٹر، اپنی ریڈنگ جلد متعارف کرائی جائے گی، جس کے ذریعے صارفین خود اپنی بجلی کی ریڈنگ اپ لوڈ کر سکیں گے

اقدام صارفین کو اوور بلنگ، بدعنوانی اور ریڈنگ کی درستگی سے متعلق مسائل سے نجات دلانے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف نے ملک بھر میں بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) سے میٹر ریڈرز کا کردار ختم کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ اس مقصد کے لیے نئی ڈیجیٹل ایپ اپنا میٹر، اپنی ریڈنگ جلد متعارف کرائی جائے گی، جس کے ذریعے صارفین خود اپنی (بقیہ نمبر 31)

لیسکو کی ریکوری مہم تیز، عملہ ہفتے و اتوار کو بھی ڈیوٹی پر موجود ہوگا

جون کے مہینے میں 100 فیصد ریکوری کو یقینی بنایا جائے گا' ڈائریکٹر کسٹمر سروسز

ذرائع کے مطابق ریکوری عملے کی ہفتہ اور اتوار کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) حکام نے رواں ماہ کے ریکوری ٹارگٹ کو ہر صورت مکمل کرنے کے لئے تمام فیلڈ افسران اور ریکوری سٹاف کو سخت ہدایات جاری کر دیں۔ ذرائع کے مطابق ریکوری عملے کی ہفتہ اور اتوار کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں

نوجوانوں سے جو وعدہ کیا تھا وہ پورا کر دیا گیا ہے، سردار عامر الطاف خان

مظفرآباد (این این آئی) وزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن اور مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما سردار عامر الطاف خان نے کہا ہے کہ نوجوانوں سے جو وعدہ کیا تھا وہ پورا کر دیا گیا ہے ہم نے جرمن جاپانی اور کورین زبانوں میں تربیتی پروگرام کا آغاز کر دیا ہے

سیکرٹری داخلہ پنجاب کا آئی جی جیل خانہ جات دفتر کا دورہ، اہم فیصلے

قیدیوں کے لیے یونیفارم، صاف پانی، آن لائن ملاقات، سیکورٹی و تربیتی اقدامات کا اعلان

ڈینگی مہم، واٹر پلانٹس، اوپن ایئر جم، شہداء پیکیج اور نئی بھرتیوں پر خصوصی ہدایات جاری

لاہور (زیڈ این این) سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے آئی جی جیل خانہ جات میاں فاروق نذیر کے دفتر کا دورہ کیا اور ایک اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کی جس میں جیل ا (بقیہ نمبر 30)

محکمہ جیل کے شہید ملازمین کے پیکیج کو پنجاب پولیس کے برابر لانے کا فیصلہ

جیلوں میں امن و امان کو برقرار رکھنے، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے ربڑ کی گولیاں، آنسو گیس کی خریداری کی جائے گی

استعداد میں اضافے کیلئے 200 اہلکاروں کو پاک فوج سے ڈرل انسٹرکٹر کی تربیت دلوائی جائے گی' سیکرٹری داخلہ کی زیر صدارت اجلاس

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ جیل کے شہید ملازمین کے پیکیج کو پنجاب پولیس کے برابر لانے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب احمد جاوید قاضی کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ جیلوں میں امن و امان کو برقرار رکھنے اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے ربڑ کی گولیاں اور آنسو گیس کی خریداری کی جائے گی، استعداد میں اضافے کیلئے 200 اہلکاروں کو پاک فوج سے ڈرل انسٹرکٹر کی تربیت دلوائی جائے گی، تمام جیلوں کی مین وال کیساتھ (بقیہ نمبر 28)

کابینہ کمیٹی کا لاہور میں محرم جلوس کے روٹ، مقامات کا تفصیلی دورہ

سیکورٹی، سبیل، کوآرڈی نیشن اور رضا کاروں کی فراہمی پر خصوصی انتظامات مکمل کر لیے گئے

نثار حویلی، کربلا گامے شاہ کا دورہ، دورے کے دوران امن کمیٹی اور علما بھی ہمراہ موجود رہے

لاہور (زیڈ این این) پنجاب کابینہ کمیٹی برائے امن و امان نے لاہور میں محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ، نثار حویلی اور کربلا گامے شاہ کا تفصیلی دورہ کیا۔ وزیر صحت و چیئرمین کمیٹی خواجہ سلمان رفیق اور صوبائی وزیر بلال یاسین نے موقع پر انتظامات کا جائزہ لیا۔ کابینہ کمیٹی کے ہمراہ سیکر (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد: اسلام آباد اولمپک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ورلڈ اولمپک ڈے 2025 کے موقع پر راول جھیل پر منعقدہ تقریب کے دوران شرکاء گروپ فوٹو لے رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

محکمہ جیل کے شہید ملازمین کے پیکیج کو پنجاب پولیس کے برابر لانے کا فیصلہ

لاہور (کرائم رپورٹر) محکمہ جیل کے شہید ملازمین کے پیکیج کو پنجاب پولیس کے برابر لانے کا فیصلہ، خواتین اسیران سے ان کی بچوں کی خصوصی ملاقات کروائی جائے گی، سیکرٹری داخلہ احمد جاوید قاضی کی زیر صدارت اجلاس، قیدیوں کی سہولت کیلئے قیدی یونیفارم کی تعداد میں اضافے کا فیصلہ کیا گیا۔ سیکرٹری داخلہ احمد جاوید قاضی کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ جیلوں میں امن و امان کو برقرار رکھنے اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ربڑ کی گولیاں اور آنسو گیس کی خریداری کی جائے گی۔ استعداد میں اضافے کیلئے 200 اہلکاروں کو پاک فوج سے ڈرل انسٹرکٹر کی تربیت دلوائی جائے گی۔ تمام جیلوں کی مین وال کیساتھ جیل کے اندر گشت کیلئے 100 موٹر سائیکلز خریدی جائیں گی۔ سیکرٹری داخلہ نے ہدایت کی کہ اسیران سے ملاقات کیلئے ایڈوانس آن لائن بکنگ سسٹم کو جلد فعال کیا جائے

شیراکوٹ پولیس ناکہ توڑ کر فرار ہونیوالے 2 شہریوں پر مقدمہ درج

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور مجاہد سکواڈ داخلی و خارجی راستوں پر کڑی نگرانی کا عمل جاری، ناکہ شیراکوٹ پولیس ناکہ توڑ کر فرار ہونیوالے 2 شہریوں پر مقدمہ درج کر لیا۔ ترجمان کے مطابق انچارج ناکہ شیراکوٹ نے سیاہ شیشوں والی گاڑی کو مشکوک جان کر رکنے کا اشارہ کیا، ڈرائیور تیز رفتاری سے ناکہ کو توڑتے ہوئے فرار ہو گیا، شیراکوٹ کی بیک اپ ٹیم نے گاڑی کو ٹول پلازہ پر راؤنڈ اپ کر لیا اس دوران شہری انچارج ناکہ و جوانوں سے الجھ پڑے اور شدید مزاحمت کی پولیس نے گاڑی قبضہ میں لے کر محسن، فضل کو گرفتار کر کے ان کیخلاف کار سرکار میں مداخلت پر تھانہ شیراکوٹ میں مقدمہ درج کر لیا

لاہور شہر میں ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی متحرک گینگ گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی ڈی چوہنگ نے لاہور شہر میں ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی متحرک گینگ گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق کرائم فری پنجاب کا مشن سی سی ڈی کی جرائم پیشہ افراد کے خلاف پنجاب بھر میں کارروائیاں جاری ہیں گزشتہ روز سی سی ڈی چوہنگ نے شارع عام اور پوش علاقہ جات میں ڈکیتی کی وارداتیں کرنے والے 3 ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے لاکھوں روپے نقدی، موبائل فونز اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا ترجمان کا۔ مزید کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان نے ابتدائی تحقیقات میں درجنوں وارداتوں کا انکشاف کیا ہے

صوبائی دارالحکومت میں ناکوں کے باوجود ڈاکے ہی ڈاکے

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں ناکوں کے باوجود ڈاکے ہی ڈاکے شہر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 280 وارداتیں رپورٹ۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 12 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکوؤں نے شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 8 افراد سے لاکھوں روپے ایک شہری سے موٹر سائیکل اور موبائل فونز چھین لیے۔

ڈولفن و پی آر یو/ ہفتہ وار کارکردگی رپورٹ

لاہور (رمیض علی سے) ڈکیتی و چوری کی وارداتوں میں ملوث 20 ملزمان گرفتار کیے گئے۔ ملزمان کے قبضہ سے 07 موٹر سائیکل، 09 موبائل فون برآمد۔ ہیلپ لائن پر موصول 110 کالز پر فوری ریسپانس عمل میں لایا گیا۔ دوران پٹرولنگ 39 اشتہاری سمیت 616 عادی مجرمان، 28 عدالتی مفروران گرفتار کیے گئے۔ ملزمان کے قبضہ سے 24 پستول، 07 رائفلیں، درجنوں گولیاں و میگزینز برآمد۔ منشیات فروشوں کے قبضہ سے 72 بوتلیں شراب، 6220 گرام چرس، آئس 252، ہیروئین برآمد۔ 158 مشکوک گاڑیاں و موٹر سائیکلیں تھانوں میں بند جبکہ 800 اشخاص کے خلاف قانونی کارروائی کی گئی۔ 44 ون ویلنگ، 15 پتنگ بازی و ہوائی فائرنگ میں ملوث ملزمان گرفتار۔ کمیونٹی پالیسنگ کے تحت مختلف ہیڈز میں 107 سے زائد افراد کو ریسکیو کیا گیا۔ ڈولفن سکواڈ، پی آر یو شہریوں کے جان و مال کے لیے ہمہ وقت پر عزم ہے۔

صوبہ بھر میں ڈرائیونگ لائسنس کے اجرا کا سلسلہ زور و شور سے جاری

گزشتہ تین ہفتوں میں 4 لاکھ 76 ہزار سے زائد شہریوں نے لائسنسنگ سہولیات سے فائدہ اٹھایا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک کے احکامات پر صوبہ بھر میں ڈرائیونگ لائسنس کے اجرا کا سلسلہ زور و شور سے جاری ہے، جس کے تحت گزشتہ تین ہفتوں میں 4 لاکھ 76 ہزار سے زائد شہریوں نے لائسنسنگ سہولیات سے فائدہ اٹھایا۔ ترجمان کے مطابق 1 لاکھ 58 ہزار سے زائد شہریوں نے لرننگ لائسنس بنوائے، 1 لاکھ 69 ہزار سے زیادہ شہریوں کو ریگولر ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے، 1 لاکھ 44 ہزار سے زائد افراد نے اپنے لرننگ و ریگولر لائسنس کی تجدید کروائی۔ اس کے علاوہ 3 ہزار سے زائد افراد کو انٹرنیشنل ڈرائیونگ پرمٹ جاری ہوئے، 67 ہزار سے زائد شہریوں نے جدید آن لائن لائسنسنگ پورٹل سے گھر بیٹھے فائدہ اٹھایا، 11 ہزار سے زائد خواتین نے بھی سہولیات سے فائدہ حاصل کیا

ڈی آئی جی آپریشن کا تھانہ چوہنگ کا دورہ

لاہور (رمیض علی سے) پولیس اسٹیشنز کی بہتری اور شہریوں کے اعتماد کی بحالی پر زور ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران نے تھانہ چوہنگ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے SIPS (Special Initiative Police Stations) کے تحت تعمیر شدہ تھانے کے مختلف سیکشنز کا معائنہ کیا۔ ڈی آئی جی نے تھانے میں آئے شہریوں سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور فوری حل کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے افسران و اہلکاروں کو ہدایت کی کہ شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں، عوام دوست پالیسی پر عمل پیرا ہو کر ان کی دادرسی کی جائے انہوں نے مزید کہا کہ تھانے کی خوبصورتی اور صفائی کو برقرار رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ کیو میٹک مشینوں سمیت تمام جدید آلات کو درست حالت میں رکھا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات میسر آسکیں ڈی آئی جی آپریشنز کا یہ دورہ پولیسنگ کے جدید رجحانات اور شہریوں کے ساتھ مؤثر رابطے کے عزم کا مظہر تھا۔

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ پریس کلب کے باہر امریکی حملے کے خلاف احتجاجی مظاہرے سے خطاب کر رہے ہیں ان کے ہمراہ سیکرٹری جنرل اظہر بلال، چوہدری محمد شوکت، وقاص احمد بٹ، عبدالعزیز عابد، قیصر شریف، جبران بٹ، احمد سلمان بلوچ و دیگر قائدین موجود ہیں

ایران پر امریکی جارحیت دراصل پوری مسلم دنیا پر حملے کے مترادف ہے

ٹرمپ کے لیے نوبل انعام کی سفارش افسوسناک اور قابل مذمت ہے، حکومت یہ فیصلہ فوری طور پر واپس لے

اگر مسلم دنیا متحد ہو جائے تو نیٹو طرز پر ایک مشترکہ اسلامی فوج بنائی جا سکتی ہے جو امت مسلمہ کے تحفظ کی ضامن ہو

ایران پر جارحیت دراصل ایک بڑے جیوپولیٹیکل ایجنڈے کا حصہ ہے، جس کا ہدف صرف ایران نہیں بلکہ پورا مسلم ورلڈ ہے

جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام ایران پر امریکی حملے کے خلاف پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ سے ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، اظہر بلال، چوہدری محمد شوکت، وقاص احمد بٹ، عبدالعزیز عابد، جبران بٹ و دیگر قائدین کا خطاب

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی لاہور کی جانب سے ایران پر امریکی حملے کے خلاف لاہور پریس کلب کے باہر شدید احتجاج کیا گیا۔ مظاہرے کی قیادت امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کی، جبکہ جماعت کے دیگر سینئر رہنما، خواتین اور بچوں کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔ احتجاجی مظاہرے میں سیکرٹری جنرل اظہر بلال، نائب امراء جماعت اسلامی لاہور چوہدری محمد شوکت، وقاص احمد بٹ، ڈپٹی سیکرٹری عبدالعزیز عابد، قیصر شریف صدر جے آئی یوتھ جبران بٹ، احمد سلمان بلوچ بھی خطاب کیا۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے، جن پر امریکہ اور اسرائیل کے خلاف نعرے درج تھے۔ مظاہرین نے امریکہ کی جانب سے ایران کی جوہری تنصیبات کو نشانہ بنانے اور مشرق وسطیٰ میں کشیدگی بڑھانے کی شدید مذمت کی۔ امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ''ایران پر امریکی جارحیت دراصل پوری مسلم دنیا پر حملے کے مترادف ہے۔ ایران پر امریکی جارحیت کو محض دو ملکوں کا تنازعہ سمجھنا ایک بڑی غلطی ہوگی۔ یہ واقعہ اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ وقت آ گیا ہے کہ مسلم دنیا اتحاد، غیرت اور ہوش مندی کا مظاہرہ کرے تاکہ مزید تباہی سے بچا جا سکے۔ انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا وہ امریکہ کی اس کھلی دہشتگردی کا فوری نوٹس لے۔ رہنماؤں نے حکومت پاکستان سے بھی سخت موقف اختیار کرنے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ ''ٹرمپ کے لیے نوبل انعام کی سفارش افسوسناک اور قابل مذمت ہے، حکومت یہ فیصلہ فوری طور پر واپس لے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ اگر مسلم دنیا متحد ہو جائے تو نیٹو طرز پر ایک مشترکہ اسلامی فوج بنائی جا سکتی ہے جو امت مسلمہ کے تحفظ کی ضامن ہو۔ ایران پر جارحیت دراصل ایک بڑے جیوپولیٹیکل ایجنڈے کا حصہ ہے، جس کا ہدف صرف ایران نہیں بلکہ پورا مسلم ورلڈ ہے۔ اگر اسلامی دنیا نے اس مرحلے پر اتحاد اور موقف کا مظاہرہ نہ کیا تو کل کو یہی حربے دیگر مسلم ممالک کے خلاف بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ اس موقع قائدین نے اور مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ عالمی سطح پر ہونے والی ہر قسم کی ظلم و زیادتی کے خلاف اپنی آواز بلند کرتے رہیں گے اور ایران کے ساتھ اظہار یکجہتی جاری رکھیں گے۔

بیوی نے ناجائز تعلقات کے شبہ میں 16 سالہ بھتیجی اور شوہر کو تیز دھار آلے سے گلہ کاٹ کر قتل کر دیا

ڈولفن ٹیم نے بروقت کاروائی کرتے ہوئے ملزمہ کو آلہ قتل سمیت گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) باغبانپورہ کے علاقے میں بیوی نے ناجائز تعلقات کے شبہ میں 16 سالہ بھتیجی اور شوہر کو تیز دھار آلے سے گلہ کاٹ کر قتل کر دیا اطلاع ملنے پر ڈولفن ٹیم نے بروقت کاروائی کرتے ہوئے ملزمہ کو آلہ قتل سمیت گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق باغبانپورہ کے علاقے میں زینت نامی خاتون نے گھریلو ناچاکی پر تیز دھار آلے سے 16 سالہ بھتیجی شازیہ اور 50 سالہ شوہر شوکت کو قتل کر دیا اور واردات کے بعد دیگر اہلخانہ پر حملہ کر کے قتل کرنے کی کوشش کی 15 کی کال پر ڈولفن ٹیم نے بروقت کاروائی کرتے ہوئے ملزمہ ملزمہ کو آلہ قتل سمیت گرفتار کر لیا جبکہ پولیس نے مقتولین کی لاشیں پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا پولیس کا کہنا ہے کہ دوسرے قتل کی واردات ملزمہ زینت سے ساتھی کے ساتھ مل کر کی ملزمہ کو شبہ تھا کہ اس کے شوہر اور بھتیجی کے درمیان ناجائز تعلقات ہیں جس کی وجہ سے اس نے دونوں کو قتل کر دیا

شہر میں خودکشی سمیت مختلف واقعات میں 5 افراد جاں بحق ہو گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں خودکشی سمیت مختلف واقعات میں 5 افراد جاں بحق ہو گئے پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا ایدھی فاؤنڈیشن ترجمان کے مطابق بادامی باغ پھاٹک نمبر 3 کے قریب 45 سالہ خاتون نے گزشتہ رات ٹرین تلے آکر خودکشی کی، جس کی شناخت 45 سالہ صائمہ کنول کے نام سے ہوئی دوسرے واقعہ جنوبی چھاؤنی کے علاقے بھٹہ چوک باغ رحمت قبرستان سے 18 سالہ نوجوان کی لاش برآمد ہوئی متوفی کی شناخت 18 سالہ حسین عرف حسینی کے نام سے ہوئی، ہنجروال کے علاقے بوبے شاہ دربار کے قریب 45 سالہ نامعلوم شخص مردہ حالت میں پایا گیا چوہنگ کے علاقے ٹھوکر چوک کے قریب 55 سالہ نامعلوم شخص فٹ پاتھ کنارے مردہ حالت میں پایا گیا، جبکہ کوٹ لکھپت کے علاقے گجر کالونی سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی چاروں افراد نشے کی زیادتی کے باعث جاں بحق ہوئے متعلقہ تھانوں کی پولیس نے ایدھی رضاکاروں کی مدد سے مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:50
فجر	4:10
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	9:00

فقہ جعفریہ

1:30 بجے مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

پنجاب یونین آف جرنلسٹس کا سینئر صحافی صغیر چودھری کے گھر پر رات گئے پولیس کی طرف سے چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کرنے پر اظہار مذمت

سی سی پی او لاہور سے واقعہ کی تحقیقات کرانے اور ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ

لاہور (خبر نگار) پنجاب یونین آف جرنلسٹس نے باغبانپورہ پولیس کی طرف سے لاہور پریس کلب کے کونسل ممبر اور سینئر صحافی صغیر چودھری کے گھر چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کرنے اور سادہ کپڑوں میں پولیس اہلکاروں کے داخل ہونے اور توڑ پھوڑ کرنے کی شدید مذمت کی ہے اور سی سی پی او لاہور سے اس واقعہ کی تحقیقات کرانے اور ذمہ داران کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ پی یو جے صدر نعیم حنیف، جنرل سیکرٹری قمر الزمان بھٹی، سینئر نائب صدر یوسف رضا عباسی، نائب صدر ندیم زعیم، جوائنٹ سیکرٹری مدثر حسین تتلہ، شیر علی خالطی، خزانچی اور ایگزیکٹو کونسل نے اپنے مذمتی بیان میں کہا ہے صغیر چودھری کے گھر پر 21 جون کی شب سادہ کپڑوں میں جن مبینہ پولیس اہلکاروں نے چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کیا وہ باغبانپورہ پولیس کی دو گاڑیوں میں آئے تھے۔ یہ اہلکار سیڑھی لگا کر گھر میں داخل ہوئے اور نہ صرف توڑ پھوڑ کی بلکہ ان کے بچوں اور اہلیہ کے سامنے انہیں تشدد کا نشانہ بنایا گیا ان کی تذلیل کی گئی۔ پی یو جے کے صدر نعیم حنیف نے سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ سے اس افسوس ناک واقعہ کی تحقیقات کرانے اور جو لوگ بھی ملوث ہیں ان کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ پی یو جے کے جنرل سیکرٹری قمر الزمان بھٹی کا کہنا تھا کہ اس واقعہ میں بظاہر ایسا کوئی واقعہ یا جرم نہیں جس کی بنا پر پولیس صغیر چودھری کے گھر رات کے پچھلے پہر داخل ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ اگر پولیس کو صغیر چودھری کسی معاملہ میں مطلوب بھی تھا تو اسے تھانے بلوایا جا سکتا ہے لیکن سادہ کپڑوں میں جانے والے ان مبینہ پولیس اہلکاروں کے پاس ایسا کوئی کیس نہیں تھا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اس واقعہ کے ذمہ داران کے خلاف کارروائی نہ ہوئی تو سخت احتجاج کیا جائے گا۔

امریکی کارروائیاں عالمی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی صریح خلاف ورزی: سیف کھوکھر

لاہور (خبر نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر و رکن قومی اسمبلی ملک سیف الملوک کھوکھر نے ایران کی جوہری تنصیبات پر امریکی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارروائیاں عالمی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی صریح خلاف ورزی ہیں، عالمی برادری فوری نوٹس لے۔ انہوں نے اپنے مذمتی بیان میں کہا کہ امریکہ اور اسرائیل مل کر عالم اسلام کے خلاف متحد ہو چکے ہیں اور مسلمانوں کی نسل کشی کر رہے ہیں۔ ایران کی جانب سے اسرائیل پر جوابی وار دفاعی حق ہے، پوری پاکستانی قوم ایران کے ساتھ کھڑی ہے۔ پاکستان کی وزارت خارجہ نے بروقت اور ذمہ دارانہ موقف اختیار کر کے ایک باوقار ریاست کا کردار ادا کیا ہے، جو لائق تحسین ہے۔ ملک سیف الملوک کھوکھر نے مسلم امہ پر زور دیا کہ وہ متحد ہو کر مظلوم اقوام کے ساتھ کھڑی ہو، کیونکہ خاموشی اب جرم کے مترادف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اپنے مسلم بھائی کے ساتھ کھڑا ہے اسرائیل ایک ریاستی دہشت گرد ہے، ہم اس کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔

ترک قونصل جنرل کی لاہور چیمبر آمد، باہمی تجارتی تعلقات کو وسعت دینے پر اتفاق

ترکی کی بڑی کمپنیاں پہلے ہی پاکستان میں کام کر رہی ہیں جو پاکستانی مارکیٹ پر ترک سرمایہ کاروں کے اعتماد کی علامت ہے

لاہور (کامرس رپورٹر) ترکیہ کے قونصل جنرل درمش بستوغ نے لاہور چیمبر کے دورہ کے موقع پر دونوں ممالک کے درمیان تجارتی و معاشی تعلقات مزید بہتر بنانے اور سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، سیاحت، زراعت اور تجارتی وفود کے تبادلے جیسے اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ اس موقع پر لاہور چیمبر کے نائب صدر شاہد نذیر چوہدری اور ایگزیکٹو کمیٹی ارکان خرم لودھی، عرفان احمد قریشی، آمنہ رندھاوا، کرامت علی اعوان، رانا محمد نثار، شعبان اختر اور آصف خان نے بھی اس موقع پر خطاب کیا۔ قونصل جنرل نے کہا کہ ترکی کی بڑی کمپنیاں پہلے ہی پاکستان میں کام کر رہی ہیں جو پاکستانی مارکیٹ پر ترک سرمایہ کاروں کے اعتماد کی علامت ہے۔ انہوں نے مشترکہ منصوبوں اور بزنس ٹو بزنس تعلقات کو مضبوط بنانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ نائب صدر چیمبر نے کہا کہ پاکستان ترکی کے ساتھ اپنے تعلقات کو نہایت اہمیت دیتا ہے، جو محض سفارتی ہی نہیں بلکہ تاریخی اور ثقافتی بنیادوں پر قائم ہیں۔ انہوں نے او آئی سی میں دونوں ممالک کے مشترکہ کردار کو بھی سراہا۔ شاہد نذیر چوہدری نے بتایا کہ 2023-24 میں پاکستان کی ترکی کو برآمدات 337 ملین ڈالر اور درآمدات 491 ملین ڈالر رہیں، جس سے دوطرفہ تجارت کا حجم 828 ملین ڈالر بنتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ ''ٹریڈ ان گڈز ایگریمنٹ'' سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اس حجم کو آئندہ چند سالوں میں 5 ارب ڈالر تک لے جانا ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر مشترکہ منصوبوں، تجارتی وفود، بین الاقوامی نمائشوں اور پاک-ترکی بزنس فورمز کے ذریعے باہمی روابط کو وسعت دینے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔

یو ای ٹی لاہور کے سابق طالبعلم مقصود احمد ملک (82-سول) کا قابل قدر اقدام

مقصود احمد ملک کے تعاون سے یو ای ٹی میں 25 جدید آر او واٹر فلٹریشن پلانٹس اور واٹر کولرز نصب کر دیئے گئے

یہ فلٹریشن پلانٹ اور کولر 17 ہاسٹلز اور 4 مساجد سمیت مختلف مقامات پر نصب کیے گئے ہیں

اس منصوبے کا مقصد طلبہ، اساتذہ اور عملے کو صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی مسلسل فراہمی یقینی بنانا ہے، ڈاکٹر شاہد منیر

یہ منصوبہ اس بات کا مظہر ہے کہ یو ای ٹی کے سابق طلبہ اپنے مادر علمی کی ترقی و خوشحالی میں سرگرم عمل ہیں، ڈاکٹر شاہد منیر

یہ منصوبہ اس بات کا مظہر ہے کہ یو ای ٹی کے سابق طلبہ اپنے مادرِ علمی کی ترقی و خوشحالی میں سرگرم عمل ہیں، ڈاکٹر شاہد منیر

لاہور (خبر نگار) یو ای ٹی لاہور کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر نے یونیورسٹی کے مین جے انجینئرنگ کے سی ای او، انجینئر مقصود احمد ملک (82-سول) کی مالی معاونت سے ممکن ہوا۔



کیمپس میں 25 جدید آر او واٹر فلٹریشن پلانٹس اور واٹر کولرز کا افتتاح کر دیا ہے۔ یہ سہولیات 17 ہاسٹلز اور 4 مساجد سمیت مختلف مقامات پر نصب کی گئی ہیں تاکہ طلبہ، اساتذہ اور عملے کو صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی مسلسل فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ یہ قابلِ تحسین منصوبہ یو ای ٹی کے سابق طالبعلم اور ایم اینڈ افتتاحی تقریب میں یو ای ٹی لاہور کے تمام ڈینز اور افسران نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران، انچارج آفس آف ایلومینائی یو ای ٹی انجینئر احمد نوید نے شرکاء کو منصوبے کی تفصیلات سے آگاہ کیا اور یو ای ٹی ایلومینائی کینیڈا چیپٹر کے صدر، انجینئر عرفان احمد کے اس منصوبے کے آغاز اور تکمیل میں کلیدی کردار کو سراہا۔ تقریب میں انجینئر مقصود احمد ملک کی نمائندگی کرتے ہوئے انجینئر حمزہ ملک اور محمود احمد ملک نے خصوصی شرکت کی۔ انجینئر حمزہ ملک نے یو ای ٹی کی شاندار روایات اور وسیع ایلومینائی نیٹ ورک کو سراہا اور یو ای ٹی کی ترقی کے سفر میں بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر نے یو ای ٹی ایلومینائی کمیونٹی کے اس قابل قدر اقدام کو سراہا اور ادارے کی بہتری اور طلبہ کی فلاح کے لیے جاری و آئندہ منصوبوں پر روشنی ڈالی جنہیں ایلومینائی کے تعاون سے پایہ تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر ڈاکٹر شاہد منیر کا کہنا تھا کہ یہ منصوبہ اس بات کا مظہر ہے کہ یو ای ٹی کے سابق طلبہ اپنے مادرِ علمی کی ترقی و خوشحالی میں سرگرم عمل ہیں اور اپنے بھرپور تعاون سے حال اور مستقبل کو روشن بنا رہے ہیں۔

ایوانِ اوقاف میں سیکرٹری اوقاف سے تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے وفد کی ملاقات

عاشورے کے جلوس میں خصوصی سبیلوں کا اہتمام وزیراعلیٰ پنجاب کا مستحسن قدم ہے۔ سیکرٹری اوقاف

لاہور (صابر غوری) سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے ایوانِ اوقاف میں تحریک نفاذ فقہ جعفریہ پاکستان کے وفد سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عاشورے کے جلوس میں خصوصی سبیلوں کا اہتمام وزیر اعلیٰ پنجاب کا مستحسن قدم ہے۔ محرم الحرام میں امن و امان کو برقرار رکھنے کے لیے تمام ادارے مستعد اور متحرک ہیں۔ بین المسالک ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے فروغ کے لیے حکومت پرعزم ہے۔ دینی اقدار کی ترویج، حکومت پنجاب کی اوّلین ترجیح ہے۔ پُرامن بقائے باہمی وقت کی اہم ضرورت ہے، محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا قیام خوش آئند ہے۔ ملاقات کے موقع پر وفد میں تحریک نفاذ فقہ جعفریہ پاکستان کے عہدیداران مرکزی سیکرٹری نشر و اشاعت ذوالقرنین حیدر جمیل، صوبائی آفس سیکرٹری سیّد ذوالفقار حیدر نقوی اور مرکزی سیکرٹری اطلاعات سیّد حسن کاظمی نے کہا کہ محرم الحرام میں قیام امن کیلئے پنجاب حکومت کی مساعی لائق تحسین ہے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر مذہبی امور حافظ محمد جاوید شوکت، سیکشن آفیسر مذہبی امور مفتی فہیم انعام و دیگر آفیسران بھی موجود تھے۔ سیکرٹری اوقاف نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت دین اسلام کی آفاقی قدروں پر پختہ ایمان رکھتی اور ایسے روادارانہ فلاحی معاشرے کی تشکیل کے لیے کوشاں ہے، جو پُرامن، بقائے باہمی، سماجی تحفظ، معاشرتی بہبود اور ایثار و اخوت جیسے عنوانات سے مزین و منور ہو، جس کے لیے علم و آگہی کی شمع کو فروزاں کیا جانا از حد ضروری ہے، تاکہ فکری اور نظریاتی سطح پر انتہا پسندی جیسے عناصر کی بیخ کنی ممکن ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ انتہا پسندی کے خلاف سٹیٹ کے ساتھ سوسائٹی کو بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

ریجن پولیس گوجرانوالہ اور دار ارقم سکولز کے درمیان ایم او یو سائن

پولیس شہداء کے بچوں کو دار ارقم سکولز میں مفت جبکہ حاضر سروس اور ریٹائرڈ ملازمین کے بچوں کو 50 فیصد ڈسکاؤنٹ دیا جائے گا

ریجن پولیس گوجرانوالہ کی جانب سے ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ اور ڈائریکٹر دار ارقم سکولز گوجرانوالہ نے دستخط کئے

پولیس ملازمین کے بچوں کو اعلیٰ تعلیمی اداروں میں بہترین تعلیم کے مواقع فراہم کرنا اولین ترجیحات میں شامل ہے



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ریجن پولیس اور دار ارقم سکولز کے درمیان ایم او یو آر پی او آفس میں سائن کیا گیا۔ ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ نے کہا ہے کہ پولیس ملازمین کے بچوں کو اعلیٰ تعلیمی اداروں میں بہترین تعلیم کے مواقع فراہم کرنا میری اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس سلسلے میں ریجن پولیس گوجرانوالہ اور دار ارقم سکولز گوجرانوالہ کے ساتھ ہونے والا ایم او یو گوجرانوالہ کے تمام پولیس ملازمین کیلئے خصوصی سہولت کا باعث بنے گا۔ ایم او یو میں دار ارقم سکولز کی محافظ ٹاؤن، کھیالی، اسد کالونی، ایمن آباد اور کامونکی کی برانچز شامل ہیں۔ آر پی او نے کہا کہ اس ایم او یو کے تحت پولیس شہداء کے بچوں کو دار ارقم سکولز میں بالکل فری ایجوکیشن دی جائے گی جبکہ حاضر سروس، غازی، دوران سروس وفات پا جانے والے اور ریٹائرڈ ملازمین کے بچوں کو ایڈمیشن، ٹیوشن فیس اور دیگر اخراجات میں 50 فیصد ڈسکاؤنٹ دیا جائے گا۔ ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ نے کہا کہ تمام ریجن میں پولیس ملازمین کو ایم او یو بارے مطلع کرنے کیلئے خصوصی اقدامات کیے جائیں۔ آر پی او نے پولیس ملازمین کے بچوں کیلئے معیاری تعلیم کی سہولت فراہم کرنے پر دار ارقم سکولز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پولیس ملازمین کیلئے دار ارقم سکولز کا یہ اقدام قابل تحسین ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج آر پی او آفس میں دار ارقم سکولز کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنے کی تقریب میں گفتگو کرتے ہوئے کیا ڈائریکٹر دار ارقم سکولز نے ریجن پولیس گوجرانوالہ کے ساتھ ایم او یو کی تقریب میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ریجن پولیس گوجرانوالہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کا عمل بھرپور جانفشانی سے سرانجام دیتی ہے اور یہ امر باعث خوشی ہے کہ پولیس ملازمین کے بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کیلئے دار ارقم سکولز اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔

سیالکوٹ ویسٹ منیجمنٹ کمپنی کے ورکرز کے اعزاز میں تقریب

بہترین کارکردگی پر انعامات، وزیر اعلیٰ پنجاب کا ویژن عملی شکل اختیار کرنے لگا

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق:۔ صفائی ستھرائی کے شعبے میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے سیالکوٹ ویسٹ منیجمنٹ کمپنی کے ورکرز کے اعزاز میں ماشاءاللہ مارکی دھم تھل میں ایک شاندار اور بامقصد تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ یہ تقریب وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے اس وژن کا عملی مظہر تھی جس کے تحت صفائی کے عملے کو باعزت مقام، بہتر سہولیات اور مالی حوصلہ افزائی دی جا رہی ہے۔ تقریب میں ویسٹ منیجمنٹ کمپنی کے تمام اعلیٰ حکام، مقامی انتظامیہ، میڈیا نمائندگان اور شہریوں نے شرکت کی۔ صفائی عملے کی محنت و لگن کے اعتراف میں تمام منتخب ورکرز کو دس دس ہزار روپے بطور انعام دیے گئے۔ انعامات کا مقصد صفائی کے شعبے میں کام کرنے والے محنت کشوں کو سراہنا اور انہیں احساس دلانا ہے کہ معاشرہ ان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ تقریب کے مہمان خصوصی چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب احمد اقبال چوہدری تھے، جنہوں نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صفائی کے سپاہی ہمارے اصل ہیرو ہیں۔ ان کی خاموش خدمت معاشرے کی خوبصورتی کا راز ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ان کی عزت افزائی ہمارا فرض ہے۔ یہ اقدام صرف انعام نہیں، اعتراف ہے اُن کے وقار کا۔ تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر ظفروال عمران رانجھا، صدر نیشنل پریس کلب ظفروال خواجہ عمران عباس، ذوالفقار گھمن سی ای او ذوالفقار ٹریڈرز (کیڈز کمپنی) عنصر بھٹہ جی ایم اپریشن کیڈز کمپنی عبدالخالق منیجر ایم آئی ایس ایس ڈبلیو ایم سی عثمان غنی منیجر ایس ڈبلیو ایم سی مقامی بلدیاتی نمائندگان، اور مختلف طبقات زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی اور صفائی عملے کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس اقدام کو عوامی سطح پر سراہا جا رہا ہے اور اُمید کی جا رہی ہے کہ اس سے نہ صرف صفائی کے معیار میں بہتری آئے گی بلکہ دیگر سرکاری محکمے بھی اس مثال کو فالو کریں گے۔

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت: لاہور سمیت صوبہ بھر میں ہفتہ وار جنرل پریڈ کا انعقاد

لاہور (رمیض علی سے) سینئر پولیس افسران کا پریڈ کا معائنہ، پریڈ کے دستوں نے سلامی پیش کی، جنرل پریڈ میں پولیس لائنز، ڈولفن فورس، اینٹی رائٹ فورس، ٹریفک پولیس، مجاہد سکواڈ، ایس پی یو، لیڈیز پولیس، او سی یو، انوسٹی گیشن ونگ اور آپریشن ونگ تھانہ جات کے افسران و جوانوں کی شرکت، سینیئر افسران نے پریڈ میں حصہ لینے والے افسران و جوانوں کا ٹرن آؤٹ بھی چیک کیا، جنرل پریڈ میں حصہ لینے والے اہلکاروں کے چاق و چوبند دستوں نے مارچ پاسٹ کیا، جنرل پریڈ میں خواتین اہلکاروں نے بھی حصہ لیا، ہر سوموار صوبہ بھر میں باقاعدگی سے جنرل پریڈز کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ ضلعی افسران کی کوت، موٹر ٹرانسپورٹ ونگ، متفرق سٹورز، وردی گودام اور دیگر شعبوں کی انسپکشن، جنرل پریڈ کا مقصد اہلکاروں کو الرٹ رکھنا اور ان میں ڈسپلن، اتحاد و بھائی چارے کی فضا قائم رکھنا ہے

ڈی جی ایکسائز پنجاب عمر شیر چٹھہ کا فرید کورٹ ہاؤس اور گارڈن ٹاؤن دفاتر کا اچانک دورہ

محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نہ صرف عوامی خدمات میں پیش پیش ہے بلکہ حکومت پنجاب کے مقرر کردہ 55 ارب روپے کے ٹیکس ہدف کو بھی ماہ جون کے اختتام تک حاصل کر لے گا۔ عمر شیر چٹھہ

لاہور (صابر غوری) ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن پنجاب عمر شیر چٹھہ نے ڈائریکٹوریٹ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ریجن اے اور ریجن سی فرید کورٹ ہاؤس کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کا مقصد ٹیکس وصولی کی کارکردگی، عوامی خدمات اور دفاتر میں دستیاب سہولتوں کا جائزہ لینا تھا۔ دورے کے دوران ڈائریکٹر ریجن اے نے ڈی جی ایکسائز کو پراپرٹی ٹیکس وصولی کی تفصیلی رپورٹ پیش کی۔ ڈی جی عمر شیر چٹھہ نے ریجن اے کو ہدایت کی کہ جون کے 209 ملین روپے کے ٹارگٹ کو ہر صورت حاصل کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ ڈی جی ایکسائز نے فرید کورٹ میں واقع موٹر برانچ کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے مختلف کاؤنٹرز پر موجود عوام سے سہولیات اور مسائل سے متعلق براہ راست بات کی اور ریجن سی کے ڈائریکٹر کو ہدایت کی کہ موسم کی شدت کو مدنظر رکھتے ہوئے عوام کو بہتر سہولیات فراہم کی جائیں اور ان کے کام کم سے کم وقت میں مکمل کیے جائیں۔ ڈی جی نے واضح کیا کہ ریجن سی کو ماہِ جون کے لیے مقرر کردہ 1.5 ارب روپے کے ہدف کے حصول کے لیے دفاتر کے ساتھ ساتھ روڈ ایکٹیویٹی کو بھی مزید مؤثر بنانا ہوگا۔ دفاتر میں صفائی ستھرائی اور ٹھنڈے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایات بھی دی گئیں۔ بعد ازاں، ڈی جی عمر شیر چٹھہ نے گارڈن ٹاؤن میں واقع ڈائریکٹوریٹ ریجن بی کا بھی دورہ کیا، جہاں ڈائریکٹر احمد سعید نے پراپرٹی ٹیکس کی موجودہ کارکردگی پر بریفنگ دی۔ ڈی جی نے ہدایت کی کہ ریجن بی کو ماہ جون کے 381 ملین روپے کے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے سرگرم عمل ہونا ہوگا۔ انہوں نے عوامی سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ دفاتر میں ٹھنڈے پانی کے ساتھ ساتھ پراپرٹی ٹیکس گزاروں کے لیے ٹیکس سہولت کاؤنٹر قائم کیے جائیں تاکہ عوام کو بہتر اور فوری خدمات مہیا کی جا سکیں۔ ڈی جی عمر شیر چٹھہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نہ صرف عوامی خدمات میں پیش پیش ہے بلکہ حکومت پنجاب کے مقرر کردہ 55 ارب روپے کے ٹیکس ہدف کو بھی ماہ جون کے اختتام تک حاصل کر لے گا۔'' انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ کا عملہ شدید گرمی اور محدود وسائل کے باوجود بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے اور آئندہ مالی سال میں شہریوں کے لیے مزید سہولیات متعارف کرائی جائیں گی۔ ڈی جی نے سرکاری دفاتر کے قیام سے متعلق بھی واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ریجن اے اور بی کے دفاتر سرکاری عمارتوں میں منتقل کیے جائیں، نجی عمارات کے بجائے عوامی سہولت کے پیش نظر سرکاری انفراسٹرکچر کا استعمال ترجیح ہونی چاہیے۔

ہر فرد خدمت خلق کو اپنائے تو ایک خوشحال اور پرامن معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا: شیخ گلزار احمد

معاشرتی ہم آہنگی، بھائی چارے، باہمی محبت کو فروغ دینا، بھوکے کو کھانا کھلانا، بیمار کی تیمارداری، ضرورت مند کا سہارا بننا چاہیے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ ن کی راہنما سابق امیدوار پی پی 38 شیخ گلزار احمد کا کہنا ہے کہ ہر فرد خدمت خلق کو اپنائے تو ایک خوشحال اور پرامن معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا، معاشرتی ہم آہنگی، بھائی چارے، باہمی محبت کو فروغ دینا، بھوکے کو کھانا کھلانا، بیمار کی تیمارداری، ضرورت مند کا سہارا بننا، کسی کو علم سکھانا، کسی کی مدد کے لئے بڑھایا گیا ہاتھ، ایک سادہ مسکراہٹ کے ساتھ کسی کے دکھ کو کم کرنا بھی خدمت خلق ہی ہے ہمیں چاہیے کہ اپنے اردگرد ضرورت مندوں کا خیال رکھیں تو یہ دنیا ایک بہتر جگہ بن سکتی ہے جہاں ہر کوئی خوشحال اور مطمئن زندگی گزار سکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول محلہ شریف پورہ گڑھی اعوان کے لگائے گئے بینظیر انکم سپورٹ کیمپ میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس کیمپ میں ان کی طرف سے امدادی رقم لینے آئی خواتین کے لئے سایہ، ٹھنڈے پانی اور بیٹھنے کا بہترین بندوبست کیا گیا اور نظم و ضبط برقرار رکھنے کا بھی انتظام کیا گیا تھا جس وجہ سے خواتین نے باعزت طریقہ سے اپنی امدادی رقم حاصل کی۔ جن مستحق خواتین کا ڈیٹا کا اندراج نہیں ہوا تھا ان کا اندراج کروایا گیا۔ اس موقع پر شیخ سرور، رانا مقصود، ذکاء الرحمن عرف عمران سیٹھ، خالد صاحب اور حاجی آصف شیخ بھی موجود تھے۔

فائرنگ کر کے دو افراد کو قتل کرنے کے الزام میں پولیس نے آٹھ سے زائد ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد کے نواحی گاؤں پھپری شابانہ میں فائرنگ کر کے دو افراد کو قتل کرنے کے الزام میں پولیس نے آٹھ سے زائد ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق آصف شاہ جو کہ جیل پولیس میں ملازم تھا وہ اپنے گھر آئے مہمان شہروز کے ہمراہ موٹر سائیکل پر سوار ہو کر ڈیوٹی پر جا رہا تھا کہ راستہ میں گھر کی چھت پر گھات لگائے اسکے مخالفین نجف شاہ، اکمل، زاہد الحسن، فضل عباس، حسنین شاہ، علی شاہ، حیدر شاہ، وغیرہ نے ان پر فائرنگ کر دی جس سے آصف شاہ موقع پر جاں بحق جبکہ شہروز ہسپتال میں جا کر دم توڑ گیا جبکہ ملزمان فرار ہو گئے۔

گمشدگی کاغذات

بوقت 11 بجے سائل خانہ نمبر 1 نے تھانہ حاضر آ کر تحریر کروایا ہے کہ میرا پاسپورٹ نمبر DA5977571 مورخہ 21-6-25 کو علاقہ اکبری منڈی میں گم ہو گیا ہے جس کو کسی ملے نیچے دیئے گئے پتہ پر ارسال کر دے۔

المشتہر: محمد خرم سردار ولد گلزار حسین سکنہ مکان نمبر ایچ 1278 اندرون اکبری منڈی لاہور

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور''(3)24جون 2025ء

وزیراعلیٰ پنجاب کے فلیگ شپ پروگرام کے تحت معذور افراد میں معاون آلات کی تقسیم

محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال کے زیراہتمام منعقدہ تقریب میں خصوصی افراد میں 73 معاون آلات کی تقسیم کیے گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) وزیراعلیٰ پنجاب کے فلیگ شپ پروگرام کے تحت معذور افراد میں معاون آلات کی تقسیم کے لیے گورنمنٹ ایم سی ہائی سکول میں پروقار تقریب کیا گیا، محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال کے زیراہتمام منعقدہ تقریب میں خصوصی افراد میں 73 معاون آلات کی تقسیم کیے گئے، ایم پی اے چوہدری غلام رضا ربیرہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر اور لیگی رہنما چوہدری فیاض ظفر نے خصوصی افراد میں معاون آلات تقسیم کیے، اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد اشتیاق خاں سمیت دیگر محکموں کے افسران اور خصوصی افراد کے اہل خانہ بھی موجود تھے، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد اشتیاق خاں نے خصوصی افراد کی فلاح و بہبود کے اقدامات بارے بریفنگ دی، ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری غلام رضا ربیرہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی افراد کی فلاح و بہبود کے لیے مثالی اقدامات کی پالیسی پر گامزن ہیں، خصوصی افراد کو سہولیات میسر کر کے انہیں مفید شہری بنایا جا سکتا ہے، پروگرام کے دوسرے مرحلے میں 73 اہل خصوصی افراد میں معاون آلات تقسیم کیے جا رہے ہیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر نے کہا کہ معاون آلات سے خصوصی افراد کی زندگی میں آسانی میسر ہوگی، خصوصی افراد کے لیے حکومت پنجاب کی جانب سے معاون آلات کی تقسیم ایک بہترین اقدام ہے، زندگی میں آسانی کے لیے خصوصی افراد معاون آلات کو موثر انداز میں استعمال کریں، معاون آلات کی تقسیم پر خصوصی افراد نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کیا۔

میں ہمیشہ اپنی ڈیوٹی ایمانداری اور عبادت سمجھ کر کرتا ہوں: ایس پی انویسٹی گیشن

مظلوم کو انصاف فراہم کروں اور ظالم کو اسکی سزا دلواوں تاکہ جرائم کا خاتمہ ہو سکے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پنجاب پولیس کے نڈر اور ایماندار ڈی ایس پی انویسٹی گیشن شیخوپورہ نصیر احمد خان نے کہا ہے کہ میں ہمیشہ اپنی ڈیوٹی ایمانداری اور عبادت سمجھ کر کرتا ہوں میری کوشش ہوتی ہے کہ مظلوم کو انصاف فراہم کروں اور ظالم کو اسکی سزا دلواوں تاکہ جرائم کا خاتمہ ہو سکے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے گزشتہ روز جوبنی نوالہ موڑ کے قریب واقع لیبر کالونی کے ٹھیکیدار میاں محمد اشرف المعروف گوگا پہلوان کی طرف سے دیئے گئے ظہرانے کی تقریب میں شرکت کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ڈی ایس پی انویسٹی گیشن شیخوپورہ نصیر احمد خان نے مزید کہا کہ میرے آفس کے دروازے مظلوم عوام کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں انھیں انصاف دلانے کے لیے میں ہمیشہ کوشاں رہتا ہوں میری اولین کوشش ہوتی ہے کہ میرے پاس آنے والے سائل کے ساتھ ناانصافی نہ ہو اور اسکو انصاف ملے تاکہ اللہ تعالیٰ کی عدالت میں بھی سرخرو ہو سکوں اس موقع پر معروف سیاسی وسماجی شخصیت میاں بشارت حنیف آف سیکھم، میاں لیاقت علی اور نجی ٹی وی چینل کے بیورو چیف ڈاکٹر احمد علی چوہان کے علاوہ پریس کلب شیخوپورہ کے انفارمیشن سیکرٹری غلام عباس گل سمیت سلمان خان، عامر خان، کانسٹیبلان علی رضا اور شہزاد احمد و دیگر بھی موجود تھے۔

ماہانہ کروڑوں روپے کمانے والی ٹیلی کمیونیکیشن کمپنیاں فلاپ

نارنگ گردونواح میں چار روز سے ٹیلی نار اور تین ہفتوں سے زونگ سروس بند

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ماہانہ کروڑوں روپے کمانے والی ٹیلی کمیونیکیشن کمپنیاں فلاپ نارنگ گردونواح میں چار روز سے ٹیلی نار اور تین ہفتوں سے زونگ سروس بند انٹرنیٹ سپیڈ زیرو سم نمبر زپر کال کرنا بھی خواب بن گیا بتایا گیا ہے کہ ٹیلی نار کمپنی نے 10 لاکھ روپے بجلی کا بل جمع نہیں کروایا جس پر واپڈا نے بجلی کنکشن منقطع کر دیا ہے ٹیلی نار اور زونگ کا سسٹم ایک ٹاور پر ہونے کی وجہ سے دونوں نیٹ ورک جواب دے گئے صارفین کو شدید پریشانی کا سامنا ہے صارفین کا کہنا تھا دنیا آئی ٹی کے شعبہ آسمان کی بلندیوں کو چھو رہی مگر یہاں انٹرنیٹ ابھی بھی کچھوے کی چال چل رہا ہے ہزاروں روپے لگا کر پیکج لگایا جاتا ہے جو ضائع ہو رہا ہے بہت سے لوگوں کا روزگار انٹرنیٹ کے ساتھ منسلک ہے موبائل نیٹ ورک کمپنیاں فلاپ ہونے سے صارفین کو کروڑوں روپے کا کاروباری نقصان ہو رہا ہے کمپنی کے ذمہ داران مسئلہ حل کرنے کی بجائے آئیں بائیں شائیں کر کے صارفین کو مطمئن کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہیں شہریوں نے متعلقہ احباب سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کا ستھرا پنجاب مہم کے تحت مختلف مقامات کا دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کا ستھرا پنجاب مہم کے تحت مختلف مقامات کا دورہ اور ورکرز کو صفائی ستھرائی کی ہدایات، انہوں نے تحصیل روڈ، ریل بازار، سندھی محلہ، جنرل بس سٹینڈ، جناح پارک اور جی ٹی روڈ سمیت مختلف قبرستان میں صفائی ستھرائی کے لیے بنائی گئی ٹیموں کی ورکنگ کا جائزہ لیا اور عملہ صفائی کو تمام متعلقہ علاقوں کی صفائی کے سلسلہ میں مکمل صفائی کے سلسلہ میں ہدایات جاری کیں، اسسٹنٹ کمشنر رب نواز نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر جاری ستھرا پنجاب مہم کے تحت عوام الناس کو صاف ستھرے ماحول اور کوڑے کرکٹ سے پاک آب و ہوا کی فراہمی کے لیے محنت اور لگن سے کام کیا جائے۔

امریکہ نے ایران پر حملہ کر کے مشرق وسطیٰ کے امن کو خطرے میں ڈال دیا

امریکہ اسرائیل کو مشرق وسطیٰ بنانا چاہتا ہے اس میں وہ کبھی کامیاب نہیں ہوگا: محمد عباس بٹ

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سماجی وصحافی رہنما جنرل سیکرٹری پنجاب پاکستان فیڈریشن آف میڈیا اینڈ جرنلسٹ محمد عباس بٹ نے کہا کہ امریکہ نے ایران پر حملہ کر کے مشرق وسطیٰ کے امن کو خطرے میں ڈال دیا ہے امریکی صدر نے الیکشن سے قبل دنیا میں امن قائم کرنے کے دعوے کیے مگر اب خود ہی تیسری عالمی جنگ کا آغاز کر دیا اس کے نتائج کا بھی وہی ذمہ دار ہوگا امریکہ اسرائیل کو مشرق وسطیٰ بنانا چاہتا ہے اس میں وہ کبھی کامیاب نہیں ہوگا کیونکہ آج دنیا میں اس سے مزید تباہی و بربادی ہوگی انہوں نے کہا کہ امریکہ کی ایران، اسرائیل جنگ میں براہ راست شرکت سے تیسری عالمی جنگ کا آغاز ہو گیا تمام مسلم ممالک کو ایران اور فلسطین کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے تمام مسلم ممالک کو سوچنا چاہیے کہ آج ایران پر حملہ ہوا ہے کل ہم پر بھی ہو سکتا ہے، اس وقت جو صورتحال ہے اس میں ہمیں ایران کا ساتھ دینا چاہیے انشاءاللہ امریکہ اور اسرائیل ذلت و رسوائی سے دوچار ہوں گے، بنیادی انسانی حقوق کی بحالی اور عام انسانوں کی خوشحالی کی باتیں کرنے والے خود جنگ میں شامل ہو گئے ہیں جس

مصطفیٰ آباد: گورنمنٹ حنیفاں بیگم کالج میں محدود نشستوں پر داخلے کا آغاز

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ حنیفاں بیگم کالج میں محدود نشستوں پر داخلے کا آغاز، ایف اے/ایف ایس سی پارٹ ون میں داخلہ کے لیے خواہشمند طالبات فارم حاصل کر کے اپنی فیس آخری تاریخ سے پہلے جمع کروائیں، تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ حنیفاں بیگم گریجویٹ کالج برائے خواتین مصطفیٰ آباد میں 9th کلاس کے رزلٹ کی بنیاد پر داخلے جاری ہیں، ایف اے/ایف ایس سی پارٹ ون میں داخلہ کے لیے خواہشمند طالبات کالج آفس سے فارم حاصل کر کے اپنی فیس آخری تاریخ سے پہلے پہلے جمع کروائیں، پرنسپل گورنمنٹ حنیفاں بیگم گریجویٹ کالج برائے خواتین مصطفیٰ آباد آمنہ اقبال نے کہا کہ داخلہ محدود نشستوں پر کیے جا رہے ہیں اس لئے فیس بروقت ادا کروانے والی طالبات کے داخلے کو یقینی بنایا جائے گا۔

حسن سرفراز بھلی پنجاب بار کونسل انتخابات سیالکوٹ سیٹ کی جیت یقینی ہے۔ ملک شہباز احمد

انشاءاللہ اپنے امیدوار کی جیت کیلئے بھرپور کمپین جاری ہے۔ ایس اینڈ اے ایسو سی ایٹس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چوہدری حسن سرفراز بھلی پنجاب بار کونسل سیالکوٹ سیٹ انتخابات کیلئے ہمارے متفقہ امیدوار ہیں اور وکلاء کی ... ان باتوں کا اظہار ایس اینڈ اے ایسو سی ایٹس کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان نے سینئیر صحافیوں کے نمائندہ وفد کیساتھ اہم نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ وکلاء تحریک میں معزز وکلاء کے حقوق کی جنگ ہو یا پھر بطور سابقہ سیکرٹری جنرل ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ معزز ممبران و بار کی فلاح و بہبود کیلئے انکی ... سے ہمارے قابل امیدوار برائے پنجاب بار کونسل سیالکوٹ سیٹ نے اپنی عملی کاوشوں سے اپنی قائدانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ انشاءاللہ جیت کر وکلاء برادری کے حقوق وفلاح و بہبود کیلئے موثر عملی اقدامات یقینی بنائیں گے۔

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد فورس میں نظم وضبط اور فزیکل فٹنس کے معیار کو برقرار رکھنے کے لیے جنرل پریڈ کا انعقاد کیا گیا ضلع بھر سے سینئیر پولیس افسران و جوانوں، ایلیٹ فورس، ٹریفک پولیس، ایس پی یو اور لیڈیز اہلکاروں نے شرکت کی جنرل پریڈ کے دوران پولیس کے چاق و چوبند دستوں نے مارچ پاسٹ کرتے ہوئے سلامی دی، پولیس اہلکاروں کو ٹرن آؤٹ مزید بہتر بنانے اور فرائض نیک نیتی سے سر انجام دینے کی ہدایت کی۔

ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ساہیوال میں کلینک آن وہیلز پروگرام کا افتتاح کر دیا

اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی نرجس خاتون جعفری، سابق رکن قومی اسمبلی چوہدری محمد طفیل جٹ اور سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر عبدالمجید نیازی بھی موجود تھے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پیراسے) وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں بسنے والے عوام کو معیاری طبی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کیلئے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال چیچہ وطنی میں "کلینک آن وہیلز" پروگرام کے تحت موبائل ہیلتھ یونٹس کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر شاہد محمود تھے جبکہ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی نرجس خاتون جعفری، سابق رکن قومی اسمبلی چوہدری محمد طفیل جٹ اور سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر عبدالمجید نیازی بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے اس موقع پر کہا کہ یہ اقدام عوامی صحت کے فروغ کی جانب ایک عملی پیش رفت ہے۔ موبائل کلینکس نہ صرف بروقت اور معیاری طبی سہولیات فراہم کریں گے بلکہ THQ ہسپتال اور بنیادی مراکز صحت پر مریضوں کے بڑھتے ہوئے دباؤ میں بھی کمی لائیں گے۔ ان کلینکس میں طبی معائنے، بنیادی ٹیسٹ، الٹرا ساؤنڈ، زچگی کے معائنے، بچوں کو حفاظتی ٹیکے، اور مفت ادویات کی فراہمی کی سہولیات میسر ہوں گی۔ اس منصوبے کے تحت تحصیل چیچہ وطنی کے لیے چھ موبائل یونٹس فراہم کی گئی ہیں، جو ... مؤثر ذریعہ ثابت ہوگا جس سے عوام کو فوری اور مفت علاج میسر آئے گا۔ اختتامی کلمات میں اسسٹنٹ کمشنر نرجس خاتون جعفری نے کہا کہ صحت جیسی بنیادی سہولت کو گھر گھر پہنچانا ریاست کی ذمہ داری ہے، اور "کلینک آن وہیلز" اس خواب کی عملی تعبیر ہے۔

چوہدری مستقیم مہار کی مہار ہاؤس میں معززین حلقہ سے خصوصی ملاقاتیں

حلقہ پی پی 104 کے عوام کے لیے مہار ہاؤس کے دروازے دن رات کھلے ہیں، گفتگو

سمندری (تحصیل رپورٹر) چوہدری مستقیم مہار کی "مہار ہاؤس" پر تشریف لانیوالے معززین حلقہ سے خصوصی ملاقاتیں حلقہ کی سیاسی صورت حال پر تفصیلی تبادلہ خیال، حلقہ میں فوت شدگان کے لواحقین سے تعزیت کے لیے پہنچے۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی آئی حلقہ پی پی 104 کے رہنما چوہدری مستقیم مہار کی مہار ہاؤس ہاؤس تشریف لانیوالے معززین حلقہ سے خصوصی ملاقاتیں حلقہ پی پی 104 سمیت ملکی سیاسی صورت حال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا، چوہدری مستقیم مہار بعدازاں حلقہ پی پی 104 کے مختلف دیہات میں فوت شدگان کے لواحقین سے تعزیت کیلئے پہنچے جہاں انہوں نے مرحومین کے درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ چوہدری مستقیم مہار کا کہنا تھا کہ حلقہ پی پی 104 کے عوام کے دکھ درد میں شریک ہونا اپنا فرض سمجھتا ہوں، انہوں نے کہا کہ مہار ہاؤس کے دروازے حلقہ سمیت سمندری کے عوام کیلئے دن رات کھلے ہیں اور ہم حلقہ کے عوام کی خدمت کے لیے یہاں موجود ہیں۔

سینیٹر سراج الحق اور میاں جلیل شرقپوری کی ایران پر امریکی حملے کی شدید مذمت، پاکستان سے ایران کی کھلی حمایت کا مطالبہ

امریکہ نے ہمیشہ مذاکرات کے بہانے مسلم ممالک کو دھوکہ دیا ہے، اور ایران کے خلاف حالیہ جارحیت اسی سازش کا تسلسل ہے: سراج الحق

شرقپور شریف (نامہ نگار عامر مجید نوشاہی سے) سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان و رکن سینیٹ سراج الحق نے شرقپور شریف میں صاحبزادہ میاں جلیل احمد کے ڈیرے پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ایران پر امریکی حملے کو "عالم اسلام پر حملہ" قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ نے ہمیشہ مذاکرات کے بہانے مسلم ممالک کو دھوکہ دیا ہے، اور ایران کے خلاف حالیہ جارحیت اسی سازش کا تسلسل ہے۔ امریکی مفادات اور اڈوں پر حملے کرنا ایران کا حق ہے، اور جن اسلامی ممالک میں امریکی اڈے موجود ہیں، ایران کو ان پر جوابی کارروائی کا مکمل حق حاصل ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ پاکستانی حکومت کو چاہیے کہ وہ ایران کی جانی، مالی اور سفارتی حمایت کا کھل کر اعلان کرے۔ انہوں نے پاکستان کی قیادت کو بھی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ "پاکستان کی اصل قیادت علماء ومشائخ ہیں، اور تمام مسالک کے علماء کرام ایران کی حمایت کرتے ہیں۔" ان کا کہنا تھا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو نوبل انعام کے لیے نامزد کرنا انتہائی شرمناک عمل ہے۔" وزیراعظم شہباز شریف کو 25 کروڑ عوام سے معافی مانگنی چاہیے اور اللہ سے توبہ کرنی چاہیے۔ میزبان میاں جلیل احمد شرقپوری نے بھی گفتگو کرتے ہوئے ایران کی حمایت میں زور دیا اور کہا کہ "ایٹمی قوت بننا ایران کا حق ہے، اور ہم اس کی کھل کر حمایت کرتے ہیں۔" انہوں نے اسرائیل کو ایک ناجائز ریاست قرار دیتے ہوئے کہا کہ "اسرائیل کے خاتمے سے ہی دنیا میں حقیقی امن قائم ہوگا۔" انہوں نے یاد دلایا کہ امریکہ نے پہلے عراق، افغانستان، لیبیا جیسے ممالک پر ایٹمی ہتھیار رکھنے کے جھوٹے بہانے بنا کر حملے کیے، لیکن اسے کچھ حاصل نہ ہوا۔" آج امریکہ ایک اور مسلم ملک کو غیر مستحکم کرنے کے درپے ہے، جسے ہر صورت ناکام بنانا ہوگا۔

ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ کی سربراہی میں میٹنگ کا انعقاد کیا گیا

میٹنگ میں محرم الحرام کے دوران امن وامان کی فضاء برقرار رکھنے فرقہ وارانہ ہم آہنگی پر زور دیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محرم الحرام کے دوران امن و امان کی فضاء برقرار رکھنے فرقہ وارانہ ہم آہنگی واتحاد بین المسلمین اور باہمی بھائی چارے کو فروغ دینے کیلئے ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ کی سربراہی میں میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈی پی او بلال ظفر شیخ، رکن پنجاب اسمبلی پیر سید اشرف رسول، متحدہ امن کونسل کے صدر رانا وزیر علی ایڈووکیٹ، حاجی طاہر جاوید نقشبندی، ڈاکٹر قاری فیاض الحسن جمیل الازہری، رانا محمد اکرم، صاحبزادہ محمد شہزاد رضوی، حافظ محمد اشفاق گجر، حافظ محمد اشرف طاہر، سید رضا حسین بابر رضوی، ملک تنویر حسین کھوکھر اور بیشن قمر ڈار و دیگر پولیس افسران نے شرکت کی، اس موقع پر محرم الحرام میں امن و امان کے فروغ کے سلسلہ میں اٹھائے گئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی جبکہ متحدہ امن کونسل کے عہدیداران و ارکان نے ضلعی انتظامیہ و ضلع پولیس کو اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروائی اس موقع پر پیر سید اشرف رسول ایم پی اے نے متحدہ امن کونسل کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 22 سال سے یہ کونسل قیام امن کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے جو سراہے جانے لائق ہے ہم توقع رکھتے ہیں کہ آئندہ بھی جملہ عہدیداران و ارکان اسی طرح اپنا مثبت و تعمیری کردار ادا کریں گے واضح رہے کہ کمشنر لاہور ڈویژن زین بن مقصود نے بھی بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی۔

محرم الحرام اور سیکیورٹی اقدامات: مرکزی بین المذاہب امن کمیٹی پاکستان کی جانب سے حکومتی حکمت عملی کو خراج تحسین اور قومی ذمہ داری کا اعادہ

محرم الحرام اسلامی تقویم کا پہلا مہینہ ہے، جو تاریخ اسلام میں نہ صرف غم واندوہ، صبر واستقامت اور حق وباطل کے عظیم معرکے کی یاد دلاتا ہے

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) محرم الحرام اسلامی تقویم کا پہلا مہینہ ہے، جو تاریخ اسلام میں نہ صرف غم و اندوہ، صبر واستقامت اور حق و باطل کے عظیم معرکے کی یاد دلاتا ہے، بلکہ اس مہینے کی حرمت ہمیں امن، صلح، برداشت اور بھائی چارے کے پیغام کی تلقین بھی کرتی ہے۔ پاکستان جیسے کثیر المذاہب اور کثیر المسالک معاشرے میں اس مہینے کے دوران امن و امان کی فضا قائم رکھنا ریاست، اداروں، مذہبی قیادت، سول سوسائٹی اور عوام سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب کی جانب سے محرم الحرام 1447ھ کے سلسلے میں سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات، جدید ای پورٹل کا قیام، اضلاع کی سطح پر ایمرجنسی پلان کی تیاری، حساس مقامات کی نشاندہی، موبائل سگنلز کی عارضی بندش، لاؤڈ اسپیکر کے غیر قانونی استعمال کے خلاف کارروائی، جلوسوں کی طے شدہ حدود کی پابندی اور مجالس کی مکمل مانیٹرنگ جیسے اقدامات قابل تحسین، دوراندیش اور وقت کی اہم ترین ضرورت ہیں۔ جدید ای پورٹل کا قیام یقیناً ایک انقلابی قدم ہے، جس سے نہ صرف مرکزی سطح پر حالات کی نگرانی آسان ہوگی بلکہ ضلعی سطح پر مؤثر رابطہ کاری، معلومات کی ترسیل اور خطرات کے تیز رفتار تجزیے کی راہ بھی ہموار ہوئی ہے۔ اگر یہ نظام مکمل شفافیت، بروقت اپڈیٹس اور انٹیلیجنس رپورٹنگ سے مربوط ہو تو پاکستان جیسے حساس معاشرتی تانے بانے والے ملک میں کسی بھی ممکنہ فرقہ وارانہ چنگاری کو شعلہ بننے سے روکا جا سکتا ہے۔ پنجاب ساؤنڈ سسٹم ریگولیشن ایکٹ 2015 کے نفاذ کا اعادہ، بغیر اجازت لاؤڈ اسپیکر کے استعمال پر سخت کارروائی، اور مخصوص مذہبی نعروں یا اشتعال انگیز زبان پر پابندی جیسے اقدامات معاشرتی امن کی کلیدیں ہیں۔ یہ پالیسی اس حقیقت کو تسلیم کرتی ہے کہ مذہبی آزادی کے ساتھ ساتھ دوسروں کے جذبات کا احترام بھی ایک اسلامی اور جمہوری معاشرے کا بنیادی اصول ہے۔ مرکزی بین المذاہب امن کمیٹی پاکستان ہمیشہ سے اس موقف پر قائم رہی ہے کہ ملک میں فرقہ واریت، مذہبی منافرت اور لسانی تعصب کے خلاف ریاستی اقدامات اس وقت مؤثر ہوں گے جب تمام طبقات مل کر ان کے نفاذ کو اپنی قومی ذمہ داری سمجھیں گے۔

وزیراعلیٰ پنجاب کے ہیلتھ پروگرام "کلینک آن ویلز" کے تحت 7 نئی موبائل ہیلتھ کلینک ڈیبکلز کی افتتاحی تقریب

اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے ٹی ایچ کیو ہسپتال کے ڈرائیورز میں 7 نئی موبائل ہیلتھ کلینک ڈیبکلز کی چابیاں تقسیم کیں

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ) وزیراعلیٰ پنجاب کے ہیلتھ پروگرام "کلینک آن ویلز" کے تحت 7 نئی موبائل ہیلتھ کلینک ڈیبکلز کی افتتاحی تقریب، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے ٹی ایچ کیو ہسپتال کے ڈرائیورز میں 7 نئی موبائل ہیلتھ کلینک ڈیبکلز کی چابیاں تقسیم کیں، اس موقع پر ایم ایس ہسپتال دیپالپور ڈاکٹر عادل رشید، میاں افضل کمیانہ، ڈاکٹر زبیر احمد طاہر، صدر عوامی پریس کلب دیپالپور چوہدری عامر نذیر کمبوہ، جنرل سیکرٹری رشید احمد پراچہ، سینئر صحافی رمضان اشرف و دیگر موجود تھے اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے کہا کہ عوام کو صحت عامہ کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لیے کلینک آن ویلز اپنی نوعیت کا منفرد منصوبہ ہے جس کے تحت عوام کی دہلیز پر بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کو ممکن منایا جا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ نئی موبائل ہیلتھ کلینک ڈیبکلز کی بدولت اب عوام الناس کو دور دراز کے علاقوں تک طبی سہولیات با آسانی فراہم کی جا سکیں گی اور اس سلسلہ میں محکمہ ہیلتھ کی استعداد کار میں اضافہ ہوگا، ٹی ایچ کیو ہسپتال انتظامیہ نے ہیلتھ کلینک ڈیبکلز کی تقسیم پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا

اسسٹنٹ کمشنر شرقپور نعیم اکرم نے چیف آفیسر جاوید چوہان کا محرم میں جلوسوں کے روٹ کا دورہ

شرقپور شریف (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر شرقپور نعیم اکرم نے چیف آفیسر جاوید چوہان، تحصیلدار رضوان ڈوگر، سینٹری انسپکٹر ملک تاج دین، آکاش خورشید کے ہمراہ محرم الحرام میں مجالس عزا، ماتمی جلوسوں کے روٹ اور امام بارگاہوں کا معائنہ کیا پانچ محرم الحرام کو تحصیل روڈ سید خاور عباس نقوی کے زیراہتمام شبیہ ذوالجناح کے روٹ کا معائنہ کیا محلہ احاطہ آبکاری، امام بارگاہ خدیجتہ الکبریٰ، امام بارگاہ گلستان زہرا، شکیلہ والی گلی میں ماتمی جلوس کے روٹ کا معائنہ کیا۔ میونسپل کمیٹی کو صفائی کا بہتر انتظام کرنے اور واپڈا اہلکاروں کو بجلی سپلائی کی بہتری کے احکامات دیئے۔

دودھ ایک مکمل غذا ہے اور اس میں ملاوٹ کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں

ممنوع اجزاء کے استعمال، صفائی کے انتہائی ناقص انتظامات اور ملاوٹی دودھ کی فروخت پر ایک یونٹ سیل

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) دودھ ایک مکمل غذا ہے اور اس میں ملاوٹ کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ممنوع اجزاء کے استعمال، صفائی کے انتہائی ناقص انتظامات اور ملاوٹی دودھ کی فروخت پر ایک یونٹ سیل شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر ناکہ بندی کر کے دودھ بردار گاڑیوں میں موجود 14000 لیٹر دودھ کو جدید لیکٹو سکین مشین سے چیک کیا گیا۔ ملک شاپس کی چیکنگ کے دوران 1560 لیٹر دودھ کو چیک کیا گیا۔ 140 لیٹر ملاوٹی دودھ تلف اور 43000 روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ فوڈ سیفٹی ٹیمز نے مختلف فوڈ پوائنٹس اور سویٹس اینڈ بیکرز پروڈکشن یونٹس کو بھی چیک کیا۔ دوران معائنہ صفائی اور سٹوریج کے ناقص انتظامات پائے گئے۔ ورکرز کے میڈیکل سرٹیفکیٹس بھی عدم موجود پائے گئے جس بنا پر 38000 روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ ضلع بھر میں فوڈ سیفٹی ٹیمز نے 135 انسپکشنز کیں۔ قوانین کی خلاف ورزی پر مجموعی طور پر 93000 روپے کے جرمانے عائد، 3 کلو سے زائد ایکسپائرڈ مصنوعات تلف کر دی گئیں۔

اسرائیل کے جنگی جنون نے دنیا کا امن تباہ کر دیا ہے

ان خیالات کا اظہار عہدیداران مرکزی جمعیت اہلحدیث سٹی و تحصیل سمندری نے کیا

سمندری (تحصیل رپورٹر) اسرائیل کے جنگی جنون نے دنیا کا امن تباہ کر دیا ہے، ان خیالات کا اظہار عہدیداران مرکزی جمعیت اہلحدیث سٹی و تحصیل سمندری نے کیا، میڈیا سے اظہار خیال کرتے ہوئے تحصیل امیر مرکزیہ سمندری مولانا بہادر علی سیف، امیر مرکزیہ سٹی ایچ نصر اللہ، ناظم اعلیٰ تحصیل ڈاکٹر ایوب صدیقی، ناظم مالیات تحصیل قاری عبدالخالق بخاری، ناظم اعلیٰ سٹی قاری حفیظ الرحمن عاصم، تحصیل صدر اہلحدیث یوتھ فورس قاری سمیع اللہ، جنرل سیکرٹری حافظ یاسر فاروق، ناظم سیاسی امور ضلع فیصل آباد چوہدری عمر فاروق گجر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا انہوں نے کہا کہ فلسطین اور غزہ کے بعد ایران پر حملہ آور ہونا کھلی دہشت گردی ہے اسرائیل کا ایران پر حملہ اسلامی ممالک کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے غیر مسلم قوتوں کا راستہ روکنے کیلئے مسلم ممالک کو اسرائیل اور اس کے حمایتوں کے خلاف متحد ہونا ہوگا

علاقہ نارنگ میں وسیع پیمانے پر ترقیاتی کام شروع کئے جا رہے ہیں: چوہدری حسان ریاض

عوام سے کئے تمام وعدے جلد پایہ تکمیل کو پہنچیں گے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی درخواست پر ڈویژنل پبلک سکول کے قیام کی منظوری دے دی گئی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ممبر صوبائی اسمبلی چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی آبپاشی پنجاب چوہدری حسان ریاض نے سٹی پریس کلب میں گفتگو کرتے ہوئے کہا علاقہ نارنگ میں وسیع پیمانے پر ترقیاتی کام شروع کئے جا رہے ہیں عوام سے کئے تمام وعدے جلد پایہ تکمیل کو پہنچیں گے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی درخواست پر ڈویژنل پبلک سکول کے قیام کی منظوری دے دی گئی ہے جس سے سینکڑوں طلباء استفادہ حاصل کریں گے اردگرد کی شاہراہوں کی تعمیر جلد مکمل کر دی جائے گی مسلم لیگ ن کی باصلاحیت قیادت معاشی صورت حال کی بہتری کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے ان شاء اللہ مایوس نہیں کریں گے زیر تعمیر شاہراہیں جلد مکمل کر دی جائیں گی جبکہ نئی شاہراہوں کی تعمیر کے منصوبہ جات جلد شروع کر دیئے جائیں گے جس کے لئے منظوری دی جا چکی ہے ڈویژنل پبلک سکول کی تعمیر بھی چند ماہ میں شروع کر دی جائے گی جس سے طلباء کو دوسرے شہروں میں جانے کی ضرورت نہیں ہوگی سپورٹس کمپلیکس کے لئے بھی حتمی منظوری جلد متوقع ہے جس سے علاقہ میں سپورٹس سرگرمیاں مزید بڑھیں گی نوجوان نسل ہمارا سرمایہ ہے جنھوں نے ملک کی بھاگ دوڑ سنبھالنی ہے ان کو اعلیٰ تعلیم اور کھیل کیلئے حکومت تمام مواقع فراہم کرے گی تاکہ دنیا میں اپنا لوہا منوا سکیں۔

ماڈل ٹاؤن اگوکی فیز 1 میں ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ شمس عمران

ماڈل ٹاؤن سوسائٹی اگوکی فیز ون میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ اور مستقبل کے منصوبوں کی تکمیل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کنوینئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی خصوصی ہدایات پر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی اگوکی فیز ون میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ لینے کے لیے ڈائریکٹرز پر مشتمل ایک ٹیم نے مختلف چوکوں، چوراہوں اور سڑکوں کا تفصیلی معائنہ کیا اس ٹیم نے خصوصی طور پر موماں کلاں سے شروع ہونے والے روڈز اور سڑکوں کی تعمیر کا جائزہ لیا اس موقع پر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے ممبران سے اپیل کی گئی کہ وہ سوسائٹی کی تعمیر و ترقی کیلئے اپنے قیمتی اور بامقصد مشورے فراہم کریں تاکہ ان پر عمل درآمد کر کے سوسائٹی تعمیر ترقی کے کاموں کو مزید بہتر بنایا جا سکے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے ڈائریکٹرز نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ محمد خالد وسیم کا بنیادی وژن ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کی تعمیر و ترقی ہے۔ اسی مقصد کے تحت "خدمت میں عظمت" کا نعرہ اپنایا گیا ہے جس پر عمل پیرا ہو کر تمام ترقیاتی کاموں کو تیزی سے پایہ تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے۔ ان کاموں میں سڑکوں کی تعمیر و ترقی، نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانا ہے۔ انتظامیہ سوسائٹی کا مقصد اپنے مکینوں کو ایک پرسکون اور معیاری رہائشی ماحول فراہم کرنا ہے آخر میں ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے تمام ممبران سے پر خلوص اپیل کی گئی ہے کہ وہ اپنے بقایاجات اور واجبات بروقت ادا کریں۔ اس تعاون سے سوسائٹی کے زیر تعمیر کاموں کو نہ صرف جلد از جلد مکمل کیا جا سکے گا بلکہ مستقبل کے مزید ترقیاتی منصوبوں کی بنیاد بھی رکھی جا سکے گی سوسائٹی کی ترقی کے لیے تمام ممبران کا فعال کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

شرقپور شریف: شگفتہ میڈیکل کمپلیکس کا افتتاح، ایک ہی چھت تلے تمام امراض کا جدید علاج دستیاب

شرقپور شریف (نامہ نگار) شہر کے عوام کے لیے ایک انقلابی قدم کے طور پر شگفتہ میڈیکل کمپلیکس کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ جدید طبی سہولیات سے آراستہ اس کمپلیکس میں تمام امراض کے لیے کوالیفائیڈ ڈاکٹرز اور ماہر سرجنز دستیاب ہوں گے، جو مریضوں کو ایک ہی چھت تلے مکمل اور معیاری علاج مہیا کریں گے۔ افتتاحی تقریب ایک پروقار انداز میں منعقد ہوئی جس میں علاقے کی ممتاز شخصیات، سماجی رہنما اور صحافی برادری جن میں سید طہماسپ علی نقوی، چمن خان، ڈاکٹر محمد شہباز، عامر مجید نوشاہی و دیگر معزز مہمان شامل تھے۔ شرکاء نے شگفتہ میڈیکل کمپلیکس کے قیام کو علاقے کی ایک بڑی ضرورت قرار دیتے ہوئے اسے صحت عامہ کے لیے ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔ تقریب کے موقع پر شگفتہ میڈیکل کمپلیکس کے سی ای او ارسلان آصف اور معروف سرجن ڈاکٹر وقاص رگو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ: شرقپور اور گردونواح کے عوام کے لیے یہ بہت بڑی خوشخبری ہے کہ اب انہیں اپنے امراض کے علاج کے لیے دور دراز شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا۔ شگفتہ میڈیکل کمپلیکس میں ہر شعبہ کے مستند اور تجربہ کار ڈاکٹر موجود ہوں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ: یہ کمپلیکس جدید طبی مشینری سے لیس ہے جہاں ہر قسم کی سرجری بھی ممکن ہوگی۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ یہاں چوبیس گھنٹے ایمرجنسی سروس فراہم کی جائے گی، جو علاقے میں صحت کی سہولیات میں ایک نیا سنگ میل ہے۔

چنیوٹ میں تین روزہ خاتم النبیین فن خطاطی نمائش کا انعقاد

آرٹ سے وابستہ نوجوانوں نے اپنے ہاتھ سے تیار شدہ خوبصورت اور دلکش پینٹنگ نمائش میں رکھی جسے لوگوں نے خوب سراہا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ میں تین روزہ خاتم النبیین فن خطاطی نمائش کا انعقاد ملک بھر سے آرٹ سے وابستہ نوجوان افراد کی بھرپور شرکت تفصیلات کے مطابق کمز کالج چنیوٹ میں تین روزہ خاتم النبیین فن خطاطی نمائش ... شرکت کی اس موقع پر پرنسپل کمز کالج اعجاز علی ونیس، ممبران صوبائی اسمبلی سید ذوالفقار علی شاہ، مولانا محمد الیاس چنیوٹی، پروفیسر محمد منشا، آرٹسٹ اشرف حرا، مختار احمد مختار، نذر قیوم، سماجی شخصیت سید نورالحسن شاہ و دیگر نے خطاب کیا ... نوجوانوں میں شعور بیدار کرنے کے لیے ایک سنگ میل ثابت ہوگی اس طرح کی کامیاب نمائش سے فن خطاطی کو فروغ ملے گا اس موقع پر دیگر مقررین نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اس خطاطی نمائش ...

عملہ صفائی ہیروز کو اعزازیہ کے چیک تقسیم کرنے کی تقریب نجی مارکی میں منعقد ہوئی

تقریب میں وفاقی پارلیمانی سیکرٹری کشمیر امور گلگت بلتستان اور ایم این اے چوہدری امرالحق ... جنگلات چوہدری اکمل سرگالہ ... ڈویلپمنٹ بلال نے خصوصی شرکت کی

شکرگڑھ (عمران عارف سے) عیدالضحیٰ کے موقع شہروں اور دیہاتوں میں صفائی ستھرائی کے ... جنگلات چوہدری اکمل سرگالہ ... منیجر ویسٹ مینجمنٹ بلال نے خصوصی شرکت کی ... بدولت صفائی کے نظام میں مزید بہتری آئی ہے ... مقررین کا کہنا تھا کہ ستھرا پنجاب کے عملہ نے صفائی ...

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

ٹرمپ کو نوبل امن انعام دینے کی تجویز

بیان کی تصدیق کرتا ہے۔ لیکن نئی دہلی کی حکومت ٹرمپ کے اس کردار کو ماننے پر آمادہ نہیں ہے۔ اس لیے نوبل کمیٹی نے اگر واقعی ٹرمپ کے نام پر سنجیدگی سے غور کیا تو اسے اس معاملہ پر تحقیق کرنا پڑے گی کہ صدر ٹرمپ نے واقعی یہ جنگ رکوائی ہے یا بھارت کا یہ موقف درست ہے کہ پاکستان اور بھارت نے چار روز ایک دوسرے کو آزما کر خود ہی جنگ بند کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اس نامزدگی یا نوبل امن انعام کے لیے ٹرمپ کی اہلیت کے حوالے سے البتہ غزہ میں تسلسل سے ہونے والی خوں ریزی اور ایران پر اسرائیلی حملے سے پیدا ہونے والی صورت حال میں امریکی صدر کا کردار ضرور سوالیہ نشان بن کر سامنے آتا ہے۔

روم کا غیر رسمی کلب اور سابق ایرانی بادشاہ رضا شاہ پہلوی

ایران اسرائیل جنگ

تحریر: الیاس گجر

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے ایران اسرائیل جنگ میں ملوث ہونے سے گریز کے بعد اب اس تنازعہ کے خاتمے اور جنگ بندی کے امکانات روشن ہوئے ہیں۔ تھوڑی دیر پہلے وائٹ ہاو?س کی ترجمان کیرولائن لیوٹ نے کہا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران سے متعلق فیصلہ دو ہفتوں کے لیے موو?خر کر دیا ہے۔ اس سے پہلے یہ قیاس کیا جا رہا تھا کہ امریکہ کسی بھی لمحے اس تنازعہ میں شامل ہو سکتا ہے۔ جمعہ کو جرمنی، فرانس اور برطانیہ کے وزرائے خارجہ جنیوا میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات کریں گے تاکہ اسرائیل کے ساتھ جنگ کے خاتمہ کے لیے کوئی راستہ نکالا جا سکے۔ اس دوران اگرچہ ایران کی طرف سے اعلان کیا جاتا رہا ہے کہ وہ اسرائیلی حملوں کے دوران مذاکرات پر آمادہ نہیں ہے۔ تاہم اس کے ساتھ ہی ایران نے یہ بھی واضح کیا تھا کہ وہ نہ صرف جوہری معاہدے پر راضی ہے بلکہ وہ جوہری ہتھیار بنانے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا۔ تاہم ایران کے لیڈروں کا موقف رہا ہے کہ اسے سول مقاصد کے لیے جوہری پروگرام جاری رکھنے کا حق حاصل ہے۔ اور وہ اس سے دست بردار نہیں ہوگا۔ صدر ٹرمپ 15 جون کو کینیڈا میں شروع ہونے والے جی سیون کے دو روزہ اجلاس کے ایک دن بعد ہی واشنگٹن واپس چلے گئے تھے۔ اس وقت سے انہوں نے ایران کو شکست قبول کرنے، ایرانی رہبر اعلیٰ علی خامنہ ای کو ہلاک کرنے اور اسرائیل کے ساتھ جنگ میں شامل ہونے کے بارے میں متعدد اشتعال انگیز اور سنسنی خیز بیان دیے تھے۔ انہیں بیانات کی روشنی میں عالمی میڈیا میں یہ خبریں بھی سامنے آنے لگی تھیں کہ صدر نے اسرائیل کے ساتھ جنگ میں شامل ہونے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ بس آخری حکم کا انتظار ہے۔ گزشتہ روز امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل نے کہا تھا کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران پر حملے کے منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ تاہم ابھی یہ فیصلہ نہیں کیا کہ ایران پر حملہ کب کرنا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے نے بھی ایسی ہی خبر دیتے ہوئے کہا تھا کہ ٹرمپ نے ایران پر حملے کے منصوبے کی منظوری دے دی ہے لیکن حتمی فیصلہ ابھی باقی ہے۔ البتہ صدر ٹرمپ نے خود یہ کہہ کر ان خبروں کی تردید کی تھی کہ 'وال اسٹریٹ جرنل کو اندازہ نہیں ہے کہ میں ایران کے بارے میں کیا سوچ رہا ہوں'۔ اس دوران اگرچہ امریکی صدر یہ بھی کہتے رہے تھے کہ 'میں ایران پر حملہ کر بھی سکتا ہوں یا ہو سکتا ہے میں ایران پر حملہ نہ کروں'۔ ان بیانات کی وجہ سے پوری دنیا میں شدید بے چینی موجود تھی۔ سیاست دان اور مبصرین یکساں طور سے اس تشویش کا اظہار کرتے رہے تھے کہ اس تنازعہ میں اسرائیل کی طرف سے امریکہ کی شمولیت سے یہ جنگ پورے مشرق وسطیٰ میں پھیل جائے گی اور ایران کے ساتھ کسی قسم کی مفاہمت کا امکان ختم ہو جائے گا۔ اس دوران روس اور چین نے علیحدہ علیحدہ تنازعہ میں امریکہ کی شمولیت کے بارے میں متنبہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ اس کے سنگین نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔ چند گھنٹے پہلے چینی صدر شی جین پنگ اور روسی صدر پوتن کے درمیان فون پر بات ہوئی۔ دونوں ملکوں نے کہا تھا کہ اسرائیلی جارحیت اقوام متحدہ کے چارٹر اور دیگر عالمی



قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ ایران کے جوہری پروگرام کے مسئلہ کا کوئی فوجی حل نہیں ہے۔ یہ مسئلہ سفارتی رابطوں سے طے کرنے کی ضرورت ہے۔ اس سے پہلے روس کی وزارت خارجہ نے اسرائیل کے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے اسے مضحکہ خیز اور بلا اشتعال قرار دیا تھا۔ روس کے نائب وزیر خارجہ سرگئی ریابکوف نے امریکہ کو خبردار کیا تھا کہ وہ اسرائیل کو فوجی امداد فراہم نہ کرے۔ یہ اقدام ڈرامائی طور پر پوری صورتحال کو غیر مستحکم کرے گا۔ اس دوران چین کے صدر شی جین پنگ نے علاقائی تعاون کے فروغ کی بات کرتے ہوئے جنگ جوئی اور جارحیت کو

کرے۔

امریکہ کے یورپی حلیف بھی ایران کے خلاف اسرائیلی جنگ جوئی کے خلاف تھے اور سفارتی انداز میں صدر ٹرمپ کو اس تنازعہ کو ختم کرانے کا مشورہ دیتے رہے تھے۔ ان کا موقف تھا کہ امریکہ ہی یہ جنگ بند کرا سکتا ہے۔ تاہم ٹرمپ کا موقف رہا ہے کہ وہ جنگ بندی نہیں چاہتے بلکہ اس مسئلہ ہی کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ تاہم اس کے ساتھ ہی انہوں نے ایران کو دھمکی والے بیانات کے ذریعے واضح کر دیا کہ وہ اس تنازعہ میں کوئی غیر جانبدار ثالث نہیں ہیں بلکہ اسرائیل کی سرپرستی پر تلے ہوئے ہیں۔ تاہم یورپ کے علاوہ چین اور روس کے انتباہ کے بعد صدر ٹرمپ کو اپنا موقف تبدیل کرنے پر مجبور ہونا پڑا ہے۔ وائٹ ہاو?س کی ترجمان کیرولائن لیوٹ نے تھوڑی دیر پہلے میڈیا بریفنگ میں کہا ہے کہ 'صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران سے متعلق فیصلہ دو ہفتوں کے لیے موو?خر کر دیا ہے۔ صدر سمجھتے ہیں کہ مستقبل قریب میں بات چیت ہوتی ہے تو مذاکرات کے بڑے مواقع موجود ہیں۔ مستقبل قریب میں ایران سے مذاکرات کا موقع نکل بھی سکتا ہے، نہیں بھی نکل سکتا'۔

اسی دوران جمعہ کو تین اہم یورپی ملکوں کے وزرائے خارجہ کی ایرانی وزیر خارجہ کے ساتھ متوقع بات چیت میں ایران کے جوہری پروگرام اور اسرائیلی جارحیت روکنے کے حوالے سے کوئی متوازن اور قابل قبول راستہ

اسے جنگ میں شکست ہو گئی ہے۔ حالانکہ گزشتہ چند روز کے دوران جاری رہنے والی جھڑپوں کے بارے میں یہ کہنا ممکن نہیں ہے کہ کوئی ایک ملک جنگ ہار گیا ہے۔ اسرائیل نے ایران کے انفرا اسٹرکچر کو بھاری نقصان پہنچایا ہے اور اس کے متعدد فوجی لیڈروں اور سائنسدانوں کو ہلاک کر کے ایران کی مشکلات میں اضافہ کیا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ایران مسلسل اسرائیل پر میزائل حملے کر رہا ہے۔ اسرائیل کے دعوو?ں کے باوجود کسی کو اندازہ نہیں ہے کہ ایران کے پاس میزائلوں کا کتنا ذخیرہ ہے اور وہ کس حد تک مہلک ہو سکتے ہیں۔ کل رات ایرانی حملے میں اسرائیلی فوج کے کنٹرول اینڈ کمانڈ سنٹر کو نقصان پہنچایا گیا اور ایک انٹیلی جنس مرکز پر میزائل گرائے گئے۔ ان میں سے ہی ایک میزائل ایک قریبی ہسپتال پر بھی گرا ہے جس پر اسرائیلی وزیر اعظم ایرانی حملوں کو 'درندگی' قرار دیتے ہوئے سخت انتقام لینے کے دعوے کر رہے ہیں۔ اور وزیر دفاع نے کہا ہے کہ اب ایرانی سپریم لیڈر کو مار دیا جائے گا۔

تاہم تمام تر بلند بانگ دعوو?ں کے باوجود اسرائیل کو تاریخ میں پہلی بار اپنی سرزمین پر براہ راست حملوں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ اس کے شہری بنکروں میں چھپے رہنے اور کسی بھی وقت کسی حملہ میں ہلاکت و تباہی کا خوف محسوس کر رہے ہیں۔ کسی بھی حکومت کے لیے یہ صورت حال اطمینان بخش نہیں ہے۔ اسرائیل نے اگر ایران میں اینٹ سے

اعلان کرنے کے باوجود اسرائیلی حکومت کی طرف سے کسی عسکری ٹھکانے یا انفرا اسٹرکچر کی تباہی کے بارے میں خبر دینا منع ہے۔ اس لیے یہ اندازہ کرنا ممکن نہیں ہے کہ اسرائیل میں ایرانی حملوں نے کتنا نقصان پہنچایا ہے۔ اسرائیل کی طرف سے امریکی مداخلت کا تقاضا کرنے کی بھی یہی وجہ ہے کہ وہ خود کو تن تنہا ایرانی 'خطرے' کو ختم کرنے کا اہل نہیں سمجھتا۔ اس کے ساتھ ہی وہ متعدد اہداف تباہ کرنے کے باوجود یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ اس نے ایران کی جوہری ہتھیار بنانے کی صلاحیت ختم کر دی ہے۔ ماہرین کے خیال میں صرف فضائی حملوں سے یہ مقصد حاصل ہونا ممکن نہیں ہے۔

صدر ٹرمپ کی طرف سے دو ہفتے توقف کے اعلان اور جمعہ کو یورپی وزرائے خارجہ کی سفارتی کوششوں اور درپردہ چین و روس کے دباو? کی صورت حال میں امید کی جا سکتی ہے کہ فریقین کسی ایسے معاہدے پر پہنچ جائیں گے جس کے نتیجے میں ایران جوہری ہتھیار بنانے سے گریز کا باضابطہ اعتراف کر لے۔ اور امریکہ اسرائیل کو حملے بند کرنے کا مشورہ دے۔ ایران پہلے ہی کہہ چکا ہے کہ اگر اسرائیل جارحیت بند کر دے تو وہ بھی میزائل پھینکنے بند کر دے گا۔ اس طرح سب کی فیس سیونگ بھی ہو جائے گی اور خود پسند امریکی صدر کو ایک بار پھر یہ دعویٰ کرنے کا موقع مل جائے گا کہ انہوں نے نہایت چالاکی سے دباو? ڈال کر یہ جنگ بند کرادی

سپینوزا کا پرستار۔ آئزک سنگر کے افسانے کی تلخیص اور ترجمہ

تحریر؛ خالد جاوید چودھری

شام کا وقت تھا ہم ابھی والی بال کھیل کر فارغ ہی ہوئے تھے کہ ایک شخص کو بیگ گلے میں لٹکائے ہوئے سکول میں داخل ہوتے ہوئے دیکھا۔ قریب آنے پر معلوم ہوا کہ موصوف سلامت علی ہیں۔ سلامت علی میرا میٹرک سے لے کر بی ایس سی تک کا کلاس فیلو رہا تھا اور اس کی تعیناتی بھی میرے ساتھ ہی ضلع مظفر گڑھ کے ایک گاو?ں میر ہزار سے دس بارہ کلومیٹر آگے کسی پس ماندہ ترین علاقے میں ہوئی تھی۔ گو کہ میری اپنی تعیناتی بھی ایک پس ماندہ ترین علاقے روجھان میں ہوئی تھی۔ لیکن وہاں پر بس اور ٹرین دونوں ذرائع آمد و رفت ہی موجود تھے۔ جب کہ میر ہزار کی صورت حال اس سے بھی دگرگوں تھی۔ وہاں تک پہنچنے کے لیے واحد ذریعہ آمد و رفت انسان کی ٹانگیں تھیں۔ جن پر دس بارہ کلومیٹر سفر طے کرنا پڑتا تھا۔ ویسے انسانی ٹانگوں کے متبادل کے طور پر اونٹوں اور گدھوں کی ٹانگیں بھی بعض اوقات دستیاب ہو جایا کرتی تھیں۔ یعنی کہ یہ پیدل سفر اونٹوں یا گدھوں پر سوار ہو کر بھی طے کیا جا سکتا تھا۔ میں اور سلامت کوئٹہ کا ایک یادگار سفر بھی اکٹھے مل کر کر چکے تھے۔ یہ اُن دنوں کی بات ہے جب ہم گورنمنٹ کالج بورے والا میں بی ایس سی کے سٹوڈنٹس تھے ایک دن سلامت کالج آیا تو بڑا پریشان دکھائی دے رہا تھا، دریافت کرنے پر اس نے بتایا کہ اس کا ایک بڑا بھائی فوج میں ہے۔ جس کی پوسٹنگ آج کل کوئٹہ میں ہے

وہاں اس کی اپنے حوالدار سے کسی مسئلے پر لڑائی ہو گئی ہے۔ جس کی وجہ سے وہ آج کل کوارٹر گارڈ میں بند ہے۔ خدشہ ہے کہ کہیں اس کا کورٹ مارشل کر کے اس کو سزا نہ سنا دی جائے۔ آج کل سفارش ڈھونڈ رہا ہوں جس کی مدد سے بھائی کی جان چھڑائی جا سکے۔ میں نے اسے تسلی دی کی فکر مت کرو سفارش تمہیں مل چکی ہے۔ میرا بڑا بھائی فوج میں کیپٹن ہے اور وہ بھی آج کل وہاں پر آرٹلری سکول میں ایک کورس کر رہا ہے چلو اس کے پاس چلتے ہیں اور بھائی کو چھڑا لاتے ہیں۔ میرا خیال تھا کہ فوج کا کپتان پولیس کپتان، فٹ بال، کرکٹ، اور ہاکی کا کپتان اسی طرح کی کوئی توپ چیز ہوتی ہے۔ لیکن جب میرا چھاو?نی میں اُن کے پاس آنا جانا شروع ہوا تو پتہ چلا کہ فوج کا کپتان تو افسری لائن میں تقریباً سب سے چھوٹا افسر ہی ہوتا ہے۔ بہرحال اسی غلط فہمی کی وجہ سے ہم نے کوئٹہ جانے کا پروگرام بنا لیا۔ بورے والا سے بس کے ذریعے ہم ملتان پہنچے اور وہاں سے ریلوے سٹیشن جہاں سے ہم نے چلتن ایکسپریس پر کوئٹہ پہنچنا تھا۔ یہ 1973ء کا ذکر ہو رہا ہے اس وقت ریلوے کا سفر بہت محفوظ، آرام دہ بلکہ رومانوی تصور کیا جاتا تھا۔ گاڑی عین وقت پر سٹیشن پہنچ گئی۔ گاڑی کے رکتے ہی مسافر اس پر سوار ہونے کے لیے ٹوٹ پڑے ہم نے ٹکٹ پہلے ہی خرید رکھے تھے۔ ہم دونوں بھی کندھوں پر اپنا اپنا سفری بیگ لٹکائے گاڑی پر سوار ہونے کی کوشش میں

تھے۔ کچھ تو یہاں رش بھی زیادہ تھا اور کچھ اپنے پینڈو پن والی جھجک اور ہچکچاہٹ کی وجہ سے ہمیں کامیابی نہ مل سکی۔ ہم لوگ ایک بوگی کے دروازے پر جاتے اور وہاں پر گاڑی میں سوار ہونے والے لوگوں کا جم غفیر دیکھ کر آگے بڑھ جاتے۔ آگے بڑھتے بڑھتے ہم ایک ایسے ڈبے تک پہنچنے میں کامیاب ہو گئے جس کے دروازے پر گاڑی میں سوار ہونے والا کوئی ایک مسافر بھی نہیں تھا ہم آرام سے ڈبے میں داخل ہو گئے۔ پوری بوگی تقریباً خالی ہی پڑی تھی۔ خال خال سواری ہی نظر آ رہی تھی۔ سیٹیں بڑی آرام دہ تھیں پنکھے چل رہے تھے۔ قصہ مختصر یہ کہ ڈبے کے اندر بڑا ہی خوش گوار ماحول تھا۔ جب کہ جس جگہ سے ہم ہو کر آ رہے تھے وہاں بوگیاں کھچا کھچ بھری ہوئی تھیں اور اس کے باوجود اُن کے دروازوں پر سواریوں کا ایک بڑا اژدہام تھا جو اندر داخل ہونے کی کوشش میں مصروف تھا۔ بڑی سی سیٹ تھی جس پر ہم دونوں ہی بیٹھے ہوئے تھے۔ اس کے علاوہ بھی جگہ جگہ خالی سیٹیں نظر آ رہی تھیں۔

اب ہم نے اپنے اس قومی رویے پر باقاعدہ بات چیت کی کہ ہمارے لوگ کس قدر بیوقوف ہیں کہ ایک ہی جگہ پر بوگی میں گھسنے کے لیے ایک دوسرے سے لڑ بھڑ رہے ہیں۔ یہ نہیں کہ آگے پیچھے چل پھر کر کوئی خالی ڈبہ تلاش کر لیں۔ جیسا کہ ہم نے کر لیا ہے۔ ہماری اس رویے کی وجہ محض ہماری تعلیم ہی ہے کیوں کہ ہم لوگ پڑھے لکھے اور عقل مند ہیں۔ اس

لیے ایک ہی جگہ دھکم پیل کرنے کی بجائے ہم نے آگے بڑھتے بڑھتے بیٹھنے کے لیے بہتر جگہ تلاش کر لی ہے۔ جب کہ وہ لوگ یا تو ریل میں سوار ہونے سے رہ گئے ہوں گے۔ لیکن اگر سوار ہو بھی گئے ہوں گے تو وہ سواریوں کے درمیان پھنسے کھڑے ہوں گے۔ بہرحال دونوں کافی دیر تک اسی موضوع پر تبادلہ خیال کرتے رہے۔

سفر کافی لمبا تھا میں نے زادِ راہ کے طور پر ابن صفی کے تین چار عمران سیریز پر مشتمل جاسوسی ناول بھی ساتھ رکھ لیے تھے۔ میں نے اپنی سیٹ پر لیٹ کر ناول پڑھنا شروع کر دیا۔ سلامت کو اس سے کوئی دل چسپی نہیں تھی۔ وہ میرے سامنے والی برتھ پر بیٹھ کر شیشے سے باہر جھانکنے لگا۔ جب گاڑی کسی سٹیشن پر رکتی تو چھابڑی والے مختلف چیزیں بیچنے کے لیے آ جاتے۔ کوئی پسندیدہ چیز ہوتی تو ہم بھی کھانے کے لیے خرید لیتے رات کے آٹھ نو بجے ہمارے ساتھ ہی ایک فیملی سفر کر رہی تھی انہوں نے کھانا کھول لیا اور ہمیں بھی کھانے میں شامل ہونے کی پیشکش کی۔ لیکن ہم نے اپنے روایتی پینڈو وانہ انداز میں ہمیں بھوک نہیں ہے کہہ کر اسے رد کر دیا۔ اس کے باوجود خاتون خانہ نے دو پلیٹوں میں مختلف قسم کے سالن اور شامی کباب اور ایک پلیٹ پر روٹیاں رکھ کر ایک بچے کے ہاتھ ہمارے پاس بھجوا دیں۔ اب انکار کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔ ہم نے خوب سیر ہو کر کھانا کھایا اور کھانے کے تھوڑی دیر بعد ہی خمار گندم کی وجہ سے ہم نیند کی گہری وادیوں میں اتر گئے۔

دن چڑھے آنکھ کھلی تو دیکھا کہ ٹی ٹی صاحب ڈبے میں قدم رنجہ فرما رہے ہیں۔ وہ باقی لوگوں سے ٹکٹ چیک کرتے ہوئے ہمارے پاس آئے تو میں نے بڑی ہی شان بے نیازی کے ساتھ دونوں ٹکٹ اپنی جیب سے نکال کر اُن کے ہاتھ پر رکھ دیے۔ ٹکٹ پر نظر پڑتے ہی وہ ایک دم چونکا اور پوچھا یہ کیا میں نے کہا یہ ٹکٹ ہیں یہ کون سے ٹکٹ ہیں۔ حضور یہ ٹرین کے ہی ٹکٹ ہیں اور ہم نے ملتان ریلوے سٹیشن کے ٹکٹ گھر سے ہی لیے ہیں۔ تم لوگ اس قدر بھولے ہو نہیں جتنے نظر آ رہے ہو۔ تمہیں پتہ ہے یہ سب کیا ہے تم جان بوجھ کر ڈرامہ کر رہے ہو۔ بھئی ہمیں بالکل نہیں پتہ کہ یہ کیا ہے اور نہ ہی ہم ڈرامہ کر رہے ہیں۔ اب اس نے ہمیں بتایا کہ یہ ٹکٹ سیکنڈ کلاس کے ہیں اور جس بوگی میں ہم سفر کر رہے ہیں وہ فرسٹ کلاس کی ہے۔ اب وہ پچھلی ساری تصویر ہماری نگاہوں میں گھوم گئی۔ پیچھے والی بوگیوں کے اندر انتارش کیوں تھا اور یہاں پر مسافر خال خال ہی کیوں تھے۔ بہرحال اب تو غلطی ہو چکی تھی۔ ہم نے اُسے بتایا کہ ہمیں واقعی اس بارے میں علم نہیں تھا ہم سے سہواً یہ غلطی ہو گئی ہے۔ اس نے پوچھا کہ تم لوگ کیا کرتے ہو۔ ہم نے بتایا کہ ہم گورنمنٹ کالج بورے والا میں بی ایس سی کے سٹوڈنٹ ہیں یہ سن کر اس کا رویہ ایک دم ہی ہمدردانہ سا ہو گیا۔ کہنے لگا چلو کوئی بات نہیں لیکن تم ایسے کرنا کہ اگلے سٹیشن پر اس ڈبے کو چھوڑ کر سیکنڈ کلاس والے ڈبے میں چلے جانا اس کے بعد اس نے باقی لوگوں کے ٹکٹ چیک کیے۔ آخر میں وہ ہمارے پاس آ کر رکا اور کہنے لگا کہ چلو یار اب کوئٹہ پہنچنے ہی والے ہیں اب آپ باقی سفر بھی

اسی ڈبے میں ہی کر لیں۔ دوپہر کے قریب ہی ہم بھائی کے پاس پہنچ گئے اور انہیں ساری صورتِ حال سے آگاہ کیا۔ وہ بولے تم یہاں سیر سپاٹا کرو اس سلسلے میں کچھ کرتے ہیں۔ اگلے دن اُن کو اسی یونٹ کا ایک کیپٹن مل گیا جو اُن کے ساتھ ہی کورس کر رہا تھا۔ سارا معاملہ اس کے گوش گزار کیا گیا۔ قصہ مختصر یہ کہ ایک ہفتے کے بعد سلامت اس کا بھائی اور میں تینوں ہی کوئٹہ سے واپس آ رہے تھے کیوں کہ ہم اُسے بغیر سزا کے فوج سے ریلیز کرانے میں کامیاب ہو چکے تھے۔

سلامت سے پوچھنے پر معلوم ہوا کہ اس کا بھی یہاں پر تبادلہ ہو گیا ہے۔ یہ معلوم ہوتے ہی ہم نے قبح کے لیے ایک پروگرام ترتیب دے لیا اور اس پر باقاعدہ طور پر عمل درآمد بھی شروع کر دیا۔ ہم نے سلامت علی سے کہا کہ تم سلامت علی سائنس ٹیچر نہیں ہو بلکہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر سلامت اللہ خان ہو۔ ملتان ڈائریکٹوریٹ سے پی ٹی وریام کے خلاف دی جانے والی درخواست پر انکوائری کرنے کے لیے آئے ہو۔ ہم نے اسی وقت ایک درخواست تیار کی اور اس میں پی ٹی وریام پر جو جو الزامات لگائے جا سکتے تھے وہ سب کے سب لگا دیے۔ اگلے دن جب سکول لگا تو اسسٹنٹ ڈائریکٹر کی آمد اور وریام کے خلاف دی جانے والی درخواست اور اس کی انکوائری کی خبر سب لوگوں تک پہنچ چکی تھی۔ موصوف سائنس روم میں اپنا دفتر جمائے بیٹھے تھے اور ہم باری باری ہر ٹیچر کو اُن کے پاس بھجوا رہے تھے۔ تاکہ وہ انہیں اس بارے میں اپنی اپنی معلومات سے آگاہی دیں۔

میں جانتا ہوں کہ میں کچھ نہیں جانتا

قدیم یونانی فلسفی سقراط کا یہ قول بہت مشہور ہے: "میں صرف ایک بات جانتا ہوں، اور وہ یہ کہ میں کچھ نہیں جانتا۔" یہ جملہ ایک طرف سقراط کے فلسفہ؟ علم کی گہرائی کو بیان کرتا ہے، اور دوسری طرف اُس کی انکساری کو نمایاں کرتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب انسان علم کی راہ پر سفر کرتا ہے تو اُسے احساس ہوتا ہے کہ علم کی وسعت لامحدود ہے، اور ہماری محدود زندگی میں ہم اس سمندر سے محض چند قطرے ہی سمیٹ سکتے ہیں۔

یہ قول ہمیں سوال کرنے کی اہمیت سکھاتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ نہ صرف دوسروں سے بلکہ خود سے بھی سوال کرنا سیکھیں۔ ہمارے نبی کریم محمد مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا: "سوال علم کا نصف ہے۔" مگر افسوس، ہمارا معاشرہ سوال کرنے کی حوصلہ افزائی نہیں کرتا، بلکہ ایسے افراد کو جو سوچنے اور سوال اٹھانے کی جسارت کرتے ہیں، ریاستی و غیر ریاستی عناصر کی جانب سے خاموش کروا دیا جاتا ہے۔

میری نظر میں ہماری زبوں حالی کا سب سے بڑا سبب یہی جمودِ فکر ہے۔ ہم نے غور و فکر کرنا چھوڑ دیا ہے۔ ہم جو سن لیتے ہیں، جو پڑھ لیتے ہیں، اُسے بلا تنقید تسلیم کر لیتے ہیں، اور یوں سچ کی تلاش کا دروازہ خود اپنے اوپر بند کر لیتے ہیں۔ یہی رویہ نئی دریافتوں، ایجادات، اور ترقی کی راہ میں رکاوٹ بن جاتا ہے۔

بطور معالج، میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ ہر مرض ایک نیا مرض ہوتا ہے، اور ہر مریض ایک الگ مریض۔ اگرچہ ہم کتابوں کی مدد سے امراض کو اقسام میں بانٹتے ہیں اور ہر قسم کا ایک ہی طریقے سے علاج کرتے ہیں، لیکن طب کی دنیا میں جیسے جیسے تحقیق آگے بڑھتی ہے، ہر بیماری کی کئی ذیلی اقسام سامنے آتی ہیں، جن کا علاج بھی مختلف ہوتا ہے۔ آج کی دنیا میں "پریسیون میڈیسن" (MedicinePrecision) کا تصور اُبھر رہا ہے، جس میں ہر مریض کا علاج اس کی مخصوص جسمانی، جینیاتی اور ماحولیاتی خصوصیات کے مطابق کیا جاتا ہے۔ یہ ایک بڑی انقلابی تبدیلی ہے، لیکن ہمارا علمی و فکری جمود ہمیں اس رفتار سے ہم آہنگ ہونے سے روک رہا ہے۔

ہمارا معاشرہ روحانیت کو بہت اہمیت دیتا ہے، جو کہ بذاتِ خود ایک قیمتی تجربہ ہے۔ یہ ہمیں خود کی تلاش میں مدد دیتی ہے اور ہماری باطنی دنیا کو دریافت کرنے کا ذریعہ ہے۔ لیکن ہمیں یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ باطنی سفر کے ساتھ ساتھ خارجی دنیا کا سفر بھی لازم ہے۔ کیونکہ یہی بیرونی دنیا کی تلاش ہے جو ہمیں انسانیت کی خدمت، سچائی کی جستجو اور کائنات کی مخفی حقیقتوں کے ادراک تک لے جاتی ہے۔

علم، سوال، تحقیق، اور انسان دوستی، یہی وہ ستون ہیں جن پر ترقی یافتہ معاشرے کھڑے ہوتے ہیں۔ ہمیں بھی چاہیے کہ ان اصولوں کو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کا حصہ بنائیں۔

حالیہ ایران اسرائیل تنازعہ اور چند اہم پہلو

تحریر: کوثر عباس

۔ ایران ٹیکنالوجی کے میدان میں پیچھے ہے اور عسکری اور دفاعی لحاظ سے بھی تقریباً تنہا ہی ہے اگرچہ یہ تنہائی اس کی اپنی پالیسیوں کا ہی نتیجہ ہے۔ ایران نے اپنا انقلاب ہمسایہ ممالک میں ایکسپورٹ کرنے کی کوششیں کیں جس میں نہ صرف اس کا سرمایہ صرف ہوا بلکہ ہمسایہ ممالک سے تعلقات بھی خراب ہوئے۔ اسلامی ممالک میں سنی شیعہ گہری تفریق کے سبب دشمن یہ سمجھ رہا تھا کہ شاید اس تفریق کی وجہ سے دوسرے اسلامی ممالک خوش ہوں گے لیکن اس کی یہ خوش فہمی عملاً ایک خواب ہی رہی کیونکہ سعودیہ سمیت بیشتر ممالک نے ایران کا ساتھ دیا۔

2۔ ہفتوں پہلے ہی مختلف تجزیہ کار اس ممکنہ حملے کا ذکر کر رہے تھے لیکن پہلے ہلے میں ایران کی تباہی بتاتی ہے کہ اس نے ان حملوں سے بچنے کا کوئی پیشگی اقدام نہیں کیا تھا۔ یہ کہنا تو مشکل ہے کہ اسے ان حملوں کی خبر ہی نہ ہو کیونکہ اگر ایک تجزیہ کار اور صحافی اس بات کو ہفتوں پہلے سمجھ گئے تھے تو کس طرح کہا جا سکتا ہے کہ ایران کو خبر نہ ہوئی ہو۔

3۔ جنگ زیادہ لمبی نہیں چلے گی۔ ہمیشہ کی طرح کچھ میزائلوں کا تبادلہ ہوگا اور اس کے بعد کچھ ماہ کے لیے پھر خاموشی طاری ہو جائے گی۔ اسرائیل لمبی جنگ برداشت نہیں کر پائے گا کیونکہ اس نے فلسطین میں ایک محاذ پہلے ہی کھول رکھا ہے۔ زمینی فاصلہ زیادہ ہونے کی وجہ سے زمینی جنگ ممکن نہیں ہے۔ حملوں کے لیے اسرائیل کو اڑان بھر کر ایران تک آنا ہوگا لیکن جانے کے لیے ضرور کسی ہمسایہ ملک سے طیارے ری فیول کرنے ہوں گے۔ لہٰذا اگر جنگ طویل ہوئی ہمسایہ ممالک میں عوام اپنی پرو اسرائیل حکومتوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہو سکتے ہیں جو اسے کسی صورت منظور نہیں ہوگا۔

4۔ جنگ طویل ہونے کی صورت میں پورا خطہ اس کی لپیٹ میں آ سکتا ہے کیونکہ ہمسایہ ممالک بھی متاثر ہوں گے اور وہ لمبے عرصے تک خود کو اس جنگ سے لاتعلق نہیں رکھ پائیں گے اور یوں انھیں نہ چاہتے ہوئے بھی ایران کا ساتھ دینا ہوگا۔ لہٰذا جنگ طویل ہوتی نظر نہیں آتی۔

5۔ قاسم سلیمانی مارا گیا، ایران میں ہی حماس کا لیڈر اسماعیل ہانیہ شہید ہوا بلکہ خود ایران کا اپنا صدر جان کی بازی ہار گیا۔ ہر موقع پر اعلان کیا گیا کہ انتقام لیا جائے گا لیکن ایسا کچھ نہ ہوا۔ جس سے نہ صرف ایران کے اندر بلکہ باہر بھی طرح طرح کی چہ میگوئیاں پیدا ہوئیں اور اس طرح کی کارروائیوں کو نورا کشتی کے تناظر میں دیکھا گیا لہٰذا اس بار ایران کو اپنی ساکھ بحال کرنے کے لیے عملاً جواب دینا ہوگا تاکہ پھیلتی ہوئی قیاس آرائیاں دم توڑ جائیں۔

5۔ مجھے نہیں لگتا کہ امریکہ اس جنگ میں عملاً کودے گا لیکن اگر وہ اس جنگ میں شامل ہوا تو خطے کے کچھ ممالک کا عملاً ایران کا ساتھ دینا ناگزیر ہو جائے گا۔ یہ صورت حال دنیا کو تیسری عالمی جنگ کی طرف دھکیل سکتی ہے۔ اگر عالمی جنگ نہ بھی ہوئی تو بھی سپر پاور کا تاج امریکہ کے سر سے چین کے سر پر منتقل ہو جائے گا۔ لہٰذا امریکہ کا عملاً شامل ہونا ممکن نظر نہیں آ رہا۔

6۔ اسماعیل ہانیہ کی شہادت ہو یا موجودہ اسرائیلی حملوں میں ایران کی اعلیٰ فوج قیادت اور سینئر سائنسدانوں کی اموات، یہ سوال اپنی جگہ موجود رہے گا کہ آخر دشمن کو اتنی ایکوریٹ معلومات کون دیتا ہے کہ جن کی بنیاد پر دشمن متعلقہ بلڈنگ کے صرف اسی کمرے کو ہٹ کرتا ہے جہاں یہ لوگ موجود ہوتے ہیں؟ اس کا ایک ہی مطلب ہے کہ ان کی صفوں میں دشمن کے جاسوس اور غدار موجود ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا ایران نے انھیں تلاش کرنے کی کوشش کی؟ کیا اسماعیل ہانیہ کی شہادت اور قاسم سلیمانی اور خود ان کے اپنے صدر کی اموات کے ذمہ دار جاسوس گرفتار ہوئے؟ لہٰذا ایران کو اس طرف ضرور توجہ دینی ہوگی۔

7۔ اگر آج ایران ہمسایہ عرب کی تائید سے محروم ہے تو اس کا ذمہ دار بھی وہ خود ہی ہے۔ سقوطِ عراق کی راہ کس نے ہموار کی؟ شام میں نوے فیصد عوام بشار الاسد فیملی کے خلاف تھے۔ علویوں نے وہاں کے عوام پر ظلم و ستم کی ایسی ایسی داستانیں رقم کیں کہ انسانیت منہ چھپائے پھرتی ہے۔ لیکن ایران نے ہمیشہ عوام کی بجائے وہاں علویوں کی مدد کی۔ اپنی انھی پالیسیوں کی وجہ سے وہ ہمسایہ عرب ممالک کی تائید سے محروم ہے لہٰذا شکوے کی بجائے پالیسیاں بدلنے کی ضرورت ہے۔

8۔ جذباتی ہونے یا کسی بھی ملک کو عالم اسلام کا ٹھیکیدار بنانے یا سمجھنے سے احتراز کرتے ہوئے حقائق پر توجہ دیں۔ ملک مذہب کی بجائے اپنے مفادات دیکھتے ہیں۔ حال ہی میں آذربائیجان اور آرمینیا کی جنگ ہوئی۔ آذربائیجان ایک شیعہ ملک جبکہ آرمینیا ایک عیسائی ملک ہے لیکن ایران نے آرمینیا جبکہ ترکی نے آذربائیجان کا ساتھ دیا۔

9۔ انقلاب کے بعد ایران نے ہمیشہ پاکستان کو ایک حریف سمجھا۔ وہاں بی ایل اے کے باقاعدہ کیمپ موجود ہیں۔ ماضی قریب میں اس نے پاکستان پر بلا جواز حملہ بھی کیا۔ ان کی زمین سے بلوچستان میں شرپسندی کے لیے پاکستان دشمن تنظیموں اور انڈیا کی سہولت کاری ہوتی ہے

تذکرہ کچھ ذاتی پریشانی کا

تحریر؛ نصرت جاوید

وضع داری ہی نہیں جس اندازِ صحافت کا میں عادی ہوں اس کی اخلاقیات کا بھی تقاضہ ہے کہ اخبار کے لئے لکھے کالموں میں ذاتی پریشانیوں کے ذکر سے گریز اختیار کیا جائے۔ مذکورہ تقاضے کو ذہن میں رکھتے ہوئے ہاتھ میں قلم پکڑے تقریباً 20 منٹ گزر گئے۔ پہلا لفظ بھی نہ لکھ پایا۔ اچانک مگر یہ خیال آیا کہ جس پریشانی نے مجھے منگل کی صبح دس بجے سے دوپہر کے تقریباً اڑھائی بجے تک گھیرے رکھا ویسی پریشانی کا اس کالم کے باقاعدہ قارئین کی وافر تعداد کو بھی خدانخواستہ سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ان کے بھلے کی خاطر لہٰذا ذاتی تجربے کو بیان کر دینا چاہیے۔

مختصر ترین الفاظ میں کہانی ہے کہ میری بیوی، بچی اور داماد سمیت جمعہ کی صبح سکردو پرواز کر گئی تھی۔ پیر کی صبح واپسی کی پرواز تھی۔ واپسی کی پرواز مگر موسم کی خرابی کی وجہ سے منسوخ ہو گئی۔ منگل کے روز جو جہاز چلنے کی امید تھی ان میں ایک بھی خالی نشست میسر نہیں تھی۔ بیوی کو اگر میری طرح روز کی روٹی روز کمانے کی مشقت سے گزرنے کو مجبوری لاحق نہ ہوتی تو سکردو میں قیام بڑھایا جا سکتا تھا۔ اسے ناممکن پاتے ہوئے بذریعہ سڑک واپسی کا فیصلہ ہوا۔ جاگلوٹ تک مجھ سے موبائل فون کے ذریعے اس کا رابطہ رہا۔ آخری پیغام پیر کی شام ساڑھے سات بجے کے قریب یہ ملا کہ بیگم صاحبہ چلاس سے دو گھنٹوں کی دوری پر ہیں۔

منگل کی صبح اٹھ کر فون دیکھا تو بیوی اور بچی کی جانب سے کوئی فون یا پیغام نہیں آیا ہوا تھا۔ فرض کر لیا کہ تھکن سے چور سو رہے ہوں گے۔ معمول کے مطابق اخبار میں چھپے کالم کو سوشل میڈیا پر پوسٹ کرنے کے بعد دوسرے دن کے لئے کالم لکھنے میں مصروف ہو گیا۔ کالم لکھ کر ٹائپنگ کے لئے بھجوا دیا تو خیال آیا کہ فیملی کو چیک کیا جائے۔ ان تینوں کے فون میں سے لیکن کسی ایک سے بھی رابطہ مسلسل کاوشوں کے باوجود نہ ہو پایا۔ دریں اثناء ٹائپ شدہ کالم بھی مجھے وصول ہو گیا۔ اس کی پروف ریڈنگ کی اور دفتر بھجوا دیا۔

کالم دفتر بھجوا دینے کے بعد میں تقریباً ایک گھنٹے تک مسلسل اپنی بیوی، بیٹی اور داماد کے فون نمبروں کو ملانے کی کوشش کرتا رہا۔ ہر فون سے ''خبر'' یہ آتی کہ جس نمبر سے میں رابطہ کرنے کی کوشش کر رہا ہوں وہ ''بند'' ہے۔ ایک گھنٹے کے بعد میرے ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ سو طرح کے خوف ذہن میں جمع ہونے لگے۔ فیملی کے ''اغوا'' ہو جانے کا خوف شدت سے محسوس ہونے لگا۔ پریشانی کے اس عالم میں اپنے ایک صحافی دوست سے رابطہ کیا۔ وہ انتہائی مخلص و متحرک ہونے کے علاوہ ٹھنڈے مزاج کا حامل ہے۔ دوستوں کی مدد کرنے کا ہر ڈھنگ استعمال کرنے کو آمادہ رہتا ہے۔ اس کا نام لکھوں گا تو ناراض ہو جائے گا۔ بہرحال مہربان دوست سے اپنی فکر کا اظہار کیا تو اس ٹھنڈے مزاج شخص کو بھی یہ بات تسلیم کرنا پڑی کہ میرا فیملی کے تین افراد کے ٹیلی فونوں سے رابطہ نہ ہونا ''غیر معمولی'' ہے۔ ہمیں مگر گھبرانے کے بجائے ٹھنڈے مزاج سے اس کا حل ڈھونڈنا ہوگا۔

حل ڈھونڈتے ہوئے اولیں مشکل یہ پیش آئی کہ مجھے اس ہوٹل کا نام بھی پوری طرح یاد نہیں تھا جہاں میری فیملی سکردو میں قیام پذیر تھی۔ اپنی لاعلمی سے پہلا سبق یہ سیکھا ہے کہ جب بھی آپ کے خاندان کا کوئی فرد کسی دوسرے شہر جائے۔ وہاں پہنچ کر آپ کو خیر خیریت سے پہنچ جانے کی اطلاع دے تو آپ اس ہوٹل یا ریسٹ ہاؤس کا نام، مقام اور فون نمبر وغیرہ فی الفور حاصل کریں۔ بہرحال صحافی دوستوں کی مدد سے بالآخر یہ پتہ لگا لیا گیا کہ میری فیملی سکردو کے کس ہوٹل میں قیام پذیر تھی۔ وہاں سے ان کی روانگی بھی کنفرم ہو گئی اور یہ اطلاع بھی مل گئی کہ وہ سکردو سے کتنے بجے کونسی گاڑی کرائے پر لے کر اسلام آباد روانہ ہوئے تھے۔ ان کے ڈرائیور کے نام اور اس کے ٹیلی فون کا پتہ بھی چل گیا۔ مختلف سرکاری اداروں سے مسلسل رابطے کے بعد بالآخر یہ اطلاع ملی کہ جس گاڑی میں فیملی سفر کر رہی ہے وہ منگل کی دوپہر داسو کے قریب پہنچنے والی ہے۔

منگل کی رات گیارہ بجے بیوی اور بچے گھر لوٹے تو خبر ملی کہ چلاس سے روانہ ہوتے ہی ان کے فون بند ہو گئے تھے۔ چلاس سے اسلام آباد آنے والی سڑک بہت خراب حالت میں ہے۔ بھاشا اور داسو ڈیم کی تعمیر کی بدولت ایک خاص وجہ سے جو مجھے بیان کرنے کی ضرورت نہیں چلاس سے اسلام آباد آنے والی سڑک پر بسا اوقات تین سے چار گھنٹوں تک موبائل فون کے سگنل کچھ ''ماہرین'' کی نقل و حرکت محفوظ بنانے کے لئے بند کر دیئے جاتے ہیں۔ بدقسمتی سے میں جن اوقات میں اپنی فیملی سے رابطے کی کوشش کر رہا تھا یہ وہی اوقات تھے جب ''حساس'' نوعیت کی نقل و حرکت ہو رہی تھی۔

جو ماہرین ہمارے مستقبل کے پانی کی ضروریات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے ہمارے دور دراز شمالی علاقوں میں کام کر رہے ہیں ان کا تحفظ اور سکون ہر حوالے سے ہماری اولین ترجیح ہونا چاہیے۔ چلاس سے اسلام آباد آنے والی سڑک پر لیکن پاکستان کے دیگر شہروں سے آئے سیاح بھی سینکڑوں کی تعداد میں سفر کرتے ہیں۔ میری ناقص رائے میں حکومت کو یہ بندوبست یقینی بنانا چاہیے



قوت SHOWBIZ

(KATSEYE(L-R کی لارا راج، یونچے، ڈینیلا، منون، میگن اور صوفیہ سانتا مونیکا، کیلیفورنیا میں بارکر ہینگر میں نکلوڈین کڈز چوائس ایوارڈز 2025 میں شرکت کر رہی ہیں

سجل علی کو ڈرامے میں منگنی کا جوڑا پہننے پر تنقید کا سامنا

سجل علی نے احد رضا میر سے 2020 میں شادی کی تھی جو 2022 میں ختم ہوگئی تھی



لاہور (این این آئی) پاکستان کی ورسٹائل اداکارہ سجل علی کو ایک نئے ڈرامے میں اپنی منگنی کا جوڑا دوبارہ پہننے پر سوشل میڈیا پر شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ حال ہی میں جاری کیے گئے اس ڈرامے کے ٹیزر کے بعد نہ صرف سجل اور ہمائیوں سعید کے درمیان عمر کے فرق پر سوشل میڈیا پر بحث ہو رہی ہے، بلکہ سجل کے لباس نے بھی صارفین کی توجہ حاصل کی ہے۔ بعض صارفین نے اس عمل کو توجہ حاصل کرنے کی کوشش قرار دیا، جبکہ کچھ نے اسے مضحکہ خیز اور غیر ضروری حرکت کہا۔ ایک صارف نے طنزیہ تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ سجل اپنا کوئی کپڑا ضائع نہیں جانے دیتیں۔ دوسری جانب، کئی صارفین سجل کے دفاع میں سامنے آئے اور لباس کے انتخاب کو ان کا ذاتی حق قرار دیا۔ بعض نے یہ بھی نشاندہی کی کہ یہ پہلا موقع نہیں جب کسی اداکارہ نے ذاتی زندگی کا لباس ڈرامے میں استعمال کیا ہو۔ واضح رہے کہ سجل علی نے احد رضا میر سے 2020 میں شادی کی تھی جو 2022 میں ختم ہوگئی تھی۔ سجل کے اس نئے ڈرامے میں احد کے والد آصف رضا میر بھی شامل ہیں، جس سے ماضی کی یادیں تازہ ہوگئیں۔

کرن حق کی مزاحیہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

سیانے کہتے ہیں کہ کبھی کسی کی ہائے نہیں لینی چاہیے، اداکارہ

کراچی (این این آئی) اداکارہ کرن حق کی مزاحیہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ کرن حق نے ویڈیو شیئر کی جس میں مزاحیہ جملوں پر لپسنگ کر رہی ہیں۔ اداکارہ نے ویڈیو شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ نو ہائے ہیلو۔ ویڈیو میں کرن حق کہتی ہیں کہ سیانے کہتے ہیں کہ کبھی کسی کی ہائے نہیں لینی چاہیے، اس لیے تمہارے ان باکس میں جتنے بھی ہائے کے پیغام آتے ہیں کوئی نہیں لینا، کسی کا جواب نہیں دینا سارے نظر انداز کردینے ہیں۔ اداکارہ کی ویڈیو کو متعدد صارفین دیکھ چکے ہیں اور اس پر تبصرے بھی کر رہے ہیں۔ اس سے قبل انٹرویو میں خاتون مداح نے کرن حق سے پوچھا تھا کہ اداکار اکثر اپنے شوہر اور فیملی کے ہمراہ تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کرتے ہیں لیکن آپ ایسا نہیں کرتیں اس کی کیا وجہ ہے۔؟ کرن حق کا کہنا تھا کہ میں اپنی نجی زندگی کو پرائیویٹ رکھتی ہوں اور مجھے شوہر کی طرف اجازت بھی نہیں ہے کہ سوشل میڈیا پر شادی کی یا پھر بے بی کی تصویر شیئر کروں۔ ان کا کہنا تھا کہ مستقبل میں بھی ایسا نہیں ہوگا جو اداکاری کر رہی ہوں بس وہی سوشل میڈیا پر آپ کو نظر آئے گا۔

اداکارہ ریحام رفیق کی دوست کی شادی میں پرفارم کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی

ریحام رفیق اس وقت ہٹ سیریل پرورش میں امل کا کردار ادا کر رہی ہیں جس میں ساتھی اداکارہ عینا آصف اور ثمر جعفری ہیں

لاہور (این این آئی) اداکارہ ریحام رفیق کی دوست کی شادی میں پرفارم کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ ڈرامہ سیریل پرورش میں امل کا کردار نبھانے والی اداکارہ ریحام رفیق کی دوست کی شادی میں ڈانس کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر گردش کر رہی ہے۔ اداکارہ پرانے گانے مہندی ہے رچنے والی پر دوستوں کے ساتھ ڈانس کر رہی ہیں۔ ریحام رفیق کی ویڈیو پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے ملے جلے ردعمل کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ اس سے قبل ایک انٹرویو میں اداکارہ کا کہنا تھا کہ وہ پروفیشنل ڈانسر ہیں، پاکستان رقص کے بہت زیادہ مواقع نہیں کیونکہ فلمیں نہیں بن رہی ہیں اور لائیو شاز و شاذ و نادر ہی منعقد کیے جاتے ہیں اس لیے اداکاری کی طرف بڑھنے کا فیصلہ کیا۔ وہ اکثر اپنی پرفارمنس کے کلپس اپنے مداحوں کے ساتھ شیئر کرتی ہیں۔ ریحام رفیق اس وقت ہٹ سیریل پرورش میں امل کا کردار ادا کر رہی ہیں جس میں ساتھی اداکارہ عینا آصف اور ثمر جعفری ہیں۔ ڈرامے کی دیگر کاسٹ میں نعمان اعجاز، سویرا ندیم، شمیم ہلالی، سعد ضمیر فریدی، نورے ذیشان، نذر الحسن، بختاور مظہر، حلیمہ علی، ارشد محمود، ثمن انصاری اور ابوالحسن بھی شامل ہیں۔ ریحام رفیق اس وقت ہٹ سیریل پرورش میں امل کا کردار ادا کر رہی ہیں جس میں ساتھی اداکارہ عینا آصف اور ثمر جعفری ہیں

فلم دیمک کی شوٹنگ سے قبل جنات نے دھکا دیا: ثمینہ پیرزادہ کا انکشاف

فلم دیمک کے کئی سین شوٹ کرتے وقت میری جان نکل گئی تھی، اداکارہ

لاہور (این این آئی) پاکستان کی معروف اداکارہ ثمینہ پیرزادہ نے انکشاف کیا ہے کہ فلم دیمک کی شوٹنگ سے قبل جنات نے حقیقت میں انہیں دھکا دے کر زخمی کر دیا تھا۔ اداکارہ ثمینہ پیرزادہ حال ہی میں نجی ٹی وی کے شو میں شریک ہوئیں جس دوران انہوں نے اپنی فلم دیمک سے متعلق کئی موضوعات پر گفتگو کی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ فلم دیمک کے کئی سین شوٹ کرتے وقت میری جان نکل گئی تھی، مجھے لگا تھا کہ اس کردار کیلئے اداکاری مشکل نہیں ہے لیکن درحقیقت اس فلم کیلئے اداکاری ایک مشکل ٹاسک تھا، اس مشکل کردار کا انتخاب اس لیے کیا کیوں کہ اپنے کیریئر میں آج تک ایسا کوئی کردار نہیں کیا تھا۔ اداکارہ نے بتایا کہ فلم کی شوٹنگ سے 4 دن قبل میرا سامنا حقیقت میں جنات سے ہوا، ہوا کچھ یوں کہ میرے گارڈن کی لائٹ آف تھی، میں نے نوکروں سے کہا کہ وہ گارڈن کی لائٹ آن کردیں لیکن جب وہ تاخیر کرنے لگے تو میں خود ہی لائٹ آن کرنے نکل پڑی۔ ثمینہ پیرزادہ کے مطابق گارڈن کی لائٹ آن کر کے جب میں واپس کمرے کی جانب جانے لگی تو پیچھے سے جنات نے مجھے اتنی زور سے دھکا دیا کہ میں بہت دور جا کر گر پڑی، اس وقت مجھے شدید چوٹیں آئیں، میرے گھٹنے چھل گئے، میری کمر، کاندھے، ہاتھ، پیر اور گردن سب جگہ چوٹیں آئیں لیکن میں اس کے باوجود پٹیوں کے ساتھ ہی شوٹنگ کیلئے جا پہنچی۔ سینئر اداکارہ نے ہنستے ہوئے بتایا کہ جن جنات کا ٹاکرا مجھ سے فلم میں ہونا تھا وہ میرے پاس فلم کی شوٹنگ سے قبل ہی پہنچ گئے تھے اور کہا تھا کہ ہم دیکھتے ہیں تم اس فلم میں کیسے کام کرتی ہو۔

بین الاقوامی پنجابی فلم سوکن سوکنے 2 پاکستانی سینما گھروں کی زینت بن گئی

فلم میں معروف اداکار ایمی ورک، نمرت کھیرہ اور سرگن مہتا مرکزی کرداروں میں جلوہ گر ہیں

لاہور (این این آئی) بین الاقوامی پنجابی فلم سوکن سوکنے 2 پاکستانی سینما گھروں کی زینت بن گئی۔ ڈسٹری بیوشن کلب نے پاکستانی فلم بینوں کو معیاری اور خاندانی تفریح فراہم کرنے کے لیے بین الاقوامی پنجابی فلم سوکن سوکنے 2 کی نمائش کا اہتمام کیا ہے، جو کئی ماہ کے وقفے کے بعد سینماؤں میں پیش کی جانے والی پہلی بین الاقوامی پنجابی فلم ہے۔ سوکن سوکنے 2 مقبول فلم سوکن سوکنے کا سیکوئل ہے، جس میں معروف اداکار ایمی ورک، نمرت کھیرہ اور سرگن مہتا مرکزی کرداروں میں جلوہ گر ہیں، جب کہ دیگر کرداروں میں بھی کئی نامور فنکار شامل ہیں۔ فلم کی کہانی ایک ایسے نوجوان کے گرد گھومتی ہے جو دو بیویوں کے ہوتے ہوئے تیسری شادی کر لیتا ہے، جس کے بعد اس کی زندگی میں آنے والے دلچسپ اور مزاح سے بھرپور واقعات، سوکنوں کے درمیان چپقلش اور گھریلو تنازعات فلم کی خاص بات ہیں۔ ڈسٹری بیوشن کلب کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر شیخ عابد رشید نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے بعد پاکستانی سینما گھروں میں نئی فلموں کی اشد ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ سوکن سوکنے 2 خاص طور پر کامیڈی فلموں کے شائقین کے لیے ایک مکمل تفریحی پیکج ثابت ہوگی، جو پیسہ وصول تجربہ فراہم کرے گی۔ یہ فلم اس وقت ملک بھر کے سینما میں نمائش کے لیے پیش کی جا رہی ہے اور ہر عمر کے ناظرین کو معیاری، خاندانی تفریح فراہم کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔ فلم میں معروف اداکار ایمی ورک، نمرت کھیرہ اور سرگن مہتا مرکزی کرداروں میں جلوہ گر ہیں

ہیمبر: جرمنی میں ویسٹ فیلڈ ہیمبرگ Überseequartie- میں ریٹا اورا سمر کنسرٹ میں پرفارم کر رہی ہیں

ابوالحسن نے پہلی ملاقات میں مجھے جھڑک دیا تھا، ثمر جعفری

''پرورش'' میں دونوں کی دوستی کو بے حد پسند کیا جا رہا ہے

لاہور (این این آئی) ثمر جعفری پاکستان انٹرٹینمنٹ انڈسٹری کے ابھرتے ہوئے نوجوان ٹیلنٹ ہیں جو اب لاکھوں دلوں کی دھڑکن بن چکے ہیں۔ انہوں نے اپنی زبردست اداکاری سے مائی ری میں لیڈ رول میں ڈیبیو کر کے خود کو منوایا۔ وہ اب موسیقی کے شوق کو بھی پورا کر رہے ہیں اور اس وقت ہم انہیں پرورش میں ولی کے کردار میں دیکھ رہے ہیں، جو پاکستان کے نوجوانوں کے مسائل پر مبنی ایک سپر ہٹ ڈرامہ سیریز ہے۔ پرورش میں ابوالحسن کے ساتھ ان کی دوستی کو بے حد پذیرائی مل رہی ہے۔ ثمر جعفری نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں شرکت کی جہاں انہوں نے ابو الحسن کے ساتھ اپنی پہلی ملاقات کے بارے میں بتایا۔ پہلی ملاقات کے بارے میں اپنے دلچسپ تجربات شیئر کرتے ہوئے ثمر جعفری نے کہا کہ ان کی اور ابو الحسن کی پہلی ملاقات زیادہ خوشگوار نہیں تھی۔ ثمر جعفری نے کہا کہ وہ ایک مشترکہ دوست کے ذریعے ان سے ملے تھے۔ اس دن ابو الحسن کا مزاج خاصا بگڑا ہوا تھا۔ اس لیے انہوں نے بغیر کسی تکلف کے ثمر جعفری کو جھڑک دیا۔ ثمر جعفری کا کہنا ہے کہ اس وجہ سے انکے ذہن میں ابوالحسن کا امیج بن گیا کہ وہ ایک کڑوی کسیلی طبیعت کے مالک ہیں۔ لیکن جب کچھ دنوں بعد ثمر جعفری اور ابوالحسن فہد مصطفیٰ کے دفتر میں دوبارہ ملےتو اس ملاقات کے دوران ابوالحسن کی شخصیت کا ایک بالکل مختلف پہلو سامنے آیا، جس نے ثمر کو اپنی رائے بدلنے پر مجبور کر دیا۔

چاہت فتح علی خان کا اپنے نامناسب گانوں اور ویڈیوز کا دفاع

لاہور (این این آئی) متنازع شخصیت چاہت فتح علی خان نے اپنے گانوں کے نامناسب لرکس اور ویڈیوز کا دفاع کر دیا۔ سوشل میڈیا پر مقبول گلوکار اور انٹرٹینر چاہت فتح علی خان نے ایک پوڈ کاسٹ میں شرکت کے دوران اپنی متنازع ویڈیوز، گانوں اور خواتین کے ساتھ رویے پر کھل کر بات کی۔ گفتگو کے دوران ان سے گانوں کے نامناسب اور ذومعنی لرکس کے بارے میں سوال کیا گیا، جس میں ان کا گانا پاپا خاص طور پر زیرِ بحث آیا، میزبان نے گانے کے الفاظ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایسے بول عوام، بالخصوص نوجوانوں پر منفی اثر ڈالتے ہیں۔ چاہت فتح علی خان نے اپنے نام میں فتح علی کیوں شامل کیا؟ جواب میں چاہت فتح علی خان نے مزاحیہ انداز میں بول دہرا کر کہا کہ یہ صرف گانا ہے، اس میں کچھ فحش نہیں تاہم آخر میں انہوں نے تسلیم کیا کہ بطور عوامی شخصیت مجھے اپنی زبان کے انتخاب میں محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ جب ان سے خواتین کے ساتھ ویڈیوز میں غیر مناسب رویے کا سوال کیا گیا، تو انہوں نے کہا کہ یہ سب صرف ایکٹنگ ہے، حقیقت میں ایسا کچھ نہیں کرتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بعض اوقات ان کے سینز کو غلط انداز میں پیش کیا جاتا ہے، حالانکہ وہ صرف تفریح کا حصہ ہوتے ہیں۔ یاد رہے کہ اداکارہ متھیرا سمیت کئی شخصیات ماضی میں ان پر تنقید کر چکی ہیں کہ وہ عوامی تقریبات یا شوز میں غیر مناسب رویہ اختیار کرتے ہیں۔ چاہت فتح علی خان کے ان بیانات نے ایک مرتبہ پھر سوشل میڈیا پر بحث کو جنم دے دیا ہے، جہاں کچھ لوگ ان کی باتوں کو مزاح کے طور پر لیتے ہیں

شاہ رخ خان کے بنگلے منت سے متعلق شکایت پر جانچ پڑتال

ممبئی (این این آئی) شاہ رخ کے بنگلے منت کی ساحلی قوانین کی خلاف ورزی سے متعلقہ شکایت پر جانچ پڑتال کر لی گئی۔ شاہ رخ کے زیر استعمال منت ایک شاندار قدیمی ورثہ عمارت ہے، جس کی تعمیر 1914 میں ہوئی، جو 2001 میں کنگ خان نے خریدی۔ 27 ہزار مربع فٹ پر محیط یہ بنگلا تاحال تزئین و آرائش کے مرحلے سے گزر رہا ہے اور شاہ رخ اپنی فیملی کے ساتھ منت سے 10 منٹ کی دوری پر واقع ایک ڈوپلیکس اپارٹمنٹ میں رہائش پذیر ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 6 منزلہ بنگلا گزشتہ 2 برس سے تزئین اور توسیع کے عمل سے گزر رہا ہے، جس میں اضافی 2 منزلہ اینکسی کی تعمیر کے منصوبے پر کام جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق ممبئی کے بلدیاتی ادارے بی ایم سی اور محکمہ جنگلات کے افسران نے ساحلی ضابطہ علاقہ کی مبینہ خلاف ورزی کی شکایت پر شاہ رخ کے سمندر کنارے موجود بنگلے کا معائنہ کیا۔ حکام نے اس دوران اس بات کی جانچ پڑتال کی کہ باندرہ بینڈ اسٹینڈ پر واقع بنگلے کے اردگرد کسی قسم کی تعمیر بغیر اجازت کی گئی ہے

بوم بوم تل ابیب کو اس وقت سوشل میڈیا پر چھا چکا ہے

گانے کی وڈیو میں دکھایا گیا ہے کہ ایرانی میزائلوں کی بارش تل ابیب کے ساحلوں، کلبوں، اور گلیوں پر ہو رہی ہے

نیویارک (این این آئی) بوم بوم تل ابیب کو اس وقت سوشل میڈیا پر چھا چکا ہے، اسرائیلی مخالفین نے ایک زبردست اور طنزیہ گانے کے ذریعے نہ صرف اسرائیل پر میزائل برسائے ہیں بلکہ ان مظالم کا بھی حساب چکتا کیا ہے جو غزہ میں نہتے فلسطینیوں پر ڈھائے گئے۔ سوشل میڈیا پر جاری ہونے والا گانا Boom Boom Tel Aviv محض ایک موسیقی کا ٹریک نہیں، بلکہ ایک سیاسی طمانچہ ہے وہ بھی دھماکے دار انداز میں۔ یہ گانا اسرائیلی سوشل میڈیا صارفین پر بھی کڑا طنز کرتا ہے، جنہوں نے غزہ پر بمباری کے دوران شہید بچوں اور عورتوں کا مذاق اڑایا تھا۔ اب وہی بوم بوم ان کے شہر پر گونج رہا ہے، اور گانے کے بولوں میں اسے مکافاتِ عمل کا نام دیا گیا ہے۔ گانے کی وڈیو میں دکھایا گیا ہے کہ ایرانی میزائلوں کی بارش تل ابیب کے ساحلوں، کلبوں، اور گلیوں پر ہو رہی ہے، اور پس منظر میں ایک زبردست اور پرکشش دھن کے ساتھ گانا بج رہا ہے۔ اس گانے کو سوشل میڈیا پر ایران، لبنان، ترکی، پاکستان، اور دنیا بھر کے اسرائیل مخالف حلقوں میں خوب سراہا جا رہا ہے۔ ٹک ٹاک، انسٹاگرام اور ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر ہزاروں صارفین نے ویڈیو پر رقص، طنزیہ تبصرے اور مزاحیہ ترمیمات بنا کر اپ لوڈ کی ہیں۔

جیا کوپولا اٹلی میں فورٹ ولیج ریزورٹ میں فلمنگ اٹلی 2025 فوٹو کال میں شرکت کر رہی ہیں

پڑھائی میں اچھی نہیں اداکاری پر توجہ ہے، اداکارہ نورے ذیشان

میں نے 12 سال کی عمر میں بطور چائلڈ آرٹسٹ کام شروع کر دیا تھا اور پہلی بار اشتہار میں کام ملا

لاہور (این این آئی) اداکارہ نورے ذیشان کا کہنا ہے کہ پڑھائی میں اچھی نہیں ہوں میری توجہ اداکاری پر زیادہ ہے۔ اے آر وائی ڈیجیٹل کے ڈرامہ سیریل پرورش میں ثمر جعفری کی بہن کا کردار نبھانے والی اداکارہ نورے ذیشان نے دی نائٹ شو ود ایاز سموں میں مختلف موضوعات پر اظہار خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ گوگل پر میری عمر 27 لکھی ہے کوئی مجھے انسٹاگرام پر کہتا ہے میں 30 سال کی ہوں۔ نورے ذیشان نے کہا کہ میں 9ویں جماعت میں ہوں لیکن پڑھنا اچھا نہیں لگتا، اداکاری پر میری توجہ ہے اسی کو کیریئر بنانا چاہتی ہوں۔ اداکارہ نے کہا کہ مجھے ریاضی سے بہت الرجی ہے اکثر فارمولے غلط کر دیتی ہوں۔ اداکارہ نے بتایا کہ انہوں نے محض 12 سال کی عمر میں بطور چائلڈ آرٹسٹ کام شروع کر دیا تھا اور پہلی بار انہیں اشتہار میں کام ملا۔ ان کے مطابق وہ والد کے ہمراہ مختلف پروڈکشن ہاوسز میں جا کر آڈیشن دیتی رہیں، انہیں متعدد بار مسترد کیا گیا لیکن پھر انہیں مواقع بھی ملے۔ انہوں نے بتایا کہ بہت سارے ہدایت کاروں نے انہیں کہا کہ وہ اداکاری کرنے کے قابل نہیں، ان سے اداکاری نہیں ہو پائے گی لیکن آج وہ اداکاری کرتی دکھائی دے رہی ہیں۔ انہوں نے کسی کا نام لیے بغیر بتایا کہ متعدد ہدایت کاروں نے ان کی حوصلہ شکنی کی، جس کے بعد انہیں بھی محسوس ہونے لگا کہ واقعی وہ اداکاری نہیں کر سکتیں۔ نورے ذیشان نے کہا کہ انہوں نے مختلف پروڈکشن ہاوسز میں آڈیشن دینے کا سلسلہ جاری رکھا، اسی دوران انہیں پرورش میں کاسٹ کر لیا گیا، جس کے بعد ان کی مقبولیت میں اضافہ ہوا۔

سانتا مونیکا: آئی بیلا کر بینگر میں نکلوڈین کڈز چوائس ایوارڈز 2025 میں شرکت کی

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

دنیا کے 7 ممالک میں آنکھوں کی بیماری زیادہ ہے جن میں پاکستان کا تیسرا نمبر ہے

دکھی انسانیت کیلئے فری طبی سہولیات کی فراہمی بہت بڑا صدقہ جاریہ ہے: رانا عابد علی

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) آج کے اس مادہ پرستی اور نفسا نفسی کے دور میں دکھی انسانیت کیلئے فری طبی سہولیات کی فراہمی بہت بڑا صدقہ جاریہ ہے آنکھیں بہت بڑی نعمت ہیں اس کے بغیر زندگی ادھوری ہے۔ دنیا کے سات ممالک میں آنکھوں کی بیماری زیادہ ہے جن میں پاکستان کا تیسرا نمبر ہے شوگر، بڑھاپا، موبائل کا بے جا استعمال اور ذہنی ٹینشن کی وجہ سے آنکھوں کی بیماریاں زیادہ ہوتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار نوجوان سماجی شخصیت وکیلاں والی گلی کچہری بازار کے سینئر نائب صدر رانا عابد علی نے فرینڈز یوتھ ویلفیئر آرگنائزیشن رجسٹرڈ ڈسٹرکٹ فیصل آباد کے زیر انتظام چلنے والی آمنہ ڈسپنسری شہباز ٹاؤن بی بلاک میں ایک روزہ فری آئی کیمپ کا افتتاح کرتے ہوئے کیا، انہوں نے مزید کہا کہ فرینڈز یوتھ ویلفیئر آرگنائزیشن کی طویل عرصہ سے جاری سماجی خدمات ناقابل فراموش ہیں اور انہوں نے اپنے بھرپور تعاون کا بھی یقین دلایا۔ اس آئی کیمپ میں سینئر آئی سرجن ڈاکٹر خالد ڈوگر نے 72 مریضوں کا مفت چیک اپ کیا اور انہیں فری ادویات دی اور سفید موتیا کے مریضوں کے نہ صرف فری آپریشن کیے بلکہ لینز بھی ڈالے۔ اس موقع پر فرینڈز یوتھ ویلفیئر آرگنائزیشن رجسٹرڈ کے جنرل سیکرٹری ارشد انصاری، نائب صدر رانا اختر بیدی، ایگزیکٹو ممبران ملک آصف، نعیم ارشد انصاری، رانا نعمان اختر، سلمان انصاری و دیگر بھی موجود تھے

چوکی بائی پاس رائیونڈ پولیس کی کاروائی شراب کی سپلائی لیکر جانے والا ملزم گرفتار

لاہور (ریض علی سے) چوکی انچارج بائی پاس رائیونڈ پولیس نے دوران پیٹرولنگ خفیہ اطلاع پر ملزم شاہد عرف شاہدی کو گرفتار کیا※ ملزم شراب کی ترسیل کے لیے موٹر سائیکل کا استعمال کر رہا تھا※ ملزمان کے قبضہ سے ہزاروں روپے مالیت کی 100 بوتلیں شراب برآمد، ملزم لاہور کے مختلف مقامات پر شراب کی سپلائی کر رہے تھا، ملزم شاپر میں ڈال کر سواری کے لیے موٹر سائیکل کا استعمال کرتا ملزم شاہد کے خلاف مقدمہ درج کر کے تحققات کا آغاز کر دیا گیا ہے، شراب کی ترسیل ناکام بنانے پر انچارج چوکی بائی پاس رائیونڈ اور ٹیم کو شاباش، نوجوان نسل کی بربادی اور طلباء کے مستقبل کو تباہ کرنے والے منشیات فروشوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے※ گا

نائب امیر جماعت اسلامی ضلع چنیوٹ سید نورالحسن شاہ کے چھوٹے بھائی سید آفتاب حسین شاہ بقضائے الہی انتقال کر گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) رجسٹرار ہائیکورٹ ملتان بینچ سید فیض الحسن شاہ، سکواڈرن لیڈر پاکستان ایئر فورس سید ندیم حسین شاہ اور نائب امیر جماعت اسلامی ضلع چنیوٹ سید نورالحسن شاہ کے چھوٹے بھائی سید آفتاب حسین شاہ بقضائے الہی انتقال کر گئے ہیں نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں چک نمبر 151 ج ب ماہوں تحصیل وضلع چنیوٹ کی عیدگاہ میں بعد از نماز عصر 6 بجے ادا کی گئی نماز جنازہ میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی مرحوم کو ان کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

چوکی اکرم پارک پولیس نے تالے توڑ کر گھروں اور دکانوں کا صفایا کرنے والا دور کنی نقب زن گینگ گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی اکرم پارک پولیس نے تالے توڑ کر گھروں اور دکانوں کا صفایا کرنے والا دو رکنی نقب زن گینگ گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق چوکی اکرم پارک پولیس نے گھر والوں کی غیر موجودگی نقب زنی کر کے مال مسروقہ لیکر رفو چکر ہونے والے ملزمان عدیل عرف ببلو اور علی حسن کو دوران پیٹرولنگ خفیہ اطلاع ملنے پر گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے آلہ نقب زنی، موبائل اور نقد رقم سمیت بجلی کی تاریں اور دیگر مسروقہ سامان برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے

کاہنہ کی چوکی لکھوکی پولیس کی مختلف کارروائیاں 4 ملزمان گرفتار کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) کاہنہ کی چوکی لکھوکی پولیس کی مختلف کارروائیاں 4 ملزمان گرفتار کر لیے ترجمان کے مطابق چوکی لکھوکی پولیس نے کارروائیوں کے دوران اشفاق اور بابر سے 500 گرام آئس، رائفل میگزین و گولیاں برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے جبکہ سنیپ چیکنگ کے دوران بوگس چیک اور فراڈ کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری ملزمان۔ عبدالواجد اور اویس کو گرفتار کر لیا

جگہ جگہ نشئیوں نے ڈیرے جمالیے: گلی محلوں عوامی پارکس سمیت ریلوے اسٹیشن اور بازاروں میں چرس کی گندی بدبو سے سانس لینا محال ہو گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) جگہ جگہ نشئیوں نے ڈیرے جمالیے گلی محلوں عوامی پارکس سمیت ریلوے اسٹیشن اور بازاروں میں چرس کی گندی بدبو سے سانس لینا محال ہو گیا گلی محلوں میں نشئیوں کی ٹولیاں منڈلانے لگیں شریف شہری شدید پریشانی سے دوچار نوجوان نسل تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی نشئی نشہ کرنے کے ساتھ منشیات فروشی کا مکروہ دھندہ بھی کرتے ہیں جس سے گلی محلوں میں نشئیوں کی ٹولیاں ڈیرے جمائے رہتی ہیں جس سے اہل علاقہ والدین شدید اذیت کا شکار ہیں یہی منشیات کے عادی نشے کی لت کو پورا کرنے کیلئے گلی محلوں میں وارداتیں کرتے ہیں جس سے سٹریٹ کرائم میں اضافہ ہو رہا ہے اہل علاقہ نے ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

ختم نبوت پر غیر متزلزل ایمان اسلام کی کنجی ہے: مولانا قاری محمد رفیق

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) دنیا و آخرت کی کامیابی اتباع رسول صلی علیہ وآلہ وسلم میں ہے ختم نبوت پر غیر متزلزل ایمان اسلام کی کنجی ہے خانقاہ سید نفیس الحسینیہ المکیہ نصرت آباد چناب نگر میں انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان کی طرف سے نومسلمین کی حوصلہ افزائی کے لئے ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا ظہرانے سے خطاب کرتے ہوئے چیمبر مین انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان پیر طریقت ومجاہد ختم نبوت مولانا قاری محمد رفیق وجھوی وائس چیئر مین انوار ختم نبوت محمد اویس رسول علوی معروف صحافی ایم ساجد فاروقی و دیگر نے کہا کہ اے اللہ فلسطین کے کی حفاظت اسرائیل کو تباہ و برباد فرمادے ہم پر رحم والا معاملہ فرما محسن انسانیت محمد رسول اللہ صلی علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت پر غیر متزلزل ایمان سے ہی تکمل ہوتا ہے ہم خوش قسمت ہیں کہ اللہ نے ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وابستگی نصیب فرمائی انسانیت کی خدمت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت ختم نبوت کی چوکیداری ہے دینا و آخرت کی کامیابی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلامی میں ہے انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان ختم نبوت کی چوکیداری کرتے ہوئے نومسلمین تحقین کی کفالت کرتا ہے آخری سانس تک حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت پر عمل کرتے ہوئے نومسلمین کی کفالت خدمت کرتے رہینگے دنیا و آخرت کی کامیابی اتباع رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہے

ناجائز ٹیکسی اسٹینڈ کے خلاف مقامی لوگ سراپا احتجاج بن گئے

ناجائز ٹیکسی اسٹینڈ کسی اور جگہ پر منتقل نہ کئے جانے کے باعث مقامی تجارتی سرگرمیاں ماند پڑ گئی ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) شہر کے وسط میں واقع مبینہ قبضہ مافیا عناصر کی طرف سے بنائے گئے ناجائز ٹیکسی اسٹینڈ کے خلاف مقامی لوگ سراپا احتجاج بن گئے کیونکہ ناجائز ٹیکسی اسٹینڈ کسی اور جگہ پر منتقل نہ کئے جانے کے باعث مقامی تجارتی سرگرمیاں ماند پڑ گئی ہیں تاہم مذکورہ علاقے میں بچوں اور بچیوں کے سرکاری و نجی سکولز بھی ہیں جن کے طلبہ و طالبات سمیت شہریوں کو آمد و رفت میں بھی شدید مشکلات و پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، تفصیلات کے مطابق علامہ اقبال پارک میں شہر کے معروف ڈاکٹروں کے کلینکس اور جدید ہسپتال موجود ہونے کے علاوہ دیگر تجارتی سنٹرز بھی قائم ہیں مگر ٹیکسی اسٹینڈ شہر سے باہر منتقل نہ کئے جانے کے باعث یہاں کے تمام تجارتی مراکز و دکانوں تک علاقہ مکینوں اور شہریوں کی رسائی محدود ہو کر رہ گئی ہے بعض اوقات تو پیدل گزرنا بھی محال ہو جاتا ہے خصوصاً پٹرول پمپ سے ملحقہ سڑکوں اور گلیوں میں کاروں اور دیگر گاڑیوں کو کھڑا کرنے پر علاقے میں ٹریفک جام رہنے کے ساتھ ساتھ آمد و رفت شدید متاثر ہوتی ہے حالانکہ ٹیکسی اسٹینڈ کو علامہ اقبال پارک سے باہر منتقل کرنے کے متعدد بار احکامات جاری کئے گئے اور اسکے متبادل ٹیکسی اسٹینڈ کے لیے دوسہرہ گراؤنڈ میں جگہ بھی فراہم کی گئی مگر بعض با اثر مبینہ قبضہ مافیا کے عناصر کی ہٹ دھرمی کے باعث ضلعی انتظامیہ ناجائز ٹیکسی اسٹینڈ کی منتقلی کے اقدام کو عملی جامہ پہنانے میں ناکام ثابت ہوئی جس کا خمیازہ مقامی رہائشیوں، تاجروں، سکولز کے طلبہ و طالبات سمیت نجی ڈاکٹروں کے کلینکس اور ہسپتال کا رخ کرنے والے مریضوں کو بھگتنا پڑ رہا ہے، علاقہ مکینوں اور شہریوں نے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ سے فوری طور پر نوٹس لینے اور مذکورہ ناجائز ٹیکسی اسٹینڈ کی علامہ اقبال پارک سے باہر منتقلی کے اقدام پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔

ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیسر طاہر صدام سے پنجاب ٹیچرز یونین عہدیداران کی ملاقات

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) جن ریٹائرڈ اساتذہ و دیگر ملازمین کے کیموٹیشن کے کیس ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفس سیالکوٹ میں وصول ہو چکے ہیں اور ان کی تصدیق متعلقہ اتھارٹی نے کر دی تھی ان کی پے منٹ اس ماہ ان کے اکاؤنٹس میں چلی جائے گی یہ بات پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب کے مرکزی صدر میاں امجد علی نے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیسر سیالکوٹ طاہر صدام سے ایک ملاقات کے بعد بتائی۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب کے مرکزی صدر میاں امجد علی نے گزشتہ روز ہمراہ میاں امتیاز احمد چیف کوآرڈینیٹر اگیگا ایگزیکٹو کونسل پنجاب، یوسف سہوترا سیکرٹری نشرو اشاعت اگیگا ایگزیکٹو کونسل پنجاب، میاں طارق محمود جکلنو، ملک اکرم اعوان اور ملک محمد سعید نے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیسر طاہر صدام سے ملاقات کی اور ریٹائرڈ اساتذہ کی کموٹیشن، لیو انکیشمنٹ اور فنانس ایسسٹینس کی پے منٹ بارے بات چیت کی، جس پر اکاؤنٹ آفیسر نے کہا کہ کیموٹیشن کا لیوٹر آگیا ہے لہذا جن ملازمین کے کیس ان کی اتھارٹی نے تصدیق کر کے اکاؤنٹ افس میں وصول کروا دیے ہیں ان کی پے منٹ اسی ماہ ان کے اکاؤنٹس میں چلی جائے گی علاوہ ازیں لیو انکیشمنٹ اور فنانس ایسسٹینس کے مکمل تمام کیس پاس کر دیے گئے ہیں ان کی پے منٹ بھی 30 جون تک ہو جائے گی جس پر مرکزی صدر نے اکاؤنٹ آفیسر کا شکریہ ادا کیا۔

کوٹ ہرہ میں ڈاکٹر اے کیو خان آئی ٹی سنٹر کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی

افتتاحی تقریب میں بیسٹ نیشن ویلفیئر آرگنائزیشن کی ٹیم اور اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ ہٹرر میں بیسٹ نیشن ویلفیئر آرگنائزیشن اور ملک خورشید احمد اعوان، ملک راشد پرویز اعوان کے اشتراک سے کوٹ ہرہ میں پہلے ڈاکٹر عبدالقدیر خان آئی ٹی سنٹر کا 10 جدید ترین ٹیکنالوجی کے حامل لیپ ٹاپ کے ساتھ افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں بیسٹ نیشن ویلفیئر آرگنائزیشن کی ٹیم اور اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی تقریب کے مہمان خصوصی معروف اور وزیر بزنس مین ملک راشد پرویز اعوان اور مہمان اعزاز چیئرمین بیسٹ نیشن ویلفیئر آرگنائزیشن الفت رسول جوئیہ تھے دیگر مہمانوں میں چیف کوآرڈینیٹر بیسٹ نیشن ویلفیئر آرگنائزیشن لیجنڈ کرسٹر منظور الہی، چیف ایڈوائزر بیسٹ نیشن ویلفیئر آرگنائزیشن بیرسٹر سید شبیہ الحسن بخاری، چیف پیٹرن بیسٹ نیشن ویلفیئر آرگنائزیشن ضلع سیالکوٹ ملک خورشید احمد اعوان تھے تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جبکہ نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سابقہ پرنسپل محمد لطیف نے پیش کی۔ معروف اور وزیر کاروباری شخصیت ملک راشد پرویز اعوان نے اپنے خطاب میں چیئرمین بیسٹ نیشن ویلفیئر آرگنائزیشن الفت رسول جوئیہ، سید شبیہ الحسن اور لیجنڈ کرسٹر منظور الہی کا شکریہ ادا کیا جن کے تعاون سے کوٹ ہرہ میں آئی ٹی سنٹر کی بنیاد رکھی گئی انھوں نے مزید کہا کہ میں میری خوشی کی کوئی انتہا نہیں کہ ہمارے دیہی علاقوں میں آئی ٹی جیسی جدید تعلیم کا آغاز ہو گیا ہے۔ میں الفت رسول جوئیہ اور ملک خورشید احمد اعوان کا مشکور ہوں جنہوں نے مجھے اس فلاح انسانیت کے کام میں اپنی ٹیم کا حصہ بنایا۔ میں بیسٹ نیشن ویلفیئر آرگنائزیشن کے ساتھ ہر قسم کے تعاون کے لئے ہمہ وقت حاضر ہوں۔

حافظ آباد میں دی ونڈر فل کلب کی جانب سے یوگا کا عالمی دن منایا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں دی ونڈر فل کلب کی جانب سے یوگا کا عالمی دن منایا گیا۔ عالمی دن کی مناسبت سے ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں ایک تقریب اور تمام کلبوں کی اجتماعی یوگا ایکسرسائز کا اہتمام کیا گیا کلب کے سرپرست اعلیٰ و بانی چوہدری فلک شیر چٹھہ سمیت کلب کے دیگر اراکین تقریب اور ایکسرسائز میں شریک تھے۔ یوگا کے نیشنل کوچ اعجاز احمد و دیگر نے عالمی دن کی اہمیت

کے حوالہ سے خصوصی لیکچر دیتے ہوئے یوگا کی مختلف مشقیں کروائیں۔ اس موقع پر انکا کہنا تھا کہ حافظ آباد میں یوگا چھوٹی، بڑی عمر کے تمام افراد کا پسندیدہ مشغلہ اور گیم بن چکا ہے۔ یوگا نہ صرف ایک جسمانی، ذہنی ایکسرسائز ہے بلکہ یوگا کرنے والے افراد بہت سے بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں اس لیے بچے، نوجوان اور بڑی عمر کے لوگ یوگا کو اپنا معمول بنا چکے ہیں اس کے علاوہ خواتین میں بھی یوگا کو بڑی پذیرائی مل رہی ہے انکا کہنا تھا کہ یوگا کرنے سے سانس، جوڑوں کا درد، ذہنی پریشانی، موٹاپا جیسی بیماریوں سے انسان بچ جاتا ہے

بچوں کی تعلیم وتربیت کیساتھ ان پر نظر رکھیں۔ امتیاز علی وریاہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) بچوں کی تعلیم وتربیت کی ذمہ داری اساتذہ کیساتھ والدین کی اپنی بھی ہے۔ اپنے بچوں خصوصاً کم عمر بچوں کی ایکٹویٹیز پر والدین کیجانب سے مناسب توجہ دی جانی دور حاضر میں انتہائی اہم ہے۔ معصوم بچوں و کم عمر بچیوں کو گھر سے باہر اکیلے نکلنے نہیں دیں۔ گلی محلوں میں مشکوک اجنبی عورتوں مردوں پر نگاہ رکھیں کہ اغوا، جنسی استحصال و اغوا کے بعد قتل جیسی سنگین وارداتوں میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ پولیس پر ساری ذمہ داری نہیں بلکہ خود میں بھی احساس ذمہ داری پیدا کریں بچے اپنے پرائے نہیں سانجھے ہوتے ہیں۔

سابق ممبر ضلع کونسل پیر سید اعجاز گیلانی (مرحوم) کے صاحبزادے پیر سید علی اعجاز گیلانی رشتہ ازدواج میں بندھ گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ضلع اوکاڑہ کی معروف سیاسی سماجی شخصیت سابق ممبر ضلع کونسل پیر سید اعجاز گیلانی (مرحوم) کے صاحبزادے پیر سید علی اعجاز گیلانی رشتہ ازدواج میں بندھ گئے دعوت ولیمہ کی تقریب گزشتہ روز مشاہی محل مارکی اوکاڑہ میں منعقد ہوئی دعوت ولیمہ کی تقریب میں پیر سید علی اعجاز گیلانی کے عزیز و اقارب سمیت اوکاڑہ اور پنجاب بھر سے سیاسی سماجی مذہبی صحافتی شخصیات وکلا برادری مختلف محکموں کے افسران اور سول سوسائٹی کے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی پیر سید علی اعجاز گیلانی کو شادی کی ڈھیروں مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا پیر سید علی اعجاز گیلانی نے اور ان کے عزیز و اقارب نے انے والے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا

باباجی محمد شفیع المعروف مستانہ سائیں رحمۃ اللہ علیہ قاری محمد اسحاق مدنی کے والد محترم کے ایصال ثواب کیلئے رسم چہلم کا انعقاد

والدین قدرت کا انمول تحفہ ہیں ان کا کوئی نعم البدل نہیں: صاحبزادہ پیر سید خلیل الرحمٰن شاہ بخاری

عارفوالا (نمائندہ قوت + نامہ نگار) باباجی محمد شفیع المعروف مستانہ سائیں رحمۃ اللہ علیہ قاری محمد اسحاق مدنی کے والد محترم کے ایصال ثواب کیلئے رسم چہلم کا انعقاد جامعہ رحمت اللعالمین چک نمبر 243 ای بی جمکیرا روڈ گوٹمنڈی میں امیر جماعت اہلسنت پاکستان صوبہ پنجاب صاحبزادہ پیر سید خلیل الرحمٰن شاہ بخاری کی صدارت میں سجایا گیا جس میں عالمی مبلغ اسلام صاحبزادہ پیر حامد سرفراز رضوی قادری، علامہ صالح محمد شاہ اور پیر امجد علی مجددی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اولیاء اللہ کے آستانے فیوض وبرکات اور تجلیات کے سرچشمے ہوتے ہیں اولیائے اللہ کی تعلیمات سرچشمہ ہدایت ہیں ان کا کوئی نعم البدل نہیں انہوں نے کہا والدین قدرت کا انمول تحفہ ہیں ان کا کوئی نعم البدل نہیں والدین کا احترام ہم پر فرض عین ہے باباجی محمد شفیع المعروف مستانہ سائیں نے علاقہ میں دین اسلام اور قرآن وحدیث کی تعلیم کو عام کرتے ہوئے ویرانے کو آباد اور گھر گھر میں دینی علم کی شمع روشن کی باباجی نے ساری زندگی اللہ اور اللہ کے پیارے محبوب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات کی پیروی کرتے ہوئے گزاری اس موقع پر علامہ محسن رضا سیالوی، عبدالحمید سلطانی، محمد اشفاق مدنی، قاری محمد جنید، حافظ محمد اکبر جتوئی، محمد اشرف رضا، حافظ تنویر خان دہلی، حکیم اللہ خان، جابر محمدی، میاں سراج الدین، مولانا خادم حسین، مفتی حبیب احمد نقشبندی، قاری محمد طفیل، مولانا محمد طاہر، مولانا حامد سعید، علامہ عبدالرحیم سعیدی قاری محمد فیاض، قاری ریاض احمد سعیدی، قاری محمد شاہد، محمد عمر فریدی، قاری مبشر رسول، قاری مدثر رسول، مولانا محمد افضل، مولانا ترابی، مولانا ضیاء المصطفیٰ، پیر گلزار، حافظ فقیر محمد، علامہ محمد نعیم المصطفیٰ، قاری ضیاء الحق اور وقار احمد جٹ سمیت علاقہ بھر سے سیاسی سماجی ومذہبی شخصیات اور دیگر علمائے اکرام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

نائب صدر چیمبر عمر خالد و محمد ابراہیم کی تیسری سماپ سمٹ میں شرکت

سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کی سمٹ میں گہری دلچسپی کامیابی کی ضمانت ہے: محمد یوسف

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سرجیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے زیر اہتمام ٹیکنالوجی و ایجادات سمٹ کا انعقاد ہوا جس میں ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ کے پلیٹ فارم پر سیالکوٹ بزنس کمیونٹی نے تمام شعبہ ہائے سے متعلقہ اپنی کوالٹی مصنوعات کے سٹال لگائے۔ گروپ لیڈر اتحاد فاؤنڈرز وتاجر برادری کے قومی رہنماء ریاض الدین شیخ و ایوان صنعت وتجارت عہدیداران و ایگزیکٹو ممبران نے سمٹ میں خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری عمر خالد کے ہمراہ معروف ایکسپورٹر و سابقہ ایگزیکٹو ممبر محمد ابراہیم آف گلوریس پرائیویٹ انٹرنیشنل نے سمٹ میں شرکت کرتے ہوئے کہا کہ سیالکوٹ بزنس کمیونٹی نے ہمیشہ اپنی معیاری مصنوعات کی بہترین کوالٹی کی بدولت دنیا بھر میں نیک نامی و بزنس کمایا ہے۔ ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ دور حاضر میں بھی انشاء اللہ جدید ٹیکنالوجی و جدت کیساتھ بہترین پراڈکٹس متعارف کرا رہا ہے جس میں ہمارا دنیا میں کوئی ثانی نہیں ہے۔

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام ایران پر امریکی جارحیت کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی

ریلی کی قیادت جماعت اسلامی کے ضلعی امیر ملک شوکت علی پھلروان، صوبائی رکن شوری امان اللہ چٹھہ و دیگر نے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی کے زیر اہتمام ایران پر امریکی جارحیت کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی جو علی پور روڈ سے شروع ہو کر فوارہ چوک پر اختتام پزیر ہوئی۔ ریلی کی قیادت جماعت اسلامی کے ضلعی امیر ملک شوکت علی پھلروان، صوبائی رکن شوری امان اللہ چٹھہ و دیگر نے کی۔ اس موقع پر شرکاء ریلی نے امریکہ اور اسرائیل کے خلاف سخت نعرہ بازی کرتے ہوئے کہا کہ اسوقت امریکہ دنیا کا سب سے بڑا دہشت گرد بن چکا ہے جسکا جہاں دل چاہتا ہے وہ جارحیت پر اتر آتا ہے۔ ان حالات میں مسلم امہ کو اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کر کے امریکہ کی اس بدمعاشی کے خلاف سینہ سپر ہونا چاہئے۔ انہوں نے مسلم حکمرانوں پر زور دیا کہ وہ اپنے تمام تر اختلافات کو فراموش کر کے کفر اور امریکہ کی بڑھتی یلغار کے خلاف متحد ہوں۔ اس موقع پر شرکاء نے اسرائیل کی غزہ اور فلسطین کے مسلمانوں پر بربریت کی بھی شدید الفاظ میں مذمت کی



چوہدری اکمل سرگالہ وزیر جنگلات کا ٹی ایچ کیو ہسپتال شکرگڑھ کا دورہ

ایم ایس شکرگڑھ ڈاکٹر مجتبیٰ نے مریضوں کو دی جانے والی سہولیات بارے بریفنگ دی

شکرگڑھ (عمران عارف سے) انوار الحق چوہدری ایم این اے وفاقی پارلیمانی سیکرٹری حکومت پاکستان، چوہدری اکمل سرگالہ وزیر جنگلات کا ٹی ایچ کیو ہسپتال شکرگڑھ کا دورہ، ایمرجنسی وارڈ سمیت ہسپتال کا تفصیلی دورہ، ایم ایس شکرگڑھ ڈاکٹر مجتبیٰ نے مریضوں کو دی جانے والے سہولیات بارے بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر طارق، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ہاشم اشفاق و دیگر بھی موجود تھے۔ انوار الحق چوہدری نے مریضوں سے بھی ادویات کی فراہمی اور علاج معالجہ بارے دریافت کیا اور ایم ایس کو ہدایت کی کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ہر مریض کو ہسپتال میں ہر طرح کی دوائی فری ملنی چاہیے اور اسکے علاج میں کسی قسم کی کوئی کسر باقی نہیں رہنی چاہیے۔

ضلع ساہیوال کے 24 دیہات میں رویوں میں مثبت تبدیلی لانے کے لیے ویڈیو اسکریننگ سیشنز کا انعقاد کیا گیا

سیشنز کا مقصد عوام کو صنفی تشدد اور کم عمری کی شادی جیسے اہم سماجی مسائل پر آگاہی فراہم کرنا ہے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) لودھراں پائلٹ پراجیکٹ کے زیر اہتمام "آواز دو" پروگرام کے تحت ضلع ساہیوال کے 24 دیہات میں رویوں میں مثبت تبدیلی لانے کے لیے ویڈیو اسکریننگ سیشنز کا انعقاد کیا گیا۔ ان سیشنز کا مقصد عوام کو صنفی تشدد اور کم عمری کی شادی جیسے اہم سماجی مسائل پر آگاہی فراہم کرنا اور ان کے بارے میں رویوں میں مثبت تبدیلی لانا تھا۔ ساتھ ہی کمیونٹی کو ان پیغامات کو دوسروں تک پہنچانے کی ترغیب دینا بھی اس سرگرمی کا حصہ تھا تاکہ آواز دو کے بنیادی موضوعات کو وسیع تر سطح پر عام کیا جا سکے۔ ان سیشنز میں خواتین، نوجوان، مذہبی اقلیتوں، افراد باہم معذوری اور خواجہ سرا افراد نے بھرپور شرکت کی۔ اس مہم کے دوران 1,200 سے زائد افراد کو صنفی ناانصافی، تشدد، عدم برداشت اور کم عمری کی شادی جیسے مسائل کے منفی اثرات سے آگاہ کیا گیا۔ کمیونٹی ممبران نے اظہار خیال کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنے رویوں میں تبدیلی لائیں گے، صنفی تشدد کی حوصلہ شکنی کریں گے اور اپنی بچیوں کی کم عمری میں شادی نہیں کریں گے۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ وہ بچیوں کو تعلیم اور ہنر کے زیور سے آراستہ کریں گے تاکہ وہ ایک بااختیار، خوشحال اور صحت مند زندگی گزار سکیں۔

تیز رفتار ٹرک نے بے قابو ہو کر موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار موقع پر جاں بحق

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تیز رفتار ٹرک نے بے قابو ہو کر موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق محمد عارف اپنی موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جا رہا تھا کہ اچانک راستے میں چوک دیپالپور اوکاڑہ کے قریب تیز رفتار ٹرک نے بے قابو ہو کر ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار محمد عارف موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے نعش کو ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔ ڈرائیور بھاگ جانے میں کامیاب ہو گیا۔

متعدد وارداتوں میں رکشہ اور موٹر سائیکلیں چوری

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) متعدد وارداتوں میں رکشہ اور موٹر سائیکلیں چوری۔ سرکلر روڈ علی ہسپتال کے قریب سے محمد اسلم کا رکشہ چوری محلہ اسلام آباد میں محمد آصف کی گھر کے سامنے سے موٹر سائیکل چوری محلہ اسلام پورہ میں عتیق الرحمان کی گلی سے موٹر سائیکل چوری گاگا میں محمد نعیم کی گھر کے سامنے سے موٹر سائیکل چوری مندرانوالہ میرج ہال کی پارکنگ سے محمد نواز کی موٹر سائیکل چوری※ جبکہ خاتون کو سابق شوہر نے اغوا کر لیا۔ مدینہ ٹاؤن کی شازیہ بی بی کی 19 سالہ بیٹی (م) گھر سے نکلی اور واپس نہ آئی شبہ ہے کہ اس کے سابق شوہر نے اسے اغوا کر لیا ہے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

کولوتارڑ میں شادی والا گھر ماتم کدہ بن گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) کولوتارڑ میں شادی والا گھر ماتم کدہ بن گیا۔ تفصیلات کے مطابق مہر غضنفر منظور کے چچا زاد بھائی مہر علی جو کہ چند یوم قبل سعودی عرب سے واپس آیا تھا اسکی شادی کے موقع پر مہندی کی تقریب جاری تھی کہ اس دوران مہر علی کا آٹھ سالہ بھائی اچانک کھیلتے ہوئے گھر میں رکھی فریج کی تار کو کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہو گیا جس سے شادی والا گھر ماتم کدہ بن گے۔ بعد ازاں بچے کو آہوں اور سسکیوں میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

اوکاڑہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی 13500 روپے کی کٹوتی کرنے والوں کے خلاف ڈپٹی ڈائریکٹر اوکاڑہ کی خصوصی ہدایت پر رینالہ خورد میں ڈیوائس ہولڈر کے خلاف کامیاب کاروائی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی 13500 روپے کی کٹوتی کرنے والوں کے خلاف ڈپٹی ڈائریکٹر اوکاڑہ کی خصوصی ہدایت پر رینالہ خورد میں ڈیوائس ہولڈر کے خلاف کامیاب کاروائی۔ اسٹنٹ ڈائریکٹر بے نظیر انکم سپورٹ میڈم شمیم۔ نے سپر موبائل شاپ کا وزٹ کیا خاتون نے موقف دیا میرے سے پیسے لیے ہیں اور نہ ہی وہاں پر خواتین کے لیے بیٹھنے کے لیے کوئی انتظام نہ تھا اور نہ ہی پانی ڈیوائس ہولڈر کے خلاف کاروائی کی گئی فوری طور پر ڈیوائس کو بند کر دیا گیا کسی بھی ڈیوائس ہولڈر کو خواتین کے پیسے کٹوتی کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نپا جائے گا اسٹنٹ ڈائریکٹر بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام میڈم شمیم نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی ڈیوائس ہولڈر کو خواتین کے پیسے کاٹنے کی اجازت نہیں دی جائے گی خلاف ورزی کرنے والوں خلاف آہنی ہاتھوں سے نپا جائے گا سپر موبائل والے کی ڈیوائس بند کر دی گئی ہے اور کاروائی کر کے مقدمہ درج کروایا جائے گا۔

7 نئی موبائل ہیلتھ کلینک وہیکلز کی افتتاحی تقریب

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ہیلتھ پروگرام ※※ کلینک آن ویلز ※※ کے تحت 7 نئی موبائل ہیلتھ کلینک وہیکلز کی افتتاحی تقریب، اسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے ٹی ایچ کیو ہسپتال کے ڈرائیورز میں 7 نئی موبائل ہیلتھ کلینک وہیکلز کی چابیاں تقسیم کیں، اس موقع پر اسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے کہا کہ عوام کو صحت عامہ کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لیے کلینک آن وہیلز اپنی نوعیت کا منفرد منصوبہ ہے جس کے تحت عوام کی دہلیز پر بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کو ممکن منایا جا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ نئی موبائل ہیلتھ کلینک وہیکلز کی بدولت اب عوام الناس کو دور دراز کے علاقوں تک طبی سہولیات با آسانی فراہم کی جا سکیں گی اور اس سلسلہ میں محکمہ ہیلتھ کی استعداد کار میں اضافہ ہو گا، ٹی ایچ کیو ہسپتال انتظامیہ نے ہیلتھ کلینک وہیکلز کی تقسیم پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

پاکستان بیس بال ٹیم نے انڈین ٹیم کو سیمی فائنل میں شکست دیکر فائنل کیلئے کوالیفائی کر لیا

گوجرانوالہ (محمد پرویز مغل قوت بیورو) بیس بال ایشین چیمپئن شپ کا انعقاد گزشتہ روز ایران میں

ہوا جس میں پاکستان سمیت دنیا بھر کے کئی ممالک کی ٹیموں نے شرکت کی، گزشتہ روز ہونیوالے سیمی فائنل میں پاکستان اور انڈین بیس بال ٹیموں میں پرجوش مقابلہ ہوا جس میں پاکستان بیس بال ٹیم نے انڈین ٹیم کو سیمی فائنل میں شکست دیتے ہوئے سیمی فائنل اپنے نام کر لیا، اس طرح بیس بال ایشین چیمپئن شپ میں پاکستانی ٹیم نے سلور میڈل اپنے نام کر لیا، پاکستان بس بال کی ٹیم کے گزشتہ پاکستان پہنچنے پر صوبائی صدر راجپوت ایسوسی ایشن رانا محمد اعجاز خاں، سپورٹس مین مہر شہباز احمد اور ماڈرن پینٹھالون کے نیشنل کوچ لیول ون محمد سعید بٹ نے پرتپاک اور والہانہ استقبال کیا اور پرتکلف عشائیہ کا انعقاد کیا جس میں شرکت کیلئے پہنچنے پر معزز مہمانان گرامی اور ٹیم کے کھلاڑیوں کو پھولوں کے گلدستے پیش کرتے ہوئے خوشی کا اظہار کیا، عشائیہ میں پاکستان بیس بال ٹیم کے جنرل سیکرٹری سید فخر علی شاہ، وائس پریذیڈنٹ پاکستان جمیل کامران، پاکستان بیس بال ٹیم کے کوچ اختر شاہ سمیت دیگر مہمانان گرامی نے شرکت کی، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی سید فخر علی شاہ ڈسٹرکٹ پریذیڈنٹ ماڈرن پینٹھالون مہر شہباز احمد کا کہنا تھا کہ بیس بال کی گیم نوجوان نسل میں دن بدن مقبولیت حاصل کر رہی ہے یہی وجہ ہے کہ بیس بال ٹیم میں ٹیلنٹ سے بھرپور کھلاڑیوں کی شرکت یقینی بنائی جاتی ہے تاکہ بیس بال ٹیم بین الاقوامی سطح پر ہونیوالے کھیلوں میں مقابلوں میں وطن عزیز پاکستان کا نام روشن کر سکیں، آخر میں اور سید فخر علی شاہ اور مہر شہباز احمد نے رانا محمد اعجاز خاں کا پرتکلف عشائیہ کے انعقاد پر شکریہ بھی ادا کیا۔

باپ بیٹی سمیت سابقہ ریکارڈ یافتہ 03 کس منشیات ڈیلرز پولیس کے شکنجے میں

تھانہ صدر گوجرانوالہ پولیس کی بڑی کاروائی، ملزمان کے قبضہ سے 04 کلو 440 گرام ہیروئن برآمد، مقدمات درج

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی سول لائن محمد عمران خان کی ہدایت پر ایس ڈی پی او پیپلز کالونی نیاز خان کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ صدر گوجرانوالہ انسپکٹر قیصر عباس، انچارج چوکی فرانسس آباد سب انسپکٹر ذیشان مزمل و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیموں نے دوران گشت و ناکہ بندی اور تلاش بد رویہ گان اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے باپ بیٹی سمیت تین منشیات ڈیلرز کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے چار کلو چار سو چالیس گرام ہیروئن برآمد کر لی۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں خالد، شاہدہ بی بی اور مقدس فاطمہ شامل ہیں۔ دوران تفتیش منشیات فروشوں نے انکشاف کیا کہ وہ دوسرے اضلاع سے لاتے اور ضلع بھر میں نوجوانوں کو منشیات فروخت کرتے تھے۔ گرفتار ملزم خالد منشیات فروشی کے مقدمات میں سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزم تھا۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔

محرم الحرام کے پرامن اور باہمی ہم آہنگی سے بھرپور انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے ضلعی امن کمیٹی کا ایک اجلاس

اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل، اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب، احسان الحق فریدی اور دیگر تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے جید علمائے کرام نے شرکت کی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) محرم الحرام کے پرامن اور باہمی ہم آہنگی سے بھرپور انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے ضلعی امن کمیٹی کا ایک اجلاس منٹگمری ہال میں منعقد ہوا جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل، اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب، اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی نرجس خاتون جعفری، معروف مذہبی اسکالر سید ضیاء اللہ شاہ بخاری، مولانا محمد حسن معصومی، احسان الحق فریدی اور دیگر تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے جید علمائے کرام نے شرکت کی۔ اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا کہ محرم الحرام میں امن و امان کی فضا کو قائم رکھنا ضلعی انتظامیہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور تمام شہریوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اجلاس میں علماء کرام نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے پر زور دیا۔ مقررین نے سوشل میڈیا پر اشتعال انگیز مواد کی روک تھام اور اتحاد بین المسلمین کے فروغ کے لیے اجتماعی کوششوں کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ ضلعی امن کمیٹی کے تمام اراکین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ضلعی انتظامیہ کی مدد سے ساہیوال کو امن، رواداری اور بھائی چارے کا گہوارہ بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی اور محرم الحرام کے دوران مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دیا جائے گا۔ دریں اثنا محرم الحرام کے احترام اور معاشرے میں مذہبی رواداری کے فروغ کے لیے بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی کا خصوصی اجلاس بھی منعقد ہوا جس میں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے نمائندوں، ضلعی افسران اور امن دوست شخصیات نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا کہ ساہیوال ایک پرامن اور باہمی احترام پر یقین رکھنے والا ضلع ہے جہاں تمام مذاہب کے ماننے والے افراد ہمیشہ سے محبت، تحمل اور بھائی چارے کے جذبے سے جڑے ہوئے ہیں۔

ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک خطرناک ڈاکو ہلاک

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک خطرناک ڈاکو ہلاک جبکہ دو ڈاکو فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق آتشیں اسلحہ سے مسلح تین ڈاکو شہری سے موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی تھانہ سٹی دیپالپور نے تعاقب کیا تو گجر چوک ھوبھارام پل کے قریب ڈاکوؤں نے پولیس کو دیکھتے ہی فائرنگ کر دی پولیس کی جوابی فائرنگ سے ایک خطرناک ڈاکو شہباز ہلاک ہو گیا۔ جبکہ دو ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ہلاک ہونے والا ڈاکو شہباز پولیس کو 11 مقدمات میں مطلوب تھا ایس ایچ او تھانہ سٹی دیپالپور نے علاقہ کو گھیرے میں لیکر فرار ہونے والے ڈاکوؤں کی تلاش شروع کر دی ہے۔

چوری ڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) چوری ڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے۔ عمر ٹاؤن کا رہائشی مستنصر بلا فیملی کے ہمراہ شہر سے باہر گیا ہوا تھا جب شام کو گھر واپس آئے تو دیکھا کہ سامان بکھرا پڑا ہے جب چیک کیا تو معلوم ہوا کہ نقدی ایک لاکھ 35 ہزار اور 5 تولے طلائی زیورات چوری ہو گئے ہیں محمد عدنان کے چچا اور چچی جا رہے تھے کہ پل نالہ داؤکے پر پہلے سے موجود تین نامعلوم ملزمان نے روکا اور ان سے موٹر سائیکل، طلائی بالیاں اور نقدی چھین لی دو نامعلوم ملزمان نے پٹری نہر راجہ گھمان پر زاہد محمود سے اسلحہ کے زور پر نقدی 17 ہزار 300 روپے اور موبائل فون چھین لیا ثمر الزمان سے دوران خریداری مین بازار میں نامعلوم ملزم نے جیب سے موبائل فون اور نقدی نکال لی رنگانوالہ روڈ پر دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر غلام فرید سے موبائل فون اور نقدی چھین لی سٹی ہاؤسنگ کے قریب تین نامعلوم نے اسلحہ کے زور پر محمد اکمل سے 10 ہزار روپے نقدی چھین لی محمد شعیب سے ستراہ کے قریب نامعلوم ملزم نے اسلحہ کے زور پر نقدی 10 ہزار روپے چھین لئے پولیس نے مقدمات درج کر لئے

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے شعبہ صحت کو لیکر انقلابی اقدامات کا سلسلہ جاری

شکرگڑھ میں کلینک آن وہیل پروگرام کے فیز 2 کے تحت گاڑیاں فراہم کر دی گئیں

شکرگڑھ (عمران عارف سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے شعبہ صحت کو لیکر انقلابی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ شکرگڑھ میں کلینک آن وہیل پروگرام کے فیز 2 کے تحت گاڑیاں فراہم کر دی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق شکرگڑھ میں بھی وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی جانب سے عوام کو فوری اور مفت علاج فراہم کرنے کے لیے ایک اور انقلابی قدم "کلینک آن وہیلز" منصوبے کا آغاز کر دیا گیا، افتتاحی تقریب میں وفاقی پارلیمانی سیکرٹری کشمیر افیئر وگلگت بلتستان چوہدری انوار الحق، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر طارق، انچارج کلینک آن وہیلز ڈاکٹر ہاشم اشفاق، وزیر جنگلات چوہدری اکمل سرگالہ، ایم ایس ڈاکٹر مجتبیٰ نے خصوصی شرکت کی۔ اس منصوبے کا مقصد شہری اور دیہی علاقوں میں لوگوں کو اُن کے گھروں کے قریب علاج کی سہولت مہیا کرنا ہے۔ کلینک آن وہیلز میں کوالیفائڈ ڈاکٹر، فارماسسٹ، کے علاوہ گائنی اور اسکریننگ کی سہولت موجود ہو گی۔ اس کے علاوہ مریضوں کا چیک اپ، ادویات کی فراہمی اور ابتدائی تشخیص کی سہولیات دستیاب ہیں۔ کلینک آن وہیلز نہ صرف فوری علاج کی سہولت فراہم کرنے میں معاون ثابت ہو گا بلکہ مختلف بیماریوں کی آگاہی مہم بھی اس کا حصہ ہونگی، تاکہ عوام میں صحت کے شعور کو فروغ دیا جا سکے۔

منشیات فروش سے بھاری مقدار میں چرس برآمد، مقدمہ درج

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ اے ڈویژن پولیس نے بدنام زمانہ منشیات فروش سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق امیر کالونی اوکاڑہ کا بدنام زمانہ منشیات فروش بلال حسین عرف بلال موسیٰ ولد قدیر احمد بھاری مقدار میں چرس لیکر سپلائی کرنے آرہا تھا کہ اطلاع ملنے پر تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ پولیس نے قبرستان گھوڑے شاہ کے قریب چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش بلال حسین عرف بلال موسیٰ سے 1740 گرام چرس برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔ ڈی پی او محمد راشد ہدایت نے پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوان نسل کو برباد کرنے والے عناصر کو کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی۔

نامعلوم ڈاکو پٹرول پمپ سے بھاری مقدار میں نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکو پٹرول پمپ سے بھاری مقدار میں نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ دیپالپور میں پاکپتن روڈ آرائیں برادر فلنگ اسٹیشن PSO پٹرول پمپ کے سیلزمین سے آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکو 1 لاکھ 50 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت لاہور

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ | بقیہ جات | 1

سے جوڑتی ہے۔ اسے 1947 کی جدوجہد آزادی سے منسوب کیا گیا ہے۔ "روٹ "47 کے ذریعے گلبرگ سے والٹن کا سفر اب صرف چند منٹوں میں ممکن ہوگیا ہے۔ یہ شاہراہ لاہور کی پہلی سمارٹ سڑک ہے جس میں جدید انفراسٹرکچر، محفوظ ٹریفک نظام، اور ماحول دوست خصوصیات شامل ہیں۔ "روٹ "47 پر تقریباً 2.5 کلومیٹر لمبی سائیکل لین مختص کی گئی ہے جبکہ والٹن ریلوے کراسنگ فلائی اوور پر پیدل چلنے والوں اور سائیکل سواروں کے لیے علیحدہ واک وے بنایا گیا ہے۔ اس جدید منصوبے کا ایک اور اہم پہلو فلائی اوور پر نصب 912 سولر پینلز ہیں، جو ایک میگا واٹ بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ مزید برآں، سڑک کے ساتھ 50 لاکھ گیلن بارش کا پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش والی مصنوعی جھیل، ایریشن سسٹم، فوارے، اور خوبصورت مونومنٹس نصب کیے گئے ہیں جو شاہراہ کی شناخت کو اجاگر کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ روٹ 47 صرف ایک سڑک نہیں بلکہ پنجاب کے روشن اور پائیدار مستقبل کی جانب ایک اور اہم قدم ہے، جو ترقی، ماحول دوستی اور شہری سہولیات کی فراہمی میں ایک منفرد مثال قائم کرے گا۔

بقیہ | بقیہ جات | 2

امریکی حملوں کے باوجود ایرانی افزودہ یورینیم اب بھی موجود ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ ایران پر حملے کے لیے استعمال ہونے والے امریکی اڈے جائز اہداف بن چکے ہیں۔ ولایتی نے کہا کہ اس خطے یا اسلامی دنیا میں امریکہ یا اس کے اڈوں کے لیے اب کوئی جگہ نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکہ نے عالم اسلام کے دل پر حملہ کیا اور اسے ناقابل تلافی نتائج کی توقع کرنی چاہیے کیونکہ اسلامی جمہوریہ اپنے خلاف کسی قسم کی تذلیل یا جارحیت کو قبول نہیں

بقیہ | بقیہ جات | 3

کر معاشرتی انصاف کو فروغ دیتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بیوہ خواتین کسی ہمدردی کی نہیں بلکہ اپنے حق کی مستحق ہیں، اور حکومت پنجاب انہیں وہ تمام سہولیات فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ بیوہ خواتین کو "اپنی چھت اپنا گھر" پروگرام میں خصوصی ترجیح دی جا رہی ہے تاکہ وہ باعزت انداز میں اپنی زندگی گزار سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بیوہ خواتین کے بچوں کو "ہونہار سکالرشپ" اسکیم میں بھی ترجیح دی جا رہی ہے تاکہ انہیں بہتر تعلیمی مواقع میسر آئیں اور وہ معاشرے میں خود کو باوقار مقام پر دیکھ سکیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے اس موقع پر دنیا کے ان خطوں کا بھی ذکر کیا جہاں جنگوں نے خواتین کو بیوگی کے اندھیرے میں دھکیل دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر، غزہ اور اب ایران میں جنگوں کے دوران بیوہ ہونے والی خواتین عالمی ضمیر پر چبھتا ہوا سوال ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت کے تحت ویمن پروٹیکشن اتھارٹی اور سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ بیوہ خواتین کی مکمل معاونت یقینی بنا رہے ہیں تاکہ وہ کسی پر بوجھ بننے کے بجائے خودمختار زندگی گزار سکیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اس موقع پر معاشرے کے تمام طبقات سے اپیل کی کہ وہ بیوہ خواتین کے ساتھ ہمدردی کے بجائے ان کے حق میں آواز بلند کریں اور انہیں ایک محفوظ، باعزت اور خودمختار زندگی کی طرف بڑھنے میں مدد فراہم

بقیہ | بقیہ جات | 4

کمیٹی کے اجلاس میں چیئرمین جوائنٹ چیف آف آرمی اسٹاف، تینوں سروسز چیف اور وفاقی وزراء شریک ہوئے۔ اجلاس میں ایران پر اسرائیلی جارحیت کے بعد خطے میں بدلتی ہوئی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے اسرائیل کی جارحانہ کارروائیوں کی سخت مذمت کی۔ کمیٹی نے حملوں پر افسوس کا اظہار کیا کہ اور مؤقف اپنایا کہ ان حملوں نے ایران اور امریکا کے درمیان تعمیری مذاکراتی عمل کے دوران کیے گئے غیر ذمہ دارانہ اقدامات نے کشیدگی میں شدید اضافہ کردیا ہے اور خطے میں بڑے پیمانے پر تنازعے کے خدشات کو جنم دیا ہے، جس سے مکالمے اور سفارت کاری کے امکانات کمزور ہوگئے ہیں۔ قومی سلامتی کمیٹی نے اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت ایران کے حق دفاع کو تسلیم کرتے ہوئے اس کی بھرپور توثیق کی۔ کمیٹی نے ایرانی حکومت اور عوام سے معصوم جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ اعلامیے کے مطابق قومی سلامتی کمیٹی نے پاکستان کے اصولی مؤقف کو دہراتے ہوئے 22 جون کو فردو، نطنز اور اصفہان میں ایرانی ایٹمی تنصیبات پر حملوں کے بعد ممکنہ مزید کشیدگی پر شدید تشویش کا اظہار کیا جبکہ ان حملوں کو بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی (IAEA) کی قراردادوں، بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی صریح خلاف ورزی قرار دیا۔ کمیٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان متعلقہ فریقین کے ساتھ قریبی رابطے میں ہے اور علاقائی امن واستحکام کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ قومی سلامتی کمیٹی نے تمام متعلقہ فریقین سے مطالبہ کیا کہ وہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق بات چیت اور سفارت کاری کے ذریعے اس تنازعے کا حل تلاش کریں۔ کمیٹی نے بین الاقوامی انسانی حقوق اور انسانی قوانین کی پاسداری کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ واضح رہے کہ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس سے قبل پاکستان میں ایرانی سفیر کی وزیراعظم شہباز شریف سے اہم ملاقات بھی ہوئی۔ بیلسٹک میزائل داغ دیے، اسرائیلی پاور پلانٹ تباہ، کئی علاقے تاریکی میں ڈوب گئے

بقیہ | بقیہ جات | 5

کیا تھا، تاہم امن کی کوششوں اور سفارتکاری کو نظرانداز کیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ عالمی سطح پر امن کے قیام کے لیے سفارتی کوششوں کو فروغ دینے کی حمایت کی ہے۔ عاصم افتخار نے ایران کی جوہری تنصیبات پر حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایران کے حق دفاع کی بھرپور حمایت کرتا ہے۔ پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس بلانے پر شکریہ ادا کرتا ہوں۔ پاکستانی مندوب نے کہا کہ ایران کی جوہری تنصیبات پر حملے کی مذمت، فوری اور غیر مشروط جنگ بندی اور ایران کے حق دفاع کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے ایران کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان حملوں میں بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی (IAEA) کی حفاظتی تدابیر کو نظرانداز کیا گیا جو عالمی امن کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے۔ پاکستانی مندوب نے سلامتی کونسل سے مطالبہ کیا کہ اس تنازعہ کا حل مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے نکالا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کا موقف واضح ہے کہ اس مسئلے کا واحد حل پرامن طریقے سے بات چیت کے ذریعے نکالا جائے۔ عاصم افتخار نے یہ بھی کہا کہ پاکستان کی نائب وزیراعظم امن کے فروغ کے لیے سرگرم ہیں اور وہ خطے کے دیگر ممالک کے سربراہان سے رابطے کر رہے ہیں تاکہ اس بحران کو حل کیا جا سکے۔ عاصم افتخار نے کہا کہ پاکستان، سلامتی کونسل کا رکن ہونے کے ناطے اپنے تمام فرائض ذمہ داری کے ساتھ ادا کر رہا ہے اور پاکستان کی خواہش ہے کہ تنازع کا حل صرف اور صرف مذاکرات کے ذریعے نکالا جائے۔ انہوں نے اس

بات کا اعادہ کیا کہ پاکستان عالمی سطح پر امن کی بحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس بحران میں امن کی بحالی کے لیے ہر ممکن قدم اٹھانے کے لیے تیار ہے اور اس بات کا پختہ عزم رکھتا ہے کہ اس کے اقدام عالمی قوانین کے مطابق ہوں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 6

پنجاب کا کہنا ہے کہ فلٹریشن پلانٹس اسکولز و مدارس کی انتظامیہ خود لگوائیں گی۔ حکام نے بتایا کہ فلٹریشن پلانٹس کیلئے فنڈز پنجاب حکومت ادا کرے گی، تین مدارس اور 3 اسکولز میں پراجیکٹ شروع کرنے کیلئے چیک دیدیئے گئے ہیں۔ سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل کا کہنا ہے کہ صاف پانی اتھارٹی ٹیکنیکل معاونت اور مانیٹرنگ کرے گی، تمام فلٹریشن پلانٹس پر سولر پینلز لگائے جائیں گے، اس پراجیکٹ ماڈل میں چوکیدار اور بجلی کا خرچہ نہیں ہوگا، اسکولز و مدارس انتظامیہ خود اس کی دیکھ بھال کریں گی۔

بقیہ | بقیہ جات | 7

کشیدگی، خطے میں امن واستحکام، اور تازہ جغرافیائی و سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق ایرانی سفیر نے ایران اسرائیل امریکہ تنازع پر وزیراعظم کو بریفنگ دی اور ایران کے موقف سے آگاہ

بقیہ | بقیہ جات | 8

کرد بلوچستان کے نوجوانوں کو خودکش بنا رہے ہیں جبکہ ہم ان کے لیے آکسفورڈ اور ہارورڈ یونیورسٹیز کے دروازے کھول رہے ہیں، بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف جنگ ہے، ہم مسئلے کا حل بات چیت سے چاہتے ہیں لیکن بدقسمتی سے وہ ڈائیلاگ کے بجائے بندوق کے ذریعے بات کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جیکب آباد میں رکن قومی اسمبلی اور پیپلز پارٹی کے قومی اسمبلی میں چیف وہیپ میر اعجاز حسین جکھرانی سے والدہ کی وفات پر تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف جنگ ہے دہشت گردوں کا کوئی قوم وقبیلہ نہیں ہوتا وہ صرف دہشت گرد ہیں، انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہر مسئلے کو ڈائیلاگ کے ذریعے حل کرنے پر یقین رکھتی ہے اگر بلوچستان کے مسئلے کا حل بات چیت سے نکلتا ہے تو اس خوبصورت بات اور کیا ہوسکتی ہے لیکن بدقسمتی سے بلوچستان کے مسئلے پر کوئی بات کرنے کو تیار نہیں بلکہ بندوق سے بات کی جا رہی ہے اگر وہ بندوق کے ذریعے بات کریں گے تو ہم بھی ان کو ایسے ہی جواب دے رہے ہیں، ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کی ہم سپورٹ کر رہے ہیں ہم ان کو یونیورسٹیز اور کالجز میں مصروف کر رہے ہیں اور تعلیم کی طرف راغب کر رہے ہیں، بلوچستان میں شہید محترمہ بینظیر بھٹو اسکالرشپ کا اعلان کیا گیا ہے جس کے ذریعے ہم بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے آکسفورڈ اور ہارورڈ سمیت دنیا بھر کی بہترین یونیورسٹیز کے دروازے کھول رہے ہیں، بلوچستان کے نوجوانوں کو دہشت گرد خودکش بنا رہے ہیں اور ہم انہیں آکسفورڈ اور ہارورڈ یونیورسٹیز میں بھیج رہے ہیں یہی ہم میں اور ان میں فرق ہے۔ لاپتہ افراد کے متعلق سوال کے جواب میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے لاپتہ افراد کا معاملہ متنازعہ ہے اس بات کو طے کرنا کہ کس نے کس کو غائب کیا ہے اور کیا انہیں زبردستی غائب کیا گیا ہے یا وہ خود غائب ہو چکے ہیں اور تعداد کا معاملہ بھی متنازعہ ہے لیکن اس کے باوجود ہم نے اس معاملے پر بلوچستان اسمبلی میں خاص قانون سازی کی ہے تاکہ مستقبل میں اس طرح کے الزامات ریاست یا ریاستی اداروں پر نہ لگیں اور الزامات کا راستہ ہمیشہ کے لیے روک دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایران ہمارا برادر اسلامی ملک ہے پوری قوم ایران کے ساتھ کھڑی ہے، بلوچستان کا بارڈر ایران سے ملتا ہے ہم نے وہاں خوراک سمیت دیگر تمام انتظامات کا پلان بنالیا ہے تاکہ کسی بھی قسم کے حالات سے نمٹ کر سکیں۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ جیکب آباد میں جعفر ایکسپریس پر حملے کی مذمت کرتے ہیں، جیکب آباد بلوچستان کے بارڈر پر واقع ہے بارڈر ایریا میں ایسا واقعہ پہلی مرتبہ ہوا ہے ہمارا فرض ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنائیں ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کے حالات کو بہتر کیا

بقیہ | بقیہ جات | 9

ٹائٹ ہیمر "کے نام سے حملوں کے ذریعے نشانہ بنانے پر اپنی تشویش کا اظہار کیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق خلیج تعاون کونسل (جی سی سی) کے سیکرٹری جنرل جاسم البدیوی نے کہا کہ جی سی سی خطے میں ہونے والی پیش رفت سے متعلق جی سی سی کی وزارتی کونسل کے 48 ویں غیر معمولی وزارتی اجلاس کے جاری کردہ بیان کے مندرجات کی تصدیق کرتا ہے۔ جی سی سی ان تمام اقدامات کی مذمت کرتا ہے جو خطے کی سلامتی اور استحکام کو خطرے میں ڈالتے ہیں۔ انہوں نے فوری جنگ بندی کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے تمام فریقوں سے کشیدگی میں کمی کے لیے مشترکہ کوششیں کرنے، تنازعات کے حل کے لیے سفارت کاری کو ایک موثر ذریعہ کے طور پر اپنانے اور خطے اور اس کے لوگوں کو جنگ کے خطرات سے بچانے کے لیے زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کرنے کا مطالبہ کیا۔ اسی تناظر میں سعودی عرب نے ایران کی خودمختاری کی خلاف ورزی کی مذمت کا اعادہ کیا اور امریکہ کی جانب سے ایرانی جوہری تنصیبات کو نشانہ بنانے پر اپنی تشویش کا اظہار کیا۔ سعودی عرب نے تحمل، پرسکون اور کشیدگی سے بچنے کی ضرورت پر زور دیا۔ سعودی موقف قطر کی جانب سے ایرانی جوہری تنصیبات پر بمباری کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال پر افسوس کے اظہار کے موافق ہے۔ دوحہ نے عندیہ دیا ہے کہ وہ ایران کی جوہری تنصیبات پر حالیہ حملوں کے بعد ہونے والی پیش رفت پر بڑی تشویش میں مبتلا ہے۔ دوحہ نے تمام فوجی کارروائیوں کو روکنے اور بقایا مسائل کو حل کرنے کے لیے فوری طور پر مذاکرات اور سفارتی ذرائع کی طرف لوٹنے کی ضرورت پر زور دیا۔ کویتی وزارت خارجہ نے بھی اپنے موقف کا اظہار کرتے ہوئے ایران میں پے در پے ہونے والے حملوں اور کئی جوہری تنصیبات کو نشانہ بنانے پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا۔ کویتی وزارت خارجہ نے کہا یہ ایک خطرناک پیش رفت ہے اور اس سے خطے اور دنیا کی سلامتی اور استحکام کو خطرہ ہے۔ ایک بیان میں وزارت خارجہ نے 13 جون 2025 کو جاری کردہ اپنے بیان پر اسرائیل کے ایران پر حملے کو تہران کی خودمختاری پر حملہ قرار دیا۔ بحرین کی وزارت خارجہ نے بھی آج اس بات کی تصدیق کی ہے کہ وہ خطے میں ہونے والی پیشرفت پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ اس نے کشیدگی اور فوجی کارروائیوں کو روکنے کے لیے علاقائی اور بین الاقوامی مشترکہ کوششوں اور امریکہ اور اسلامی جمہوریہ ایران کے درمیان مذاکرات کی بحالی کو تیز کرنے پر زور دیا تاکہ موجودہ بحران کو سفارتی اور پرامن طریقوں سے حل کیا جاسکے۔ ایران میں تیز رفتار پیش رفت کے درمیان سلطنت عمان نے جاری واقعات کو تشویشناک قرار دیا۔ اس نے اسلامی جمہوریہ ایران میں ایٹمی سائٹس کے خلاف امریکہ کے براہ راست فضائی حملوں کی مذمت کی اور انہیں غیر قانونی قرار دیا ہے۔ عمان نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر کشیدگی کو کم کیا جائے۔ ابوظبی نے بھی اسی طرح کے موقف کا اظہار کرتے ہوئے خطے میں جاری کشیدگی اور ایرانی جوہری تنصیبات کو نشانہ بنانے پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا۔ یو اے ای نے خطرناک اثرات سے بچنے اور خطے میں عدم استحکام کی نئی بلندیوں پر پہنچنے سے بچنے کے لیے فوری طور پر کشیدگی کو ختم کرنے کا مطالبہ کیا۔ ایک بیان میں متحدہ عرب امارات کی وزارت خارجہ نے استحکام، خوشحالی اور انصاف کے حصول کے لیے تنازعات کو جامع انداز میں حل کرنے کے لیے سفارت کاری اور بات چیت کو ترجیح دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس نے بین الاقوامی برادری سے ان حساس اور خطرناک پیش رفتوں کے ایک جامع حل تک پہنچنے کے لیے کوششوں کو متحرک کرنے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 10

۔ اس آبنائے کو بند کرنے کا حتمی فیصلہ ابھی تک نہیں کیا گیا۔ اس کے ذریعے تقریباً 20 فیصد عالمی تیل اور

گیس کا بہاؤ ہوتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران اور سلطنت عمان کے درمیان آبنائے ہرمز، جس کی چوڑائی تقریباً 55 کلومیٹر ہے، عالمی تیل کی برآمدات کے لیے ایک بڑا جہاز رانی کا راستہ ہے۔ 21 ملین بیرل سے زیادہ تیل روزانہ آبنائے ہرمز سے گزرتا ہے۔ مائع قدرتی گیس کی برآمدات کا ایک تہائی حصہ یہاں سے گزرتا ہے اور اس طرح یہ دنیا کے حساس ترین چوکیوں میں سے بن جاتی ہے۔ جیسے جیسے تناؤ بڑھ رہا ہے شپنگ کمپنیوں نے اس آبنائے سے گریز کرنا شروع کردیا ہے اور بحری جہازوں کے لیے انشورنس کی شرح 60 فیصد سے زیادہ بڑھ گئی

بقیہ | بقیہ جات | 11

ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو نوبیل انعام دینے کی سفارش واپس لیں۔ ایک بیان میں نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ امریکا یہود و ہنود کا دوست ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی معیشت جنگوں سے لوٹ مار اور اسلحے کی فروخت پر چلتی ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ حکومت پاکستان بھارت جنگ بندی پر ٹرمپ کی شکرگزار ہو لیکن عدم توازن کا شکار نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ عالم اسلام امت کے تحفظ کے لیے متحد

بقیہ | بقیہ جات | 12

قومی اسمبلی اجلاس کے دوران حکومتی اور اپوزیشن ارکان میں گرما گرمی دیکھنے میں آئی۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی تقریر کے دوران اپوزیشن ارکان، خصوصاً پی ٹی آئی کے اراکین نے احتجاج کیا، پیپلز پارٹی نے اس رویے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اعلان کیا کہ اگر اپوزیشن شور شرابا کرے گی تو وہ بھی عمر ایوب سمیت کسی کو بولنے نہیں دیں گے۔ بجٹ کی سفارشات پر بحث شروع ہوئی تو اسپیکر نے عمر ایوب کو سفارشات پر بحث شروع کرنے کا کہا، عمر ایوب کو خطاب کا موقع دینے پر پیپلز پارٹی کے اراکین ایوان میں کھڑے ہوکر نعرے بازی کی اور واضح کیا کہ بلاول کی تقریر کے دوران مداخلت پر وہ اب اپوزیشن کو بات نہیں کرنے دیں گے۔ اس موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی نے ایوان کو پرامن رکھنے کی کوشش کرتے ہوئے پیپلز پارٹی اراکین سے کہا کہ "آپ دل بڑا کریں، عمر ایوب کو بولنے دیں"، سردار ایاز صادق نے مزید کہا کہ دو غلط ایک ٹھیک نہیں

بقیہ | بقیہ جات | 13

سیاسی طور پر درست نہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ امریکی B-2 پائلٹ مسوری میں بحفاظت لینڈ کرگئے، ہم نے ایک شاندار فوجی کامیابی حاصل کی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 14

سیکرٹری بلوچستان کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ نے عوام کے مسائل حل کرنے کرنے کیلئے سرکٹ ہاؤس گنداواہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری میں ایف سی 151 ونگ جھل مگسی لیفٹیننٹ کرنل سہیل احمد، ایس پی جھل مگسی سبحان علی مگسی، اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ عبدالمجید محمد حسنی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جھل مگسی عبدالرسول کھوسہ، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع جھل مگسی میر غلام سرور مگسی، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر آفیسر جھل مگسی حفیظ اللہ کھوسہ، ڈویژنل فاریسٹ آفیسر جھل مگسی عابد حسین، ایس ڈی او گنداواہ اریگیشن فرخ شہزاد، سماجی تنظیم یگ ویلفیئر آرگنائزیشن گنداواہ کے صدر باز محمد گھوٹیہ، لیویز تھانہ گنداواہ کے رسلدار عبدالرزاق چنجی، ایس ڈی او پی ایچ ای محمد طاہر لہڑی، تحصیلدار گنداواہ دیدار علی گولہ، پی پی ایچ آئی جھل مگسی کے ڈی ایس ایم شعبان خان مینگل، ڈاکٹر ظفر احمد آرائیں، سب انجینئر گنداواہ پی ایچ ای عبدالخالق آرائیں، سوشل ورکر نریش کمار، صحافی برادری اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کھلی کچہری میں عوام نے اپنے اپنے مسائل سنائے، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ نے کہا کہ کھلی کچہری لگانے کا مقصد عوام کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر حل کرنا میری اولین ترجیح

بقیہ | بقیہ جات | 15

محمد علی جمالی کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ صدر اوستہ محمد منظور احمد جمالی نے کارروائی کرتے ہوئے ولی محمد ساکن نزد گڑھی خیرو کو دوران اسنیپ چیکنگ گرفتار کر لیا۔ دوران تلاشی ملزم کے قبضہ سے ایک کلوگرام چرس برآمد ہوئی۔ اسکے چرس کی اسمگلنگ میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل بھی قبضہ میں لی گئی۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 16

ئے ایران کی ایٹمی سائٹ فردو پر حملہ کیا جس کی ایرانی حکام نے تصدیق کردی، ایرانی حکام نے بتایا کہ ایران کے شہر کرج اور تہران پر بھی میزائل حملے کیے گئے ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اسرائیلی حملوں کے بعد تہران میں زوردار دھماکے سنے گئے ہیں جبکہ شمالی تہران میں بجلی کی فراہمی منقطع ہوگئی ہے

بقیہ | بقیہ جات | 17

حمد شاہ کی بگڑتی ہوئی صحت کی طرف مبذول کرائی ہے جنہیں پراسٹیٹ کینسر کی تشخیص ہوئی ہے اور جو 2017 میں گرفتاری کے بعد سے نئی دہلی کی تہاڑ جیل میں نظربند ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ڈی ایف پی کے قائم مقام چیئرمین محمود احمد ساغر نے او آئی سی کے سیکرٹری جنرل کے نام ایک خط میں کہا کہ شبیر احمد شاہ ناقابل تنسیخ حق خودارادیت کے حصول کے لئے کشمیریوں کی جدوجہد کے مرکزی رہنماؤں میں سے ایک ہیں۔ انہوں نے اپنے سیاسی نظریے کی وجہ سے اپنی زندگی کے 38 سال مختلف بھارتی جیلوں میں گزارے ہیں۔ خط میں کہا گیا ہے کہ جولائی 2017 میں جھوٹے الزامات کے تحت ان کی گرفتاری کے بعد سے وہ گزشتہ آٹھ سالوں سے دہلی کی تہاڑ جیل میں نظربند ہیں حالانکہ بھارتی حکام عدالت میں ان کے خلاف ایک بھی ثبوت پیش کرنے میں ناکام رہے۔ شبیر احمد شاہ جو پہلے ہی متعدد عارضوں میں مبتلا ہیں، اب حال ہی میں پروسٹیٹ کینسر کی تشخیص ہوئی ہے جس کی وجہ سے ان کا وزن بھی گر گیا ہے اور ڈاکٹروں نے انہیں متعدد سرجریز کا مشورہ دیا ہے جس کے لئے خصوصی دیکھ بھال کی ضرورت ہے اور جیل میں یہ ممکن نہیں ہے۔ افسوسناک بات یہ ہے کہ بھارتی عدلیہ نے یہ جاننے کے باوجود کہ وہ سنگین بیماریوں میں مبتلا ہیں، ان کو ضمانت دینے سے انکار کردیا ہے۔ ستم ظریفی ہے کہ اس انتہائی اہم وقت پر ان کے اہل خانہ کو علاج کے دوران ان کے ساتھ رہنے کی بھی اجازت نہیں دی جارہی۔ ڈی ایف پی رہنما نے او آئی سی کے سربراہ سے اپیل کی کہ وہ بھارتی حکومت کے ساتھ اس سنگین مسئلے کو اٹھائیں تاکہ علاج کے دوران شبیر احمد شاہ کی اچھی دیکھ بھال کی جاسکے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ ہم آپ سے اپیل کرتے ہیں کہ آپ مداخلت کرکے شبیر احمد شاہ کی رہائی کو یقینی بنائیں تاکہ علاج کے دوران وہ اپنے اہلخانہ کے ساتھ رہ سکیں جسکی انہیں سخت ضرورت ہے۔ آپ کی مداخلت سے شبیر احمد شاہ کی جان بچانے اور دیگر کشمیری سیاسی قیدیوں کی مشکلات کو کم کرنے میں مدد ملے گی جن کی صحت نظربندی کے دوران بگڑتی جارہی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 18

ہوئے انہوں نے کہا کہ اسرائیل نے جھوٹ کی بنیاد پر ایران پر حملہ کیا، ہم اس کی مذمت کرتے ہیں، ایران کی خودمختاری کی خلاف ورزی کی گئی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ایران کی ملٹری قیادت کو جنگ کے میدان میں نہیں بلکہ ان کے گھر میں ٹارگٹ کیا گیا، ایرانی سائنسدانوں کو ٹارگٹ کیا گیا، سب سے بڑی خلاف ورزی ایران کی نیوکلیئر تنصیبات پر حملہ ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 19

ل، خارجہ پالیسی میں بلاول بھٹو زرداری کے موثر کردار، اپوزیشن کے رویے، وفاق کے ساتھ مالی معاملات اور آئندہ مالی سال کے ترقیاتی اقدامات پر مفصل روشنی ڈالی۔ وزیراعلیٰ نے سندھ اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پاک بھارت کشیدگی اور بین الاقوامی تناظر کے پس منظر میں بلاول بھٹو زرداری کے کردار کو سراہا۔ ان کا کہنا تھا کہ پہلگام واقعے سے 10 مئی تک چیئرمین بلاول نے بطور حقیقی حکمران کام کیا۔ انہوں نے امریکا اور یورپ میں پاکستان کا مقدمہ

مؤثر انداز میں پیش کیا، اور اسرائیلی و بھارتی لابی کو شکست دی۔ مراد علی شاہ نے اس موقع پر مسلح افواج، صدر، وزیراعظم اور تمام صوبائی حکومتوں کو یکجہتی پر مبارکباد بھی دی۔ وزیراعلیٰ نے عالمی سطح پر جاری کشیدگی پر پاکستان کے مؤقف کو دوٹوک قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایران پر اسرائیل کے حملے اور امریکا کی داخلات عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ ہم ان کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ مراد علی شاہ نے اجلاس کے دوران اپوزیشن کے رویے کو غیر جمہوری قرار دیتے ہوئے کہا کہ احتجاج آئینی حق ہے لیکن بدتمیزی کی اجازت نہیں۔ اسپیکر کی بات نہ ماننا پارلیمانی اصولوں کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ اسمبلی میں اپوزیشن کے 100 فیصد اراکین کو بولنے کا موقع ملا، جو جمہوریت کی بہترین مثال ہے۔ وزیراعلیٰ نے بجٹ کی تفصیلات پیش کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کا ترقیاتی بجٹ کل بجٹ کا 30 فیصد ہے، پنجاب کا ترقیاتی بجٹ 23 فیصد، خیبر پختونخوا کا 25.3 فیصد ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وفاق نے شروع میں 1.9 ٹریلین روپے کا وعدہ کیا، مگر نظرثانی کے بعد یہ 1.796 ٹریلین کر دیا گیا۔ سندھ نے 237 ارب روپے کے واجبات کی ادائیگی کا مطالبہ کر رکھا ہے۔ مراد علی شاہ نے زرعی انکم ٹیکس پر حقائق بیان کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے آئندہ سال 8 ارب روپے زرعی ٹیکس اکٹھا کرنے کا ہدف مقرر کیا ہے، جو فی ایکڑ 1052 روپے بنتا ہے۔ پنجاب، خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں یہ شرح ہم سے کم ہے۔ وزیراعلیٰ نے آئندہ مالی سال میں اٹھائے جانے والے اہم اقدامات کا اعلان بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ تنخواہوں میں 10 سے 12 فیصد اور پنشن میں 8 فیصد اضافہ کیا ہے، جامعات کی امداد بڑھا دی ہے اس کے علاوہ سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی امداد بھی بڑھا دی ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے بتایا کہ لاڑکانہ میں نیا ایس آئی یو ٹی بنا رہے ہیں نئے ایمبولینس خرید رہے ہیں اس کے ساتھ ساتھ آٹزم سینٹرز اور دیگر محکموں میں توسیع دے رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ نے آگاہ کیا کہ ہم نے پروفیشنل ٹیکس، انٹرٹینمنٹ ٹیکس ختم کردیا ہے، اس کے علاوہ ہم نے بڑی گاڑیوں پر ٹیکس میں بھی چھوٹ دے دی

بقیہ | بقیہ جات | 20

رش ریکارڈ کی گئی۔ ترجمان کے مطابق نور پور تھل میں 29 ملی میٹر، گوجرانوالہ میں 28، شمس آباد (راولپنڈی) میں 14، سیالکوٹ میں 11، میانوالی میں 10 اور حافظ آباد میں 9 ملی میٹر بارش ہوئی۔ اسی طرح سرگودھا میں 5، جھنگ میں 4، اور جوہر آباد، گجرات، قصور میں 1 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ مزید یہ کہ فیصل آباد، منڈی بہاؤالدین، شیخوپورہ اور نارووال میں بھی ہلکی بارش دیکھی گئی۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق پری مون سون بارشوں کا سلسلہ 23 جون تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ لاہور، فیصل آباد، گوجرانوالہ، راولپنڈی، ملتان، بہاولپور، سرگودھا، ڈیرہ غازی خان اور ساہیوال کے شہری علاقوں میں مزید بارش متوقع ہے۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا نے شہریوں کو احتیاطی تدابیر اپنانے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ گرج چمک اور آسمانی بجلی کے دوران محفوظ مقامات پر رہیں، کھلے علاقوں میں کھڑے ہونے سے گریز کریں، اور گاڑی چلاتے وقت رفتار کم رکھیں اور مناسب فاصلہ برقرار رکھیں۔ پی ڈی ایم اے کی ایمرجنسی سروسز اور ضلعی انتظامیہ سے مسلسل رابطے میں ہیں تاکہ کسی بھی ممکنہ صورتحال سے نمٹا جاسکے۔

بقیہ | بقیہ جات | 21

کا ڈی (ایچ ایس کے) یعنی چینی زبان کی مہارت کا امتحان منعقد ہوا۔ ملک بھر کے چینی زبان کے سکولوں سے تعلق رکھنے والے 200 طلبہ نے اس امتحان میں شرکت کی اور 1 سے 6 لیول تک ایچ ایس کے کے امتحانات دیئے۔ لے ہوا بین الاقوامی تعلیمی مرکز کی پرنسپل ہن وہن ون نے وضاحت کی کہ چینی زبان کی مہارت کو جانچنے کے لئے ایچ ایس کے مرکزی معیاری امتحان ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو طلبہ ایچ ایس کے کا لیول 4 پاس کرتے ہیں وہ چینی جامعات میں سکالرشپ کے لئے درخواست دینے کے اہل ہوتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمارا مرکز پہلا ادارہ ہے جسے یانگون یونیورسٹی میں ایچ ایس کے امتحان منعقد کرنے کی سرکاری اجازت ملی اور ہمیں اس موقع کے لئے واقعی شکر گزار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ایچ ایس کے امتحان کا انعقاد نہ صرف میانمار کے طلبہ کو چینی زبان کی مہارت کا تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ حاصل کرنے میں مدد دیتا ہے بلکہ یہ میانمار اور چین کے درمیان ثقافتی تبادلے اور تعلیمی تعاون میں بھی پل کا کام کرتا ہے۔ امتحان دینے والوں میں 32 سالہ نادخو سے وار نے اپنی دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں بچپن سے چینی فلمیں دیکھتی آرہی ہوں، اسی لئے مجھے اس زبان میں دلچسپی پیدا ہوئی۔ میں نے 2022 میں خود سے پڑھنا شروع کیا اور بغیر کسی کلاس میں شرکت کئے ایچ ایس کے لیول 2 کا امتحان دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں اعلیٰ سطح کے لئے کلاسز لینے کا ارادہ رکھتی ہوں۔ چاہے میں مترجم نہ بھی بنوں، چینی بولنے کی صلاحیت مجھے بہتر تنخواہ حاصل کرنے میں مدد دے سکتی ہے۔ ایچ ایس کے لیول 4 امتحان دینے والی 19 سالہ کیال سن شار تھونے کہا کہ وہ 10 سال کی عمر سے چینی سیکھ رہی ہیں اور ان کا مقصد چین میں تعلیم حاصل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں تمام لیول مکمل کرنا چاہتی ہوں اور چین میں تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہوں۔

بقیہ | بقیہ جات | 22

کردیا گیا ہے۔ یہ تعیناتی ڈی جی نیب لاہور احترام ڈار کی ریٹائرمنٹ کے بعد عمل میں لائی گئی ہے۔ غلام صفدر شاہ اس سے قبل نیب میں اہم انتظامی و تفتیشی عہدوں پر خدمات انجام دے چکے ہیں اور انہیں ایک تجربہ کار اور دیانتدار افسر کے طور پر جانا جاتا ہے۔ نیب ترجمان کے مطابق غلام صفدر شاہ لاہور بیورو کے تمام انتظامی و تفتیشی امور کی نگرانی کے لیے چارج دے دیا گیا ہے، اور وہ فوری طور پر ذمہ داریاں سنبھال لیں گے۔ نیب لاہور ملک بھر میں کرپشن کے خلاف کارروائیوں میں متحرک ترین بیوروز میں شمار ہوتا ہے اور غلام صفدر شاہ کی تعیناتی کے بعد ادارے کی کارکردگی میں مزید بہتری کی توقع کی جا رہی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 23

ہوگا، کاروباری ماحول میں بہتری لا رہے ہیں، صنعتی پالیسی کا جلد آغاز کیا جائیگا، ٹیکس کی تعمیل اور بنیاد میں وسعت پر توجہ دی جا رہی ہے، سولر پینلز پر ٹیکس کی شرح 10 فیصد ہوگی، روئی اور دھاگے کی درآمد پر سیلز ٹیکس اور ڈیوٹی کی چھوٹ ختم کردی جائے گی، 75 سال سے زائد عمر والے پنشنرز کسی بھی قسم کے ٹیکس سے مستثنیٰ ہیں۔ پیر کو قومی اسمبلی میں آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ پر عام بحث کو سمیٹتے ہوئے وزیرخزانہ نے کہا کہ وہ وزیراعظم، ڈپٹی وزیراعظم، اراکین قومی اسمبلی، قومی اسمبلی اور سینیٹ کی قائمہ کمیٹیز کے چیئرمینوں اور اراکین، اتحادی جماعتوں کے اراکین، اراکین قومی اسمبلی اور تمام شراکت داروں کے شکرگزار ہیں جنہوں نے بجٹ کی تیاری، بحث اور اس حوالہ سے تجاویز اور سفارشات کو حتمی شکل دینے میں تعاون فراہم کیا، اس رہنمائی کی وجہ سے حکومت کو متوازن بجٹ دینے میں مدد ملی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ آئندہ مالی سال کے دوران حکومتی اخراجات میں کمی اور ٹیکس کی بنیاد اور تعمیل پر زور دیا گیا ہے۔ ٹیکس کی بنیاد میں وسعت اور تعمیل کیلئے ایف بی آر میں اصلاحات اور ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو آگے بڑھایا جا رہا ہے، تنخواہ دار طبقہ پر ٹیکسوں کا بوجھ کم کر دیا گیا ہے، تعمیراتی شعبہ کو ریلیف دیا گیا ہے۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ ٹیرف کو معقول بنانا اہمیت کا حامل ہے، درآمدی خام مال اور ٹیرف لائنز میں سہولت سے نہ صرف برآمدات میں اضافہ ہوگا بلکہ صنعتوں کو فروغ دینے اور اصلاحات کے عمل کو آگے بڑھانے میں بھی مدد ملے گی، صنعتی پالیسی تیار ہے اور اس کا اعلان جلد ہو گا جبکہ الیکٹرک گاڑیوں کیلئے پالیسی کا اعلان بھی جلد کیا جائے گا۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ توانائی سمیت اہم شعبوں میں اصلاحات کا عمل جاری رہے گا، سماجی بہبود کے شعبہ میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا بجٹ 592 ارب روپے سے بڑھا کر 716 ارب روپے کر دیا ہے۔ اس اقدام سے تقریباً ایک کروڑ خاندانوں کو مالی امداد فراہم کی جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ

حکومت کی بھرپور کوشش ہوگی کہ ان خاندانوں کے افراد کو ہنرمند کارکن بنایا جائے اور ان کی زندگیوں میں بڑی تبدیلی لائی جائے، غربت کے چکر کو توڑنے اور معیشت میں اپنا کردار ادا کرنے کے قابل بنایا جائے۔ اس حوالے سے حکومت، بینظیر ہنرمند پروگرام کو مطلوبہ وسائل فراہم کرے گی۔ اسی طرح حکومت برٹش ایشین ٹرسٹ کے اشتراک سے پاکستان کا پہلا اسکلز امپیکٹ بانڈ متعارف کرانے جارہی ہے جو نتائج پر مبنی مالی معاونت کی نئی مثال بنے گا اور نوجوانوں کو مارکیٹ سے ہم آہنگ تربیت فراہم کرے گا۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ حکومت نے زرعی شعبہ کے فروغ اور چھوٹے کسانوں کی معاونت کیلئے بغیر ضمانت اور نقد بنیادوں پر قرضے فراہم کرنے کے فلیگ شپ پروگرام بنایا ہے جس کے تحت ساڑھے بارہ ایکڑ تک کے چھوٹے کسانوں کو ڈیجیٹل ذرائع سے 10 لاکھ روپے تک کے قرضے دیئے جائیں گے۔ اس قرض سے منظور شدہ بیج، کھاد، زرعی ادویات اور ڈیزل کی ادائیگی کی جاسکے گی اور کسان کو فصل اور زندگی کی بیمہ سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ اس کے علاوہ حکومت کسانوں کیلئے الیکٹرانک ویئرہاؤس رسید کا نظام وضع کرنے جا رہی ہے جس کے تحت اناج کو سٹور کرنے میں مدد ملے گی، کسانوں کو اپنی فصل کی بہتر قیمت ملے گی اور مجموعی فوڈ سیکورٹی میں استحکام آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت قابل استطاعت ہاؤسنگ فنانس کو فروغ اور پہلی بار گھر خریدنے یا تعمیر کرنے کے خواہشمند کم آمدنی والے افراد کیلئے 20 سالہ مدت کی قرض سکیم متعارف کرانے جارہی ہے، خواتین کی مالی شمولیت کیلئے خواتین کیلئے مخصوص مالیاتی پروگرام کے تحت ایک لاکھ ترانوے ہزار سے زیادہ خواتین کو 14 ارب روپے کے قرضے فراہم کئے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگلے مالی سال میں ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے خواتین کو تقریباً 14 ارب روپے کے مزید قرضے فراہم کئے جائیں گے۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ حکومت کو تنخواہ دار طبقے پر ٹیکس کے بوجھ کا بخوبی احساس ہے۔ دستیاب مالی گنجائش میں رہتے ہوئے ریلیف فراہم کرنے کیلئے، حکومت نے ابتدائی طور پر 32 لاکھ روپے تک کی آمدن کی سلیبز پر ٹیکس کی شرح کم کرنے کی تجویز دی۔ اسی طرح 6 لاکھ سے 12 لاکھ روپے سالانہ آمدن پر ٹیکس کی شرح 5 فیصد سے کم کر کے 2.5 فیصد کرنے کی تجویز بھی تاہم وزیراعظم کی ہدایت پر حکومت نے اس آمدن یعنی 6 لاکھ سے 12 لاکھ روپے پر ٹیکس کی شرح مزید کم کر کے صرف ایک فیصد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے اس کیٹگری میں شامل تنخواہ دار طبقہ کو اضافی ریلیف ملے گا اور ان کی مالی مشکلات میں کمی آئے گی۔ اس کے علاوہ میں یہ بھی واضح کرتا چلوں کہ بجٹ تقریر سے یہ تاثر لیا گیا کہ پنشن پر ٹیکس عائد ہونے کی وجہ سے کمیوٹیشن اور گریجویٹی کی رقم پر بھی ٹیکس عائد ہوگا لیکن ایسا نہیں ہے جو لوگ سالانہ ایک کروڑ سے زائد پنشن وصول کرتے ہیں صرف انہی پر ٹیکس عائد کیا گیا ہے جبکہ وزیراعظم پاکستان کی خصوصی ہدایات پر 75 سال سے زائد عمر والے پنشنرز کسی بھی قسم کے ٹیکس سے مستثنیٰ ہیں۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ سولر آلات پر 18 فیصد سیلز ٹیکس عائد کیا گیا تھا جس کو اب کم کر کے 10 فیصد کر دیا گیا ہے۔ اس ٹیکس کا اطلاق صرف چھیالیس (46) فیصد درآمدی پرزہ جات پر ہوگا جس سے امپورٹڈ سولر پینلز کی قیمت میں صرف 4.6 فیصد اضافہ ہوگا۔ ہمیں درآمدی سولر پینلز پر مجوزہ جی ایس ٹی کے نفاذ سے قبل ہی بعض عناصر کی جانب سے ناجائز منافع اور ذخیرہ اندوزی کی اطلاعات ملی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس تجویز کے عملی نفاذ سے قبل ہی موقع پرست عناصر کی جانب سے قیمتوں میں خود ساختہ اضافہ کرنا قابل مذمت ہے۔ جیسا کہ میں نے سینیٹ میں کہا تھا میں ان عناصر کو سختی سے متنبہ کرتا ہوں کہ حکومت کسی کو عوام کے استحصال کی اجازت نہیں دے گی اور ان عناصر کیخلاف قانون کے مطابق سخت ترین کارروائی کی جائے گی۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ بجٹ تقریر میں ہائی برڈ گاڑیوں پر سیلز ٹیکس عائد کرنے کا اعلان کیا گیا تھا، میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ مقامی طور پر تیار کردہ کسی ہائی برڈ گاڑی پر سیلز ٹیکس رجیم میں کوئی تبدیلی نہیں کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کی خصوصی ہدایت پر ٹیکس فراڈ کے حوالے سے ایف بی آر کے موجودہ اختیارات اور فنانس بل کے ذریعے مجوزہ تبدیلیوں کا ایک مرتبہ پھر بغور جائزہ لیا گیا، جس کے تحت ٹیکس فراڈ کی قابل اور ناقابل دست اندازی کیٹیگریز بنا دی گئی ہیں، اب مزید پانچ کروڑ روپے تک کے کیسز میں ایف بی آر بغیر عدالتی وارنٹ گرفتاری نہیں کر سکے گا۔ علاوہ ازیں گرفتاری کیلئے تین بار نوٹسز کے باوجود جان بوجھ کر انکوائری کا حصہ نہ بننے، راہ فرار اختیار کرنے کی کوشش کرنے اور ریکارڈ کو ٹمپر کرنے کی صورت میں کارروائی کی جائیگی، ان شرائط کے باوجود گرفتاری کی منظوری کسی ایک افسر کی بجائے ایف بی آر کی اعلیٰ سطحی تین رکنی کمیٹی دے گی اور گرفتار شدہ افراد کو 24 گھنٹوں میں اسپیشل جج کی عدالت میں پیش کرنا لازم ہوگا۔ اس کے علاوہ یہ امر بھی یقینی بنایا جائے گا کہ اس عمل کے دوران کسی شہری سے زیادتی نہ ہو اور قانون میں دیئے گئے اختیارات کا ناجائز استعمال نہ ہو۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محصولات کی زیادہ تر سفارشات کو بھی مجوزہ ترمیمی فنانس بل میں شامل کر لیا گیا ہے، جن میں سے اہم سفارشات کا تذکرہ کرنا ضروری ہے، مالی بل میں اس بار ای کامرس پر ٹیکس لگانے کے خصوصی اقدامات تجویز کیے گئے تھے۔ ان اقدامات کی بنیادی وجہ ریٹیل بزنس اور ای کامرس کے درمیان لیول پلے انگ فیلڈ پیدا کرنا تھا تاہم معاشی سرگرمیوں میں ای کامرس کی اہمیت کو دیکھتے ہوئے ای کامرس سرگرمیوں میں شامل مائیکرو اور سمال بزنس کو ایک آسان نظام پر منتقل کیا جا رہا ہے جہاں ان پر ٹیکسوں کا اطلاق محدود بنیاد پر ہوگا۔ اس اقدام سے ای کامرس میں گھر سے کام کرنے والوں اور چھوٹے کاروبار کی سہولت میں اضافہ ہوگا۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ ماضی میں لوگ کم ظاہر کیے گئے معاشی وسائل سے بڑھ کر بڑی بڑی جائیدادیں خریدتے تھے۔ مجوزہ فنانس بل میں انکم ٹیکس آرڈیننس کے سیکشن 114 سی کے تحت ایسے لوگوں پر بڑی معاشی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر پابندیاں عائد کرنے کی تجویز تھی۔ وزیراعظم پاکستان کی خصوصی ہدایات پر اس نئے قانون کا اطلاق فی الوقت 5 کروڑ روپے مالیت کے رہائشی پلاٹ یا مکان، دس کروڑ روپے مالیت تک کے کمرشل پلاٹ یا جائیداد اور 70 لاکھ روپے تک کی گاڑی کی خریداری پر نہیں ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کو مناسب وقت پر ان مالیاتی حدود میں کمی بیشی کرنے کا اختیار دینے کی تجویز ہے۔ اس اقدام سے معیشت کو دستاویزی بنانے میں مدد ملے گی۔ موجودہ قانون کے تحت یکم جولائی 2024 سے پہلے خریدی گئی جائیداد پر 6 سال کی مدت گزرنے کے بعد کیپیٹل گین ٹیکس کا اطلاق نہیں ہوتا ہے تاہم اس جائیداد کی فروخت پر ساڑھے چار سے چھ فیصد تک ود ہولڈنگ ٹیکس لاگو ہوتا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 24

گی۔ یہ مسلسل دوسرا سال ہے جب سیاحوں کی مجموعی تعداد 10 کروڑ سے تجاوز کر گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وزارت سیاحت کے سالانہ شماریاتی رپورٹ کے مطابق 2024 میں سیاحت کے مجموعی اخراجات 284 ارب ریال تک جا پہنچے جو 2023 کے مقابلے میں 11 فیصد اضافہ ظاہر کرتے ہیں۔ رپورٹ میں مملکت میں سیاحتی سرگرمیوں کی اہم جہتوں پر روشنی ڈالی گئی ہے اور 2023 میں حاصل ہونے والی کامیابیوں کے تسلسل میں 2024 کے دوران اس شعبے کی ترقی کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ وزیر سیاحت احمد بن عقیل الخطیب نے رپورٹ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ 2024 میں ہونے والی غیر معمولی پیش رفت اور قابل ذکر ترقی مملکت کی قیادت کی دانشمندانہ رہنمائی اور سیاحت کے شعبے کو دی جانے والی بے مثال سرپرستی کا نتیجہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ شعبہ اب ویژن 2030 کے اہداف کے حصول کے مرکزی ستون کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ وزیر نے واضح کیا کہ رپورٹ میں وزارت سیاحت اور اس سے منسلک تمام اداروں کی مربوط کاوشوں کا ثمر سامنے آیا ہے، جس کے باعث یہ شعبہ تیزی سے ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ رپورٹ کے مطابق، 2024 میں

بیرون ملک سے آنے والے سیاحوں کی تعداد تقریباً 3 کروڑ رہی، جو 2023 کے مقابلے میں 8 فیصد اضافہ ہے۔ ان سیاحوں کی جانب سے مملکت میں کیا جانے والا مجموعی خرچ 168.5 ارب ریال تک پہنچا جو کہ 19 فیصد کا سالانہ اضافہ ظاہر کرتا ہے۔ دوسری جانب، 2024 میں اندرون ملک سیاحت میں بھی زبردست اضافہ ہوا، جہاں 86.2 ملین سعودی شہریوں اور رہائشیوں نے سیاحتی سرگرمیوں میں حصہ لیا، جس میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 5 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ان مقامی سیاحوں کی جانب سے ہونے والا کل خرچ 115.3 ارب ریال تک جا پہنچا۔ یہ اعداد و شمار اس بات کا ثبوت ہیں کہ سعودی عرب سیاحت کو ایک مضبوط اقتصادی ستون کے طور پر تیزی سے فروغ دے رہا ہے اور ویژن 2030 کی روشنی میں اس شعبے کو مزید وسعت دی جا رہی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 25

تگ کے ہمراہ ضلع کیماڑی کے خصوصی تنظیمی دورہ کیا۔ کیماڑی کے کارکنان وذمہ داران نے اپنے محبوب قائد کا پرتپاک اور والہانہ استقبال کیا۔ اس دورے کا آغاز سونائی چوک سے ہوا، جہاں بچو دیوان نے اپنے ضلع کیماڑی کے مرکزی دفتر کا افتتاح فرمایا۔ اس کے بعد سراجی چوک برانچ اور آزاد محلہ برانچ کا باقاعدہ افتتاح کیا گیا جبکہ آخر میں مری چوک برانچ کا دورہ کیا گیا، جہاں کارکنان سے ملاقات اور عوامی خطاب بھی ہوا۔ بچو دیوان نے اپنے خطاب میں پارٹی کی بڑھتی ہوئی عوامی پذیرائی پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ پاک مسلم الائنس دیوان ایک عوامی تحریک ہے، جو عوامی مسائل کے حل، برابری، انصاف اور قومی یکجہتی کے اصولوں پر کاربند ہے۔ انہوں نے تمام اضلاع سے شریک ہونے والے صدور، سیکریٹریز اور دیگر تنظیمی ذمہ داران کا خصوصی شکریہ ادا کیا، جنہوں نے اپنی شرکت سے اس دورے کو کامیاب بنایا۔ اس موقع پر مرکزی صدر علاؤالدین لطیف، مرکزی سینئر نائب صدر محمد یوسف، مرکزی چیف آرگنائزر مفتی محی الدین احمد منصوری، سیکریٹری اطلاعات نورالاسلام، نائب صدر عبدالرحیم، صدر مرکزی پبلک ایڈ کمیٹی محمد امین رحمان، مرکزی صدر یوتھ ونگ محمد کمال، سینئر نائب صدر پبلک ایڈ کمیٹی محمد شاہ عالم، مرکزی سینئر نائب صدر یوتھ ونگ منیر حسین غنی، مرکزی سیکریٹری جنرل یوتھ ونگ حافظ جمال حسین الیاس، جنرل سیکریٹری پبلک ایڈ کمیٹی عبید شاہ، سیکریٹری اطلاعات پبلک ایڈ کمیٹی منیر شاہ، رکن مجلس شوریٰ محمد شکیل عزیز، رکن مجلس شوریٰ جہانگیر عالم، مرکزی جوائنٹ سیکریٹری حسین احمد مہدی، صدر ضلع شرقی 1 جسیم پٹواری، جنرل سیکریٹری ضلع شرقی 1 بلال مظفر، جنرل سیکریٹری یوتھ ونگ ضلع شرقی 1 محمود، صدر ضلع وسطی محمد سلمان، جنرل سیکریٹری ضلع وسطی دلاور حسین، صدر اورنگی ٹاؤن دودو میاں، تیسر ٹاؤن سے ناصر دادا اور محمد اسلم، کورنگی سے امام حسین ہمدم، آرگنائزر ضلع شرقی 1 درکن مرکزی پبلک ایڈ کمیٹی محمد سلمان، نائب صدر مرکزی پبلک ایڈ کمیٹی بلال جاند، اور ڈپٹی آرگنائزر محمد کاشف الطاف سمیت دیگر اہم عہدیداران وکارکنان نے بھرپور شرکت کی۔ بچو دیوان کے اس دورے کو پارٹی کارکنان نے نئی توانائی، جذبے اور اتحاد کی علامت قرار دیا، جو ضلع کیماڑی سمیت پورے کراچی میں تنظیمی سرگرمیوں کو نئی سمت دے

بقیہ | بقیہ جات | 26

سے نمٹنے کے لئے احتیاطی تدابیر پر تفصیلی بریفنگ، مون سون میں دریا میں طغیانی سے نقصانات بالخصوص حالیہ جنگی صورتحال میں دشمن کی طرف سے بارودی مواد سے بچاؤ کیلئے اقدامات بارے آگاہی، صحافی مستند اور جاندار محتاط رپورٹنگ سے عوام کو فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔ تربیتی ورکشاپ میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر سول ڈیفنس سردار تنظیم اختر، جمال علی سجانی چیف انسٹرکٹر، سید اخلاق حسین شاہ بن ڈسپوزل کمانڈر کوٹلی، اکرام ربانی انسٹرکٹر، عمر اویس ہاشمی سیکٹر وارڈن نے مختلف مواقع پر احتیاطی تدابیر اور اقدامات کے حوالہ سے میڈیا اور عوام کے کردار کے حوالہ سے روشنی ڈالی گئی۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ سول ڈیفنس کی طرف سے ڈسٹرکٹ پریس کلب کوٹلی میں تربیتی ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ تربیتی ورکشاپ میں قدرتی آفات، جنگی صورتحال اور مون سون میں دریا میں طغیانی کے حوالہ سے تفصیلی آگاہ کیا گیا۔ شرکا کو جنرل حفاظتی تدابیر سے آگاہی دی گئی۔ اس حوالہ سے محکمہ کی طرف سے جاری پمفلٹ بھی شرکا میں تقسیم کئے گئے۔ انسٹرکٹر اکرام ربانی

صحافی کارکنوں کی جبری برخاستگی پر صحافی برادری کو ہر ممکن مدد فراہم کرینگے: عظمیٰ بخاری

پنجاب اسمبلی پریس گیلری کمیٹی کا روزنامہ آواز کی بندش اور روزنامہ جنگ سے کارکن صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی جبری برخاستگیوں کیخلاف اسمبلی اجلاس کا بائیکاٹ

سپیکر ملک محمد احمد خان نے صحافیوں سے مذاکرات کیلئے رانا ارشد، سردار شیر علی گورچانی اور راحیلہ خادم حسین پر مشتمل تین رکنی کمیٹی تشکیل دی

لاہور (خبر نگار) پنجاب اسمبلی پریس گیلری کمیٹی کی جانب سے روزنامہ آواز کی بندش اور روزنامہ جنگ سے کارکن صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی جبری برخاستگیوں کے خلاف اسمبلی اجلاس کا بائیکاٹ کیا گیا۔ روزنامہ آواز کی بندش اور جنگ سے کارکن صحافیوں کی جبری برخاستگی کے خلاف ہونے والے بائیکاٹ کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ کے سیکرٹری جنرل اور پریس کلب کے صدر ارشد انصاری اور پنجاب یونین آف جرنلسٹ کے سیکرٹری جنرل قمر الزمان بھٹی خصوصی طور پر شریک ہوئے۔ پریس گیلری کے احتجاج کے خاتمے کیلئے سپیکر کی جانب سے تین رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی جبکہ (بقیہ نمبر34)

پاکستان میں اتحاد و یکجہتی کی فضا ہر سطح پر موجود ہے: بلال یاسین

محرم کے تقدس کے احترام اور بین المسالک ہم آہنگی فروغ کیلئے علماء و آئمہ کا کردار روز روشن کی طرح نمایاں ہے۔ صوبائی وزیر پنجاب بلال یاسین

تمام مکاتب کے علماء کرام کا جذبہ امن لائق تحسین ہے، قیام امن اور مذہبی رواداری کا فروغ ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ کمشنر لاہور ڈویژن

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین اور چیئرمین علماء اتحاد کونسل پاکستان علامہ حافظ طاہر محمود اشرفی کی زیر صدارت محرم الحرام کے حوالے سے اتحاد بین المسلمین کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس میں کمشنر لاہور زید بن مقصود، سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ، آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا، ڈی آئی جی آپریشنز ڈاکٹر فیصل کامران، سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید اور لاہور سمیت پوری لاہور ڈویژن اضلاع کے جید علماء کرام، آئمہ عظام، امن کمیٹیوں کے اراکین اور ضلعی انتظامیہ کے افسران نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین نے کانفرنس کے شرکاء (بقیہ نمبر35)

لاہور: چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی لاہور ڈویژن انتظامیہ کی طرف سے ہونے والے اتحاد بین المسلمین کانفرنس کی صدارت کر رہے ہیں، صوبائی وزیر بلال یاسین بھی موجود ہیں

مقبوضہ جموں و کشمیر میں 1989 سے اب تک 22 ہزار 983 خواتین بیوہ ہوئیں

1989 سے اب تک 8 ہزار کے قریب شہری بھارتی فوجیوں اور پولیس اہلکاروں کی تحویل میں غائب کر دیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) آج جب دنیا بھر میں بیوہ خواتین کا دن منایا جا رہا ہے، کشمیری خواتین کو بھارتی فوجیوں اور ایجنسیوں کی طرف سے مسلسل مظالم کا سامنا ہے۔ … اب تک 22 ہزار 983 خواتین بیوہ ہوئیں جن کے شوہروں کو بھارتی فوجیوں اور پولیس اہلکاروں نے جعلی مقابلوں میں یا دوران حراست شہید کیا ہے۔ رپورٹ …

لاہور: ہائیکورٹ میں بانی پی ٹی آئی کی 9 مئی کے مقدمات میں ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کے موقع پر پنجاب اسمبلی کے اراکین و دیگر احاطہ عدالت میں کھڑے ہیں

ویمن یونیورسٹی ملتان میں تعزیتی اجلاس

سابق وائس چانسلر ڈاکٹر فرخندہ منصور کی خدمات کو سراہا گیا

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی ملتان میں تعزیتی اجلاس، سابق وائس چانسلر ڈاکٹر فرخندہ منصور کی خدمات کو سراہا گیا ترجمان کے مطابق ویمن یونیورسٹی ملتان کی سابق وائس چانسلر ڈاکٹر فرخندہ منصور کے انتقال پر ایک تعزیتی اجلاس منعقد کیا گیا جس کی صدارت پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ نے کی اجلاس میں تمام فیکلٹی ممبران، رجسٹرار خزانہ دار اور تمام افسران نے شرکت کی اجلاس (بقیہ نمبر36)

گھریلو، صنعتی صارفین کو ریلیف دینے کیلئے ٹیرف میں توازن لانے کی سکیم تیار

لاہور (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے قیام کے دوسرے سال میں توانائی کے شعبے میں اصلاحات کے باعث … 86 ارب روپے …

رپورٹ کے مطابق پنجاب حکومت کی 10 کھرب روپے کی کرپشن سامنے آئی ہے، احمد خان بھچر

54 صفحات پر بجٹ کے نام پر جھوٹ کا پلندا چھاپا گیا، احتجاج کرنا ہمارا بنیادی حق ہے، قائد حزب اختلاف

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف احمد خان بھچر نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہے، 54 صفحات پر بجٹ کے نام پر جھوٹ کا پلندا چھاپا گیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پنجاب حکومت کی 10 کھرب روپے کی کرپشن سامنے آئی ہے۔

ایران پر امریکی حملے بین الاقوامی قانون کی کھلی خلاف ورزی ہیں

انجمن شرعی شیعیان

سری نگر (این این آئی) … ایران پر امریکی حملے … قانون کی کھلی خلاف ورزی اور عالمی اداروں کی توہین ہیں جس سے پہلے سے ہی غیر مستحکم خطہ مغربی ایشیا میں حالات مزید خراب ہو گئے۔

محرم الحرام، بلدیاتی اداروں کو خصوصی ہدایات جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ بلدیات نے محرم الحرام کے لئے بلدیاتی اداروں کو ہدایات جاری کر دیں۔ محرم کے جلوس کے راستے سے تمام تجاوزات فوری ہٹانے کا حکم دے دیا، جلوس کے راستے میں صفائی ستھرائی کے اعلیٰ انتظامات کرنے کی ہدایت کر دی، جلوس کے راستے کی سٹریٹ لائٹ فعال رکھیں، وال چاکنگ ختم کرنے کی ہدایت کر دی۔ محکمہ بلدیات کے مطابق محرم کے جلوس کے راستے میں سڑکوں کی مرمت مکمل کریں

لیسکو کرپشن انکوائری: ایف آئی اے نے متعدد افسران و اہلکار معطل کر دیے

وزارت داخلہ کی ہدایت پر ایف آئی اے نے درجنوں افسران کو معطل کر کے ہیڈکوارٹر کلوز کر دیا

لاہور (زیڈ این این) لیسکو میں کرپشن الزامات پر جاری انکوائری کے سلسلے میں اہم پیش رفت سامنے آ گئی ہے۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے مختلف عہدوں پر تعینات متعدد افسران و اہلکاروں کو معطل کر کے ہیڈکوارٹر کلوز کر دیا ہے۔ اس اقدام کا باضابطہ مراسلہ وزارت داخلہ و انسداد منشیات کی جانب سے جاری کیا گیا۔ معطل ہونے والوں میں ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے میاں صابر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ندیم اختر، ام البنین نقوی، شیراز عمر، ذیشان کھوکھر، رانا فیصل، زوار احمد، نعیم اختر اور انسپکٹر محمد نعمان رضا، میمونہ حمید شامل ہیں۔ اسی طرح سب انسپکٹرز ذیشان قاسم، سہیل سلامت، فاروق اکرم، امتیاز نیازی، زاہدہ پروین، رانا افضل، تصدق حسین، محمد علی عارف اور راشد علی سلیمی کو بھی معطل کر دیا گیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر لاہور کی قیادت میں کلین لاہور مشن کے تحت کارروائیاں جاری

صفائی، تجاوزات اور بصری آلودگی کے خلاف آپریشن، شہریوں کو صاف ماحول فراہم کرنا اولین ترجیح ہے

لاہور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی قیادت میں … صفائی، تجاوزات اور بصری آلودگی کے خلاف آپریشن …

لاہور، پولیس اہلکاروں نے نوکری کا جھانسہ دیکر لڑکی سے 5 لاکھ بٹور لیے

لاہور (این این آئی) لاہور میں پولیس اہلکاروں نے نوکری کا جھانسہ دے کر … 5 لاکھ روپے …

کراچی، کوئٹہ سے لاہور آنے والی متعدد ٹرینوں کا شیڈول تبدیل

ملت، پاکستان، علامہ اقبال، جعفر اور شاہ حسین ایکسپریس مقررہ وقت سے تاخیر کا شکار

ڈی ایس ریلوے کی ہدایت پر اسٹیشن پر پسنجر فیسیلیٹیشن عملہ مسلسل موجود رہے گا، حکام

لاہور (زیڈ این این) کراچی اور کوئٹہ سے لاہور، فیصل آباد اور راولپنڈی آنے والی چند مسافر ٹرینوں کے شیڈول میں تبدیلی کی گئی ہے۔ ریلوے ذرائع کے مطابق متعدد ٹرینیں اپنے مقررہ وقت کی بجائے تاخیر سے مختلف اسٹیشنوں پر پہنچیں گی۔ ترجمان کے مطابق: کراچی سے فیصل آباد کر لالہ موسیٰ جانے والی 17-اپ ملت ایکسپریس دوپہر 00:12 بجے کے بجائے 25:1 بجے فیصل آباد پہنچے گی۔

ذیشان رفیق کا پنجاب اسمبلی کے بجٹ سیشن سے خطاب

جب یہ پروگرام شروع ہوا تو کچھ حلقوں نے تنقید کی کہ یہ شاید غیر ملکی منصوبہ ہو گا لیکن الحمدللہ اب ثابت ہو گیا کہ یہ سو فیصد مقامی انڈسٹری پر مشتمل منصوبہ ہے

محکمہ بلدیات کا صوبائی امور چلانے میں بڑا اہم کردار ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز کو متوازن اور عوامی بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، وزیر بلدیات

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے پنجاب اسمبلی کے بجٹ سیشن میں اپنے محکمے سے متعلق اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کو متوازن اور عوامی بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ محکمہ بلدیات کا صوبائی امور چلانے میں بڑا اہم کردار ہے جو ماضی میں نظر انداز کیا گیا تاہم وزیراعلیٰ مریم نواز نے نئے مالی سال کے بجٹ میں محکمہ بلدیات کو 122 ارب کی ایلوکیشن کی۔ امسال محکمہ بلدیات میں فنڈز کا استعمال نوے فیصد رہا۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ہر شہر اور ہر گاؤں میں صفائی کا نیٹ ورک موجود ہے۔ عیدالاضحیٰ پر ستھرا پنجاب پروگرام کے فوائد پوری (بقیہ نمبر 37)

پبلک سروس کمیشن کے زیر اہتمام اے سی و دیگر اسامیوں کے امتحانات جاری

محکمہ صحت، خزانہ، معدنیات سمیت دیگر محکموں میں بھرتیوں کیلئے تحریری امتحانات کا انعقاد کیا گیا

لاہور (زیڈ این این) پنجاب پبلک سروس کمیشن کے زیر اہتمام اسسٹنٹ کمشنر (اے سی)، سیکشن افسر اور دیگر اسامیوں کے لیے تحریری امتحانات کا سلسلہ جاری ہے۔ مختلف محکموں کی بھرتیوں کے سلسلے میں امیدواروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ امتحانات کی مؤثر نگرانی کے لیے پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ممبران نے لاہور سمیت مختلف شہروں میں قائم امتحانی مراکز کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ سیکرٹری پنجاب پبلک سروس کمیشن افضال احمد نے بھی مختلف مراکز پر جا کر امتحانی سہولیات، سیکیورٹی، نظم و ضبط اور امتحانی عملے کی کارکردگی کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ممبر پنجاب پبلک سروس کمیشن شعیب طارق وڑائچ نے بھی لاہور میں قائم مراکز کا دورہ کیا۔

لاہور ہائیکورٹ میں بانی پی ٹی آئی کی 9 مئی کے مقدمات میں ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کے بعد پارٹی رہنما عالیہ حمزہ وکلاء کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

لاہور: وزیر بلدیات ذیشان رفیق سول سیکرٹریٹ میں پنجاب سٹیز پروگرام کے ایک جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

موجودہ قیادت تحریک انصاف کو نہیں چلا پا رہی، عمران خان سیاسی لوگوں کو آگے لے کر آئیں: فواد چودھری

ایران میں رجیم چینج بڑا نقصان ہوگا، ہمیں ہر صورت میں اپنے ایرانی دوستوں کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے، میڈیا سے گفتگو

انسداد دہشت گردی عدالت لاہور میں 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کے 5 مقدمات میں فواد چودھری کی عبوری ضمانتوں میں توسیع

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ موجودہ قیادت تحریک انصاف کو نہیں چلا پا رہی، بانی پی ٹی آئی عمران خان سیاسی لوگوں کو آگے لے کر آئیں۔ انسداد دہشت گردی عدالت لاہور کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چودھری کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کی موجودہ قیادت بیرون ملک میں بیٹھی ہے، ہم اور کارکن عدالتوں میں کیسز کا سامنا کر رہے ہیں، موجودہ قیادت تحریک انصاف کو نہیں چلا پا رہی۔ انہوں (بقیہ نمبر33)

راولپنڈی: ننکاری بازار میں دکاندار نے مختلف قسم کے اچار فروخت کیلئے سجا رکھے ہیں

کراچی، خاتون منشیات فروشوں کا نیٹ ورک سرگرم، ٹک ٹاکر بابرہ گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں خواتین کے منظم منشیات فروش نیٹ ورک کی سرگرمیاں بے نقاب ہوگئیں، پولیس نے ڈیفنس اور پوش علاقوں میں منشیات سپلائی کرنے والی ٹک ٹاکر بابرہ عرف بیبو بلوچ کو گرفتار کر لیا۔ ملزمہ سے آئس (کرسٹل میتھ) برآمد کی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق ابتدائی تفتیش میں ملزمہ نے منشیات کی سپلائی کے لیے سوشل میڈیا، خاص طور پر ٹک ٹاک اور انسٹاگرام کے استعمال کا انکشاف کیا ہے۔ ملزمہ نے بتایا کہ وہ پوش علاقوں میں پارٹیوں کے دوران منشیات فراہم کرتی تھی۔

ڈکیتی، چوری و منشیات میں ملوث 20 خطرناک ملزمان گرفتار

ڈولفن اسکواڈ نے موٹر سائیکل، موبائل، اسلحہ، منشیات برآمد کر کے ملزمان کو قانون کے سپرد کیا

616 عادی مجرم، 39 اشتہاری، 28 عدالتی مفرور اور درجنوں ون ویلرز بھی گرفتار کیے گئے

لاہور (زیڈ این این) ایس پی ڈولفن ارسلان زاہد کے مطابق لاہور میں ڈکیتی، چوری اور دیگر جرائم میں ملوث 20 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 07 موٹر سائیکلیں اور 09 موبائل فونز برآمد کیے گئے ہیں۔ پولیس نے ہیلپ لائن پر موصول 110 شہری کالز پر فوری رسپانس دے کر بروقت کارروائیاں کیں۔ ایس پی ارسلان زاہد نے بتایا کہ ڈولفن اسکواڈ اور پی آر یو کی مشترکہ پٹرولنگ کے دوران 39 اشتہاری مجرموں سمیت 616 عادی جرائم پیشہ افراد اور 28 عدالتی مفروران کو گرفتار کیا گیا۔

محرم الحرام کے دوران سکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات یقینی بنائے جا رہے ہیں: خواجہ سلمان رفیق

تمام مکاتب فکر محرم الحرام مذہبی عقیدت و احترام اور پُرامن انداز میں گزارنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں

محکمہ داخلہ پنجاب میں قائم مرکزی کنٹرول روم صوبہ بھر سے رپورٹ لے رہا ہے: ڈاکٹر احمد جاوید قاضی صوبائی سیکرٹری داخلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت ڈیرہ غازی خان میں اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی، ایڈیشنل آئی جی چوہدری سلطان اور ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب محمد کامران خان نے شرکت کی۔ ایڈیشنل آئی جی سپیشل برانچ راؤ عبدالکریم اور ڈی آئی جی سی ٹی ڈی عثمان گوندل نے بھی (بقیہ نمبر32)

حکومت کی پالیسیاں مکمل طور پر کسان دشمن ہیں: رشید منہالہ

لاہور (این این آئی) کسان بورڈ پاکستان وسطی پنجاب کے صدر میاں رشید منہالہ نے کہا ہے کہ حکومت کی پالیسیاں مکمل طور پر کسان دشمن ہیں، نالائق وزراء اور مشیران زراعت اور دیہی معیشت کو تباہ کرنے پر تلے ہوئے ہیں، نئے مالی سال کے بجٹ میں زرعی آمدن پر ساڑھے 10 ارب روپے کا ٹیکس ہدف مقرر کر دیا گیا ہے جو رواں مالی سال کی نسبت 200 فیصد زیادہ ہے اور یہ اقدام کسانوں کے معاشی قتل کے مترادف ہے۔

راولپنڈی: مری روڈ کنارے بیٹھے ڈھولچی گاہکوں کی راہ دیکھ رہے ہیں

بھاٹی گیٹ: پسند کی شادی پر باپ نے بیٹی اور داماد کو قتل کر دیا

حاملہ بیٹی کو پیٹ اور آنکھوں میں گولیاں ماریں، نکاح کے ڈیڑھ ماہ بعد اندوہناک قتل

پولیس نے مقدمہ درج کر کے چھاپے مارنے شروع کر دیے، قاتل تاحال مفرور ہیں

لاہور (زیڈ این این) لاہور کے علاقے بھاٹی گیٹ میں پسند کی شادی ایک اور اندوہناک المیے کا سبب بن گئی۔ اطلاعات کے مطابق نفیسہ نامی حاملہ لڑکی نے اپنی مرضی سے نوجوان کے ساتھ عدالت میں نکاح کیا اور گجومتہ کے علاقے میں کرایہ پر مکان لے کر شوہر کے ساتھ ہنسی خوشی زندگی گزار رہی تھی۔ نکاح کے ڈیڑھ ماہ بعد لڑکی کا باپ اپنے بھائیوں کے ہمراہ نفیسہ کے گھر پہنچا اور بیٹی کو انتہائی سفاکی سے چھ گولیاں ماریں، جن میں دو گولیاں اس کے پیٹ اور آنکھوں پر ماری گئیں۔

لاہور: ایک شخص نے اپنے گھوڑے کو گوالمنڈی کے سامنے ڈیوائیڈر پر باندھ رکھا ہے

آئی جی پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر میں ہفتہ وار جنرل پریڈز جاری

پولیس اہلکاروں کا چاق و چوبند مارچ پاسٹ، ڈسپلن اور فٹنس کے معیار کا مظاہرہ

پریڈز کا مقصد فورس میں اتحاد، نظم و ضبط اور جسمانی فٹنس کو فروغ دینا ہے، ترجمان

لاہور (زیڈ این این) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر لاہور سمیت صوبہ بھر میں ہفتہ وار جنرل پریڈز کا باقاعدہ انعقاد جاری ہے۔ اس سلسلے میں پولیس لائنز لاہور میں بھی جنرل پریڈ کا انعقاد کیا گیا، جس میں سینئر پولیس افسران نے شرکت کی اور پریڈ کا معائنہ کیا۔ پریڈ میں پولیس لائنز، ڈولفن فورس، اینٹی رائٹ فورس، ٹریفک پولیس، مجاہد سکواڈ، ایس پی یو، لیڈیز پولیس، او سی یو، انویسٹی گیشن اور آپریشن ونگز کے افسران اور اہلکاروں نے شرکت کی۔ پریڈ کے دوران افسران کو سلامی پیش کی گئی، اور چاق و چوبند دستوں نے مارچ پاسٹ کا مظاہرہ کیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق، جنرل پریڈ میں خواتین اہلکاروں نے بھی بھرپور حصہ لیا جبکہ سینئر افسران نے پریڈ میں شریک افسران و اہلکاروں کا ٹرن آؤٹ بھی چیک کیا۔

کوئٹہ، نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے سیکیورٹی گارڈ جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے قمبرانی روڈ پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے سیکیورٹی گارڈ جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق کوئٹہ کے علاقے قمبرانی روڈ پر نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں نجی کمپنی کا سیکیورٹی گارڈ جاں بحق ہو گیا۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ضروری کارروائی کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا، جہاں مقتول کی شناخت حضور بخش کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس واقعہ کی چھان بین کر رہی ہے تاہم وجہ تاحال معلوم نہیں ہو سکی ہے۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور